برس کے نوروز کے شروع ہونے کا وقت مختلف مذاہب کے رہنماؤں نے اپنے اپنے مذہبی آئین کے مطابق الگ الگ اوقات پر قائم کیا ہے۔ اہل یورپ کا نوروز یکم جنوری سے اہل ہنود کا نوروز بحساب شمس یکم بیساکھ کو اور بحساب قمر چیت شدی یکم کو (برہما جی نے برہمانڈ کو پیدا کیا تھا) اہل نجوم کے حساب سے جب سورج ۱۲ راشیوں کی گردش کرتا ہوا میکھ راشی پر یا برج حمل پر پہنچتا ہے تو وہ دن نوروز ہوگا۔ اہل اسلام کا نوروز یکم محرم ہوتا ہے۔ اس کو گراہ بھی کہتے ہیں۔ اہل یونان کا نوروز یکم حمل سے شروع ہوتا ہے۔ یہ وہ مبارک وقت ہے جب آفتاب اپنے محور پر سیدھی رفتار سے بارہ راشیوں میں گردش کرتا ہوا ایک سال کے بعد پھر نکتہ اعدال کے عین مشرق میں برج حمل میں داخل ہوتا ہے۔ اس مبارک وقت سے اہل یونان نوروز کا آغاز کرتے ہیں۔ اہل یونان اور علم جفر کے عالموں کے نزدیک یہ وقت بہت مبارک ہوتا ہے۔ اس وقت عملیات اور تعوزیرات کا تیار کرنا نہایت متبرک اور پر تاثیر مانا گیا ہے۔

تحویل آفتاب پر نقطہ اعدال

اہل یونان کے حساب سے خصوصی تاثیرات کو ظہور داخلہ اس سال ۲۰ مارچ ۲۰۰۸ء وبروار کو چودش تتھ پورباپھالگنی نچھتر بروقت شول یوگ دوپہر ۱۱ بجکر ۱۸ منٹ پر تحویل آفتاب برج حمل نقط اعدال میں داخل ہوگا۔ وبروار کو داخل ہونے سے بادشاہ سال برہسپت ہوگا۔ زائچہ نوروز میں بادشاہ سال برہسپت ساتویں خانہ میں اگرچہ اپنی ہی راشی کا ہوکر پڑا ہے۔ لیکن اس پر منگل کی ناقص (ساتویں) نظر پڑ رہی ہے۔ زائچہ نوروز میں متھن (جوزہ) لگن طلوع ہوا ہے۔ لگن کا مالک بدھ دسویں خانہ میں مینچ راشی کا ہوکر پڑا ہے۔ زائچہ نوروز یونان اور زائچہ ہند کی کنڈلیوں میں پڑے گرہوں کے مطابق اسلامی ممالک خاص کر پاکستان، افغانستان، بنگلہ دیش، عراق وغیرہ ملکوں میں سیاسی اور سماجی طور پر اہم تبدیلیاں دیکھنے کو ملیں گی۔ ان ملکوں کے درمیان، بہت سے مقاموں پر دھماکہ خیز وارداتیں وقعہ ہونگی۔ انتہاپسند گروپ حکومت کے خلاف جہاد جیسا ماحول بنائے رکھیں گے۔ امریکی حکومت کے خلاف انتہاپسند اسلامی گروپ اپنی جنگ جہاد جاری رکھنے کی کوششوں میں رہیں گے۔ منگل کی نظر کی وجہ سے پاکستان عراق افغانستان وغیرہ ممالک میں راجنیتک (سیاسی) لیڈروں اور عام جنتا کے درمیان جھگڑے فسادات آتش اور قتل کی وارداتیں بہت ہوں۔ بادشاہ برہسپت کی وجہ سے لوگوں میں دھرم اور مذہب کی جانب بھی خاص دلچسپی ہوگی۔

سنیچر اور بدھ کا کھٹاشٹک ہونے سے پاکستان عراق وغیرہ مسلم ملکوں کے اندرونی حالات بگڑیں گے۔ پاکستان کے سیاسی حالات ادر پیچیدہ اور غیر یقینی ہونگے۔

زائچہ نوروز عالم ۱۱/۱۸
بادشاہ سال برہسپت اہل یونان

۱ سورج — ۲ — ۳ منگل — ۴ کیتو — ۵ سنیچر کیتو — ۶ — ۷ — ۸ — ۹ برہسپت — ۱۰ — ۱۱ راہو — ۱۲ بدھ شکر

زائچہ نوروز ۹/۲۵
بادشاہ سال سورج اہل ہند

۱ — ۲ — ۳ منگل — ۴ — ۵ سنیچر کیتو — ۶ — ۷ — ۸ — ۹ برہسپت — ۱۰ — ۱۱ راہو — ۱۲ بدھ سورج راہو شکر

اندرونی جھگڑے اور فسادات اور سیاسی پارٹیوں میں اُلجھنیں وٹکراؤ پیدا ہونگے۔

بادشاہ سال برہسپت یعنی مشتری ایک بوڑھے براہمن کی گول شکل لئے ہوئے، سونے یا سونے جیسی دھات (پیتل وغیرہ) کے مرغ کی سواری کئے ہوئے۔ ہاتھ میں سونے یا پیتل کے بعض بنے ہوئے۔ پوشاک بہ رنگ زرد۔ سر پر پروں کی کلغی، کندھے پر دوشالہ برہ رنگ زرد پہنے ہوئے ہوگا۔ برہسپت فلک شیئر اور جنوب سمت کا مالک ہوگا۔ اس کی خوراک میواجات بہ رنگ، بادام، دودھ سے بنی کھیر، بیس کی برفی، رنگ برنگی مٹھائی، پھل میں کیلے، امرود، سیب اور پپیتا ہوگا۔

عمل تحویل آفتاب کا مبارک وقت بھارتیہ سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ۱۱ بجکر ۱۸ منٹ سے شروع ہوگا۔ اس مبارک وقت کا اثر آدھی رات کے ۱۱ بجکر ۱۸ منٹ سے ۱۲ بجکر ۳۵ منٹ تک رہے گا۔ اس عرصہ میں عمارات اور تعویز تیار کرنا بڑا کی پر بھاوشالی (پُر تاثیر) ہوتا ہے۔ عامل ہو چاہئے کہ بروقت تحویل پاک اور صاف ہوکر ایک الگ کمرے میں بیٹھ جائیں۔ دوسرا کوئی آدمی وہاں نہ ہو۔ کمرے میں صندل سفید جلا کر مشرق کی جانب منہ کر کے بیٹھ جائیں اور اپنے اشٹ دیوتا کا دھیان کر کے بھوجن پتر یا سفید کاغذ پر ذیل کے تعویزوں میں سے کوئی تعویز مور کے پتر کے قلم سے اشٹ گندھ کے گول سے لکھ کر پاس رکھیں۔ اس سے دُنیاوی مشکلات حل ہونگی۔ اشٹ گندھ سُرخ اور سفید چندن مُشک کافور، خس، اگر، اگر کستوری) گنگا جل میں گھول کر استعمال میں لائیں۔

کچھ کارآمد جنتر

محبت کے لئے

۲	۴	۶	۸
۸	۶	۴	۲
۴	۲	۸	۶
۶	۸	۲	۴

روزگار کی ترقی کیلئے

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۶	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

قرضہ سے نجات کیلئے

		۶	
۱	۱۰	۹	
	۸	۵	۷
	۲		

سمت ۲۰۶۵ (2008-09) کے بادشاہ وزیر وغیرہ کے ثمرہ

(۱) بادشاہ سال سُورج (شمش) :۔ ملک کے کچھ حصوں میں مفید بارش کی قلت ہوگی۔ گائے بھینس وغیرہ مویشی دودھ تھوڑا دیں۔ عام لوگوں میں جھگڑے فساد، اقتصادی دیگر پریشانیاں اور مشکلات زیادہ درپیش ہوں درختوں پر پھل پھول اور موسمی پھل کم لگیں۔ دھان گنے کپاہ وغیرہ کی پیداوار تھوڑی ہو۔ چوری ڈکیتی لوٹ مار بے ایمانی کی وارداتیں زیادہ ہونگی۔ ریل۔ ہوائی حادثہ اور دیگر گاڑیوں کے حادثات زیادہ پیش آئیں۔ مذہبی فرقہ وارانہ تنازعات زیادہ ہوں۔ کسی سیاسی لیڈر کی اچانک وفات ہو۔ لوگوں کی مزاج میں تلخی وغصہ زیادہ ہوں۔ دھوکہ اور فریب بھی زیادہ ہوں زراعت اور فصلی پیداوار کم ہوں۔ موسمی میوہ جات کی پیداوار کم رہے۔ غلہ گراں رہے۔ ملک میں بدامنی اور بے چینی بہت ہو۔ سرحدی علاقوں کے انتظام حکومت میں کچھ تغیر و تبدل واقع ہونگے۔ ارضی و سمادی حادثات بہت ہوں۔ بیوپار تجارت پیشہ لوگوں کو اچھا منافع ہو۔ دھرم کی طرف لوگ توجہ کم رکھیں۔

کچھ علاقوں میں بادشاہ سال چندرماں

جن صوبوں اور شہروں میں ۷ر اپریل ۲۰۰۸ء سوموار کو طلوع آفتاب چیت شدی یکم کا ختم (۶ بجکر ۹ منت اور ۲ سیکنڈ) سے پہلے ہوگا وہاں پر سوموار طلوع آفتاب کے وقت چیت شدی ایکم ہونے سے سال کا راجہ چندرماں ہوگا۔ اسکی تفصیل آئندہ کے صفحوں پر دے دی گئی ہے۔ مختصر سے بادشاہ چندرماں کا پھلا دیش اس طرح سے ہوگا۔

نوٹ : بھارت کے کن شہروں و صوبوں میں بادشاہ سال سُورج اور کن شہروں میں بادشاہ سال چندرماں ہوگا۔ اس کی تفصیل آئندہ صفحوں پر ملاحظہ فرمائیں۔

بادشاہ قمر یعنی چندرماں :۔ جس برس بادشاہ قمر یعنی چندرماں ہو۔ اُس سال میں بارش اچھی ہو۔ زراعت اور فصلوں کی پیداوار عمدہ ہو۔ دھان، چاول، موسمی پھل، اور میوہ جات۔ درختوں کا ثمرہ اور گنے (ایکھ) گھاس دیگر رسدار چیزوں کی پیداوار اچھی ہوگی۔ لوگوں میں دھارمک جلوس وجشن اور مذہبی پرچار زیادہ ہونگے۔ آرام و عیش و عشرت کے ساز و سامان کا استعمال زیادہ ہوگا۔ حکمران اور رعایا کے درمیان اتحاد بڑھے۔ دُودھ دہی، روئی چاول، وغیرہ چیزوں کی پیداوار اچھی رہے۔ لوگوں میں امراض بلغم کھانسی، اور سانس وغیرہ کی شکائیت زیادہ رہے۔ دماغی بیماریاں، شوگر، کف، شکر مرگی کی بیماریاں اور دیگر پیچیدہ بیماریاں زیادہ ہوں۔ ہر ادارے میں عورتوں کی حصے داری میں اضافہ ہوگا۔

(۲) وزیر سال شمش یعنی سورج:۔ جس برس سال کا وزیر سورج ہو تو اس برس شاہی طاقتوں یعنی سیاسی لیڈروں میں آپسی رنجش ٹکراؤ بڑھیں۔ خطرناک اور ہنگامی واقعات بہت ہوں۔ زمین پر دھن دولت اور عیش و عشرت کے ساماں زیادہ بڑھیں۔ ملک کے زیادہ تر لیڈر خوف زدہ رہیں۔ چور، لٹیروں اور پیچیدہ بیماریوں کی بہتات رہے۔ پینے کا پانی، دودھ، تیل، ایکھ، پھل سبزیاں وغیرہ رسدار پھلوں اور سبزیوں کی کمی رہے۔ ضروری اشیاء کے نرخوں میں تیزی کا عالم رہے۔ اور عام لوگوں میں گہری تشویش ہو۔

خیال رہے جب سال کا بادشاہ اور وزیر ایک ہی گرہ ہو تو ملک میں خطرناک قسم کے واقعہ ہوتے ہیں۔ ملک کے زیادہ تر لیڈر مطلب پرست۔ خود مختار اور من مانا برتاؤ رکھیں گے۔ ملک کے کچھ حصوں میں آگ زنی بھونچال سیلاب وغیرہ آسمانی قہر اور کہیں فرقہ وارانہ فساد ہونے کا اندیشہ ہوگا۔ کہیں بارشی میں کمی اور گرمی زیادہ ہوگی۔ زیادہ تر لوگوں میں غصہ اور جوش کی وجہ سے قاتلانہ وارداتیں زیادہ ہوں۔ دماغی بیماریں اور دہشت گردی کی وارداتیں زیادہ واقعہ ہونگی۔ سمادی اور پولٹیکل حالات غیر یقینی رہیں گے۔

(۳) زراعت (فصلوں کا مالک بدھ)۔ ہونے سے اس برس بارش اچھی اور فصلوں کے لئے مفید ثابت ہوں۔ ملک میں ترقی اور آرام کے ذریعات میں اضافہ ہو۔ دہشت گردی اور قاتلانہ واقعات میں بنسبت کمی ہو۔ براہمن اور نیک چلن والے لوگ وید پاٹھ یگ، وغیرہ کے کاموں کی جانب زیادہ توجہ دینگے۔ گندم، چنا، باجرا، مکہ، سورج مکھی وغیرہ کی پیداوار اچھی ہو۔ روئی کپاس بھُٹیھ چاول، کھل بنولے میدہ وغیرہ کی خرید کر کے ساون بھادوں میں فروخت کرنے سے اچھا منافع ہو۔

(۴) غلہ (دھان) کا مالک چندرماں۔ ہونے سے ملک میں مردم شماری (Population) کی تعداد میں خاص اضافہ ہوگا۔ موسم سرد کی فصلیں جیسے دھان، چاول، گنا، دودھ کپاہ وغیرہ چیزوں کی پیدوار میں اضافہ ہو۔

(۵) بارش کا مالک سنیچر۔ ہو تو زمین پر نامفید بارش ہو۔ یعنی کہیں بہت زیادہ اور کہیں بہت تھوڑی بارش ہو۔ یا بارش کی قلت رہے۔

ہیں زیادہ بارش کی وجہ سے سیلاب وغیرہ سے جان ومال کے نقصانات ہونے کا خوف ہو۔ لوگ کوئی طرح کے عجیب وغریب بیماریوں سے متاثر ہونگے۔ مہنگائی کی وجہ سے زیادہ تر لوگ دُکھی رہیں۔

(۶) رسوں کا مالک برہسپت۔ ہو تو اس سال کے دوران دنیاوی عیش وآرام کے ذریعات میں اضافہ ہو۔ گھاس، تنکے، پھل، پھول اور دیگر رسدار چیزوں کی پیداوار اچھی ہو۔ عام لوگ، براہمن اور عالم فاضل لوگوں کی خدمت میں توجہ کریں۔ لیڈر لوگ ہاتھی گھوڑ واہن غاری وغیرہ سہولتوں کو حاصل کرنے میں کامیاب ہوں۔

(۷) دھاتوں کا مالک منگل ہونے سے مالک مونگا پکھراج وغیرہ نگینے، لال کپڑے، لال چندن، سونا، پیتل تانبہ لاکھ وغیرہ سرخ رنگ کی چیزوں کے نرخوں میں ہر دن تیزی ہوں

(۸) پھلوں کا مالک سنیچر ہو تو مختلف قسم کے پھلوں کی فصل کو نقصانات پہنچے۔ درختوں پر پھل پھول کی پیداوار کم رہے۔ پہاڑی علاقوں پر کہیں سے موسمی برف باری ہو اور بارشی ہونے سے مزید نقصان ہونگے۔ چوری ٹھگی، لوٹ مار، اور بے ایمانی کی وارداتیں زیادہ واقعہ ہونگے۔ پیچیدہ بیماریوں کی وجہ سے لوگ پریشان ہوں۔

(۹) دولت کا مالک منگل :۔ ہونے سے تجارتی چیزوں کے نرخوں میں خاص اُتار چڑھاؤ ہوں یعنی تجارت میں غیر یقینی حالات زیادہ رہیں۔ بے موسمی بارش کی وجہ سے گیہوں، جو، چنے، دھان وغیرہ کی فصلوں کو مزید نقصان پہنچے۔ پہلے سے سٹاک کی گئی تجارتی جنسوں کو کارتک میں بیچنے سے اچھا منافع ہو۔ زیادہ تر لیڈر رعایا کی پریشانیوں کا سبب ہیں۔

(۱۰) فوج کا مالک سنیچر : ہونے سے ایشیا کے بہت سے ممالک میں اندرونی دنگے اور فصادات کی وجوہات سے خوف زد لوگ دوسرے مقاموں پر جانے کے لئے مجبور ہو جائیں۔ لوگوں میں فرقہ وارانہ اور جنسی جھگڑے فصادات اور ٹکراؤ زیادہ ہوں۔ کہیں کیڑوں چوہوں، سیلاب یا پانی کی قلت یا قدرتی آفتوں کی وجوہات جان ومال کے مزید نقصانات درپیش ہوں۔

روہنی کا واس :۔ سندھی پر ہوگا جس سے ملک یکساں بارش نہیں ہوگی۔ یعنی کچھ علاقوں میں بہت زیادہ بارش ہونے سے سیلاب، زمین کا پھٹنا، کھڑی فصلوں کو نقصان، کچھ علاقوں میں براش کی کمی کی وجہ سے سوکھا پڑنے سے اناج میں کمی بھوک مری وغیرہ ہونے کا اندیشہ ہوگا۔ گندم، دھان، وغیرہ کے نرخوں میں تیزی ہوگی۔ کچھ صوبوں میں بارش کے باوجود گزارے لائق کھیتی کے ذریعات دستیاب ہونگے۔

سمت کا واس :۔ بنیا (ویشہ) کے گھر میں ہونے سے سال بھر دھن دولت کا پھیلاؤ زیادہ رہے گا۔ مہنگائی بڑھے گی۔ تجارت میں مطلب پرستی اور دھن دولت کا لالچ بڑھے گا۔ خرید و فروخت میں لگے ہوئے بیوپاری لوگ خاص طور سے فائیدہ مند ہونگے۔ امیر اور غریب کے درمیان اقتصادی فرق اور زیادہ بڑھ جائیگا۔ سب طرح کے اناج اور ضروریات روزمرہ زندگی کی چیزوں کے نرخوں میں خاص تیزی ہو جانے سے عام لوگوں میں گہری تشویش بڑھے گی۔

سمت کا واہن یعنی سواری۔ گھوڑی ہونے سے سال میں کھنڈ بر کھا یعنی کہیں بہت زیادہ بارش اور کہیں بہت تھوڑی بارش ہوگی۔ بہت سے صوبوں میں کہیں سیلاب، زمین کا کھسکنا، کھیتی (فصل) کو نقصان وغیرہ قدرتی قہر برپا ہوں۔ سیاسی اداروں میں اتھل پتھل یعنی غیر یقینی حالات رہیں۔ زیادہ تر لوگ بارہی (بناوٹی) سازوسامان میں مُبتلا رہیں گے۔

نو میگھوں میں کال نام کے میگھ کا پھل۔ کال نام کا میگھ آنے پر عام طور پر مدبر اور اچھے لوگوں دماغی پریشانیاں، جسمانی تکلیفیں اور دھن، دولت کی کمی ہونے دُکھی اور پیریشان رہیں۔ لیڈروں میں آپسی رنجش اور ٹکراؤ کے حالات بنیں گے۔ بارش میں کمی رہے۔

بارہ (۱۲) ناگوں میں برکھ نام ننگ کا پھل۔ برکھ نام کا ناگ راجا ہونے سے برس میں اناج وغیرہ کی فصلیں تھوڑی ہوں کیڑے، مکوڑے پتنگے، ٹیڈی دل، اور زہریلا ماحول وغیرہ قدرتی علامتوں کے اثرات زیادہ ہونگے۔

سنیچر کی نظر :۔ سال ۲۰۰۸ کے دوران سنیچر سنگھ راشی میں ہی گردش کریگا۔ اس راشی میں گردش کے دوران سنیچر برتھ کلبھ راشیوں پر خاص نظر رکھے گا اور کرک سنگھ وکنیا راشی والے شخصوں اور ملکوں پر سنیچر کی ساڑھ ستی کا خاص اثر ہوگا۔ اوپر لکھی راشیوں پر زیر نظر سنیچر دنیا کے دکھن، پچھم حصوں پر خاص نظر رکھے گا۔ اُسکے مطابق آئندہ سال پاکستان، امریکہ، روس، چین، نیوزی لینڈ، افغانستان، برما، نیپال بھارت وبنگلہ دیش وغیرہ کے اندرونی حالات کشمکش کن اور پریشان کن رہیں گے۔ پاکستان، افغانستان، عراق وغیرہ مسلم ملکوں کے اندرونی حالات بگڑیں گے۔ کہیں دھماکہ خیز آگ زنی بدامنی کی خبریں ملیں گی۔ دکھنی پوربی علاقوں میں سیلاب سمندری طوفان ہوائی حادثے اور سڑک حادثوں وغیرہ قدرتی آفات سے مزید نقصانات ہونے کا ڈر ہوگا۔

کن کن شہروں میں بادشاہ سورج یا چندرماں

(۷ اپریل ۲۰۰۸ء کو ہندوستان کے اہم شہروں کا طلوع آفتاب)

(جہاں طلوع آفتاب ۶ بجکر ۹ منٹ کے بعد ہوگا، وہاں بادشاہ سورج اور جہاں پر طلوع ۶ بجکر ۹ منٹ سے پہلے ہوگا وہاں بادشاہ چندرماں ہوگا)

شہر	طلوع آفتاب گھنٹہ منٹ	بادشاہ سال سورج / چندر
امرتسر	۶_۱۶	سورج
انبالہ	۶_۹	چندرماں
اکھنور	۶_۱۶	سورج
الور	۶_۱۱	سورج
الموڑہ	۵_۵۸	چندرمان
اننتناگ	۶_۱۴	سورج
ایودھیا	۵_۴۹	چندرماں
ابوہر	۶_۱۹	سورج
آگرہ	۶_۷	چندرماں
الہٰ آباد	۵_۵۲	چندرماں
اونہ	۶_۱۱	سورج
ادے پور	۶_۲۵	سورج
ادھم پور	۶_۱۵	سورج
اجین	۶_۱۷	سورج
رشی کیش	۶_۲	چندرماں
کٹھوا	۶_۱۴	سورج
کرنال	۶_۸.۷	چندرماں
کلکتہ	۵_۲۷	چندرماں
کانگڑہ	۶_۱۱	سورج
کانپور	۵_۵۹	چندرماں
کالکا	۶_۸	چندرماں
کلو	۶_۷	چندرماں
کوٹ کپورا	۶_۱۸	سورج
قادیاں	۶_۱۴	سورج
کنور	۶_۳	چندرماں
کشتواڑ	۶_۱۲	سورج
کروکھیتر	۶_۹.۷	سورج
کرتارپور	۶_۱۴	سورج
کیتھل	۶_۱۰	سورج
کوٹہ	۶_۱۷	سورج
کھنا	۶_۱۱	سورج
کھرڑ	۶_۹.۲	سورج
گلگٹ	۶.۱۵	سورج
گرداسپور	۶_۱۳	سورج
گڑگاؤں	۶_۸.۸	چندرماں
گنگانگر	۶_۲۲	سورج
گوہاٹی	۵_۱۲	چندر
گڑھ شنکر	۶_۱۱	سورج

شہر	طلوع آفتاب	بادشاہ سال
غازی آباد	۶_۸	چندرماں
گوا (پنجم)	۶_۳۰	سورج
چمبہ	۶_۱۰	سورج
چنڈیگڑھ	۶_۸.۹	چندر/سورج
جالندھر	۶_۱۳	سورج
جموں	۶_۱۵	سورج
جے پور	۶_۱۶	سورج
جیند (ہریانہ	۶_۱۲	سورج
جام نگر	۶_۴۱	سورج
جوگندر نگر	۶_۸.۳	چندرماں
جودھپور	۶_۲۷	سورج
جبل پور	۶_۱	چندرماں
جلگاؤں	۶_۱۹	سورج
جیرا (پنجاب	۶_۱۶	سورج
جگادھری	۶_۸	چندرماں
جوالہ مکھی	۶_۱۱	سورج
جھانسی	۶_۶	چندرماں
ٹوہانا ٹانڈا	۶_۱۳	سورج
ڈوڈا	۶_۱۳	سورج
ڈلہوزی	۶_۱۱	سورج
ترنتارن	۶_۱۶	سورج
دہلی	۶_۸.۸	چندرماں
دہرادون	۶_۵	چندرماں
دسوہا	۶_۱۳	سورج
دینانگر	۶_۱۴	سورج
دارجلنگ	۲۶_۵	چندرماں
دواریکا	۴۶_۶	سورج
دھرمشالہ	۶_۱۰	سورج
نکودر	۶_۱۴	سورج
ناسک	۶_۲۷	سورج
ناگ پور	۶_۶	چندرماں
ننگل	۶_۱۰	سورج
نواں شہر	۶_۱۱	سورج
نابھہ	۶_۱۲	سورج
ناہن	۶_۷	چندرماں
نینیتال	۶_۰	چندرماں
پٹھانکوٹ	۶_۱۳	سورج
پٹیالہ	۶_۱۱	سورج
پنچکولہ	۶_۸	چندرماں
پانی پت	۶_۹.۲	سورج

شہر	طلوع آفتاب	بادشاہ سال
پونچھ	۶_۱۷	سورج
پٹنہ	۵_۳۹	چندرماں
فاضلکا	۶_۲	چندرماں
پھگواڑہ	۶_۱۳	سورج
فرید کوٹ	۶_۱۶	سورج
فیروزپور	۶_۱۷	سورج
فرید آباد	۶_۸	چندرماں
برودا	۶_۲۸	ہورج
بٹالہ	۶_۱۴	سورج
ہگا	۶_۱۴	سورج
بریلی	۶_۰	چندرماں
بنگلور	۶_۱۶	سورج
بھٹنڈا	۶_۱۷	سورج
بھوانی	۶_۱۲	سورج
بھوپال	۶_۱۰	سورج
ملیر کوٹلہ	۶_۱۳	سورج
موگا	۶_۱۵	سورج
میرٹھ	۶_۷	چندرماں
مراد آباد	۵_۳۲	چندرماں
متھرا	۶_۸	چندرماں
منڈی	۶_۸	چندرماں
مکتسر	۶_۱۹	سورج
مدراس	۶_۵	چندرماں
ممبئی	۶_۳۱	سورج
روپڑ	۶_۱۰	سورج
راجپورا	۶_۱۱	سورج
راجوڑی	۶_۱۸	سورج
رانچی	۵_۴۰	چندرماں
لدھیانہ	۶_۱۲	سورج
لکھنؤ	۵_۵۵	چندرماں
بنارس	۵_۴۸	چندرماں
شملہ (ہماچل	۶_۸	چندرماں
شری نگر	۶_۱۵	سورج
سنگرور	۶_۱۳	سورج
سونی پت	۶_۹.۲	چندرماں
ہمیر پور	۶_۹.۳	سورج
سہارنپور	۶_۷	چندرماں
ہوشیار پور	۶_۱۲	سورج
ہردوار	۶_۴	چندرماں
جھانسی	۶_۱۴	سورج
حیدر آباد	۶_۱۱	سورج

اناج وغیرہ چار استمھوں کا ثمرہ ۲۰۰۸ء

(۱) اناج کا استمھ :۔ ہاڑ شدی یکم کو پنر بسو نکشتر کا تعلق ۸۱٪ فیصدی ہے۔ اسکے زیر اثر خلاف آب و ہوا کے باوجود گندم، چنے، چاول، مکہ، گنا دھان، وغیرہ کی فصل اچھی ہوگی۔

(۲) گھاس کا استمھ :۔ بیساکھ شدی اکیم کو بھرنی کا تعلق ۴۱٪ فی صدی ہے جس کے زیر اثر گھاس تنکے، جڑی بوٹی اور بنسپتیاں کی پیداوار گذشتہ سال کی بجائے بہتر ہوگی۔

(۳) جل استمھ :۔ چیت شدی اکیم کو ریوتی نکشتر کا تعلق 56.5% فی صدی ہوا ہے۔ جس کے زیر اثر آئندہ سال کے کچھ صوبوں میں درمیانی سے کچھ بہتر بارشی ہوگی۔ بہار، اُڑیسہ، آسام، بنگال، اتر پردیش وغیرہ صوبوں میں اچھی بارش ہونے کے امکان ہیں۔ کچھ علاقوں میں موافقی بارش کی کمی رہے گی۔

(۴) ہوا کا استمھ :۔ جٹھ شدی اکیم کو مرگشر نکشتر کا تعلق 71% فیصدی ہے جس کے زیر اثر ملک میں تیز ہوائیں اولہ برشتی اور طوفانی سیلاب سے جان و مال کے مزید نقصانات پہنچے گا۔

داخلہ آردرا کنڈلی کے ذریعہ موسم ۲۰۰۸ء

۲۰۰۸ء میں سورج بھگوان وِردرا نکشتر میں ہاڑ بدی تیج تتھی سنیچر وار مطابق ۲۱ جون ۲۰۰۸ء کو مکر کے چندرماں میں رات کو ۹ بجکر ۴۳ منٹ پر مکر لگن میں داخل ہونگے۔

بھگوان سورج دیوک کا داخلہ آردرا پرتھوی تتو (Earthly Element) میں ہوا ہے لگن کا مالک آٹھویں خانہ میں سنگھ راشی میں منگل کے ساتھ مقیم ہے۔ ان پر برہسپت کی نیک نظر پڑ رہی ہے۔ جل تتو کا گرہ شکر چھٹے خانہ میں سورج کے ساتھ غروب حالت میں ہے۔ گرہ یوگ کے مطابق ملک میں کافی بارش ہونے پر بھی کئی علاقوں میں معقول بارش کی کمی رہے گی۔ چندرماں بھی خانہ اول میں راہو کے ساتھ ہونے سے کہیں بہت زیادہ بارش کی وجہ سے کھڑی فصلوں کو نقصانات اور کہیں بارش کی قلت کی وجہ سے اناج میں کمی اور سوکھا وغیرہ کے حالات بنینگے۔ اگرچہ برہسپت کی

داخلہ آردرا کنڈلی ۴۳ / ۲۱

شبھی نظر پڑنے سے اناج کی پیداوار میں گزارے لائق اضافہ ہوگا۔ لیکن گنا، مکہ اور گندم دھان وغیرہ کی پیداوار میں امید کے مطابق اضافہ ہوگا۔ لیکن گنا، مکہ، اور گندم دھان وغیرہ کی پیداوار میں اُمید کے مطابق اضافہ نہیں ہوگا۔ اسکے زیر اثر اناج کی قیمتوں خاص تیزی ہوگی۔ داخلہ آردرا کے وقت تیج تتھی ہونے سے لوگوں میں مطلب پرستی بڑھے گی۔ اُنکی صحت میں کمی اور لوگوں میں عجب قسم کی بیماریاں ہونے کا اندیشہ ہوگا۔

شادی میں سم اروشم سالوں کا خیال

سم (Even) سالوں یعنی ۱۸، ۲۰، ۲۴ وغیرہ سالوں کی عمر میں لڑکی کی شادی اور وشم (odd) سالوں (۱۷، ۱۹، ۲۱، ۲۳ وغیرہ) میں لڑکے کی شادی کرنا شاستروں میں نہایت مبارک مانا جاتا ہے۔ یعنی اُوپر لکھے سالوں میں لڑکے کی شادی کرنا اُنکے شادی شدہ زندگی میں خوشحالی اور صحت کے لئے مبارک ہوتا۔ اسکے الٹ سالوں کی عمر میں شادی رنا انکی شادی شدہ زندگی کے لئے اچھا نہیں ہوتا۔

تندرستی کے لئے نایاب باتیں

ا۔ ہاضمہ کے لئے کھانے کے بعد ۱۰ منٹ سیدھی طرف لیٹیں اور ۱۰ منٹ الٹی طرف اور ۱۰ منٹ کمر پر ہاضمہ کے لئے بہت بہتر ہے۔

۲۔ پاک صاف پانی پر یا علی ۷ بار پڑھ کر سلائی سے آنکھوں میں ۳ دفع لگائیں اور پانی کو پھولوں کی کیاری میں ڈال دیں۔ ہر طرح کی آنکھ کی تکلیف دُور ہو جائے۔

۳۔ صبح ۷ بار آیت الکرسی اول آخر ۳ بار درود شریف کے ساتھ اور ۷ بار شام کو پڑھنے سے انسان پوری حفاظت میں رہتا ہے۔

ضروری اطلاع

خیال رہے کہ چیت شکل پکھ میں یم تتھی ۶ / اپریل کی اماوس کی سماپتی (9.25) کے بعد سے ہی شروع ہو جاتی ہے۔ اور یکم کا تتھی کا کھشہ ہوا ہے جس وجہ ۶ اپریل اتوار کے روز ہی نیا بکرمی سمت ۲۰۶۵ شروع ہوگا۔ اور اس روز اتوار ہونے سے اس کے یوم کے مالک سورج کو ہی بادشاہ سال مانا جائیگا۔ اس کے مطابق بھارت کے مغربی شمالی علاقوں میں (جہاں پر چیت شدی کا کھشہ ہوگا۔ وہاں پر بادشاہ سال سورج ہی تصور کیا جائیگا۔ ان علاقوں میں زیادہ پنجاب جموں کشمیر، راجستھان، گجرات، اور مہاراشٹر کے زیادہ تر حصوں میں بادشاہ سال سورج ہی رہیں گے۔

سنیچر کی ساڑھ ستی ڈھیہ اور پایا کا بیان بابت ۲۰۰۸ء

گذشتہ سال ۱۶ جولائی سے سنیچر سنگھ راشی میں داخل ہوا تھا۔ سال ۲۰۰۸ء کے دوران تمام عرصہ سنیچر سنگھ راشی میں ہی گردش کرتا رہے گا۔ سال ۲۰۰۸ء کے شروع میں ہی سنیچر وکری حالت میں گردش کر رہا ہے۔ ۳ مئی کو مارگی ہوگا اور سال کے آخر (۳۰ دسمبر) تک سنگھ راشی میں ہی مارگی رہے گا۔ ۳۱ دسمبر سے پھر وکری حالت میں گردش کریگا۔

خیال رہے، سنیچر گرہ جب وکری یا اتی چاری حالت میں گردش کرتا ہے تو ذاتی طور پر انسان کی دماغی تناؤ، دھن دولت کے متعلق الجھنیں اور گھریلو پریشانیاں وغیرہ دیتا ہے۔ اور عام رعایہ کی روز مرہ کی چیزوں میں مہنگائی، پیچیدہ بیماریاں چھتر بھنگ (سیاسی تبدیلیاں لوگوں میں بد امنی اور تشویش پیدا ہوتی ہے۔

سنیچر کا سنگھ راشی پر گردش کے وقت مختلف راشیوں پر اثر کی تفصیل ہم اگرچہ گذشتہ سال کی مفید عالم جنتری میں لکھ چکے ہیں مگر اس بار سنیچر کا سنگھ راشی پر گردش کے دوران سنگھ راشی پر برہسپت کی شبھ (اچھی) نظر رہے گی۔ اسکے علاوہ ۳۰ اپریل ۲۰۰۸ء کے بعد اس راشی پر سے کیتو کی گردش ہٹ جائیگی۔ ان کے زیر اثر سنگھ راشی اور دوسری راشیوں پر سنیچر کا ناقص اثر گذشتہ سال کی نسبت کم خراب اثر رہے گا۔ مختصر طور پر دیگر راشیوں پر سنیچر کے اثرات اس طرح سے ہونگے۔

سنگھ راشی میں گردش کے دوران مختلف راشیوں پر اثرات

کرک راشی پر سنی ساڑھ ستی کا اثر ابھی تقریباً ایک سال ۵ ماہ تک رہے گا
سنگھ راشی پر ساڑھ ستی کا ناقص اثر ابھی ۳ سال ۷ مہینے تک رہے گا۔
کنیا راشی پر ساڑھ ستی کا خراب اثر ابھی ۶ سال ۷ ماہ تک باقی رہے رہیگا۔
برکھ اور **مکر راشی** والوں کو شنی کی ڈھیہ کا اثر ابھی ایک برس اور پانچ مہینے تک باقی ہوگا۔

میکھ وغیرہ راشیوں پر سنیچر کی ساڑھ ستی کا اثر ۲۰۰۸ء

میکھ راشی۔ کو سنیچر پانچویں خانہ میں ہوگا اور شنی کا پایا بھی لوہا ہونے سے خفیہ پریشانیاں، فضول خرچ اور الجھنیں رہیں گی۔ لیکن برہسپت کی نظر ہونے سے نصیب سے گذارے لائق دھن لابھ ہوتے رہیں گے۔

برکھ راشی پر شنی کی ڈھیہ کا اثر ابھی چلے گا۔ مکان، سواری وغیرہ کاموں پر خرچ زیادہ ہونگے لیکن اس پر شنی کا پایہ تامبہ ہونے سے بگڑے کام بنیں گے۔ اچانک دھن لابھ کے موقع حاصل ہونگے۔

متھن راشی۔ تیسرے خانے میں سنیچر ہونا اچھا ہوگا۔ اچانک دھن کا فائدہ اور ترقی کے موقع ملیں گے۔ اونچی تعلیم اور غیر ملکی کاموں میں کامیابی ملے گی۔ اس پر شنی کا پایا چاندی ہونے سے زمین سواری شادی وغیرہ کی خوشیاں حاصل ہونگی۔

کرک راشی اس پر شنی کا پایا سونا ہے۔ خفیہ پریشانیاں ہوں۔ آمدن کم اور خرچ زیادہ ہوں۔ کاروبار الجھنیں زیادہ ہوں۔ ۹ دسمبر کے بعد کام کاج میں سدھار ہوگا۔

سنگھ راشی۔ اس راشی پر سنیچر کی گردش ہونے سے شنی کی ساڑھ ستی کا اثر چلے گا۔ گھریلو اور کاروباری پریشانیاں بڑھیں گی۔ روپے پیسے کے متعلق الجھنیں بھی بڑھیں گی۔ پایا سونا ہونے سے نزدیکی لوگوں کے ساتھ من مٹاؤ پیدا ہونگے۔ خرچ بھی زائد ہونگے۔ برہسپت کی شبھی نظر ہونے سے گذشتہ سال کے رُکے ہوئے کچھ کام بنیں گے۔

کنیا راشی۔ اس پر شنی ساڑھ ستی کا ناقص اثر ہوگا۔ جس سے آمدن کم اور خرچ زیادہ ہونگے۔ اپنے نزدیکی لوگ بھی غیروں جیسا برتاؤ کریں۔ دماغی تناؤ اور اخراجات میں اضافہ ہوگا۔

تلا راشی۔ اس راشی پر شنی کی اوچ نظر رہے گی۔ پایا بھی تانبہ شبھ ہے۔ جس سے کاروبار میں ترقی زمین جائیداد سواری وغیرہ خوشیوں اور آمدن کے ذریعات میں اضافہ ہوگا۔ گھر میں کوئی مبارک کام انجام ہوگا۔ اونچے عہدہ کے لوگوں کے ساتھ تعلقات بنیں گے۔ خرچ بھی زیادہ ہونگے۔

برچک راشی۔ کاروبار میں اڑچنوں کے باوجود گذارے لائق آمدن کے ذریعات بنتے رہیں گے۔ سنیچر کا پایا چاندی ہونے سے خاص محنت کرنے کے بعد ہی کامیابی حاصل ہوگی۔

دھن راشی۔ نویں خانہ میں سنیچر اگرچہ ترقی میں رکاوٹیں پید کرے گا۔ اخراجات بھی بڑھ چڑھ کر رہیں گے۔ پایا لوہا دماغی پریشانیاں پیدا کرے گا۔ اس راس پر سارا سال برہسپت کی گردش ہونے سے کچھ مبارک کام بھی انجام ہونگے۔

مکر راشی۔ پر شنی کی ڈھیہ کا ناقص اثر ہوگا۔ جسم کو تکلیف گھریلو الجھنیں اور خرچ زیادہ رہیں گے۔ اچانک دھن لابھ بھی ہوگا۔ لیکن خرچ بھی بہت زیادہ رہیں گے

کمبھ راشی۔ والوں کو سنیچر ساتویں خانہ میں ہونے سے گھریلو کلیش بڑھے گا۔ شنی کا پایا بھی لوہا ہونے سے دشمنوں کا خوف دماغی تناؤ آمدن تھوڑی اور خرچ زیادہ رہیں گے۔ کسی مدبر شخص کی مدد سے بگڑے کام بنیں گے۔ بھگوان شو کی پوجا کرنے سے کامیابی حاصل ہوگی۔

مین راشی۔ کو شنی چھٹے ہونے سے کاروبار میں جدوجہد اور کشمکش بھرے حالات کے باوجود گذارے لائق آمدن کے ذرائع بنتے رہیں گھریلو الجھنے وغیرہ کے باوجود نعمتوں کے پراپتی ہوتی رہے گی۔

شنی کی شانتی۔ شنی ساڑھ ستی ڈھیہ وپایا کے ناقص اثر کے شانتی کیلئے سوموار کو جپ کرنا اس کے بعد ۱۰ فیصد کی تعداد میں کسی پنڈت جی سے ہون کروانا مبارک ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ سنیچر کا برت رکھنا اڑد (ماش) سپت دلنہ (اناج) کالے چنے، لوہے کا کڑا یا چھلہ اور تیل کے متعلق اشیا

برہسپت کا دھن راشی میں گردش کا پھل ۲۰۰۸ء

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کمبھ	مین
دھن لابھ ترقی موقع ملے گھر دھرم کرم میں خرچ عزیز سے ملن	تناؤ کے گذلرے لائق آمدنی رہیگی دوڑ دھوپ بڑھیگی	بہت محنت کے بعد قسمت میں ترقی کے چانس کامیابی	جسم کو تکلیف مالی و کنبہ کے متعلق پریشانی الجھنیں بڑھیں	دھارمک کاموں میں دلچسپی آمدن کے ذرائع بڑھیں مبارک کام ہو	بھاگ دوڑ زیادہ آمدن کم خرچ زیادہ ہوں صحت میں گڑبڑ	بنتے کام میں اڑچنیں ہوں جسم کو تکلیف لور پریشانی ہو	کاروبار یا امتحان میں کامیابی عورت و لولاد سے خوشی ملے	بلاوجہ دوڑ دھوپ بڑھیگی کسی نزدیکی رشتہ دلر سے بگاڑ ہو	بھائی بندھو سے میل جول ہو دھن کا فائدہ کے موقع	گذلرے لائق آمدنی کے ذرائع لیکن خرچ زیادہ ہو	آمدن تھوڑا خرچ زیادہ ہو کسی سے دھوکہ ملنے کا ڈر

راہو کا مکر راشی میں گردش کا پھل ۲۰۰۸ء

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کمبھ	مین
خوشخبری ملے دھن لابھ ہو مگر خرچ بھی زیادہ ملیں	جدوجہد زیادہ ہو گذلرے لائق آمدن کے ذریعہ ملیں	لابھ کم لور خرچ زیادہ ہوں نزدیکی لوگوں سے ٹکراؤ	بنتے کاموں میں رکاوٹیں دھن لابھ کم خرچ زیادہ	بگڑے کاموں میں کامیابی کسی عزی سے ملاقات	گھریلو کلیش کہ وجہ سے پریشانی بیماری دشمن کا ڈر	لابھ تھوڑا [illegible]ج زیادہ ہو گھریلو الجھنوں کی وجہ سے تناؤ	دوڑ دھوپ میں تیزی ہو اچانک سفر دھن لابھ	گھریلو کلیش کی وجہ سے پریشانی جسم کو تکلیف خرچ	گھریلو ممبرد میں بگاڑ دشمن بیماری کا ڈر بدیش یاترا	بنتے کام میں اڑچنیں بلاوجہ دوڑ دھوپ زیادہ ہوگی	بگڑے کاموں میں سدھلر مکان سولری دھن لابھ ہو

کیتو کا کرک راشی میں گردش کا پھل ۲۰۰۸ء

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کمبھ	مین
دھن لابھ مدھم سی عزیز سے تکرار خرچ بڑھ	بگڑے کاموں میں سدھار لچانک دھن لابھ سولری سکھ	آمدن کم جدوجہد زیادہ ہو جسم کو تکلیف دشمنوں سے خوف	جسم کو تکلیف عزیز کی طرف دھوکہ ملے پریشانی ہو	فضول خرچی بڑھے بنتے کام میں اڑچنیں دماغی تناؤ	محنت کے بعد بگڑے کام بنیں سولری کا سکھ حاصل ہو	جدوجہد کے بعد دھن لابھ گھر میں مبارک کام انجام	آمدنی و فضول خرچی میں اضافہ پریشانیاں بڑھیں	بہت کشمکش کے بعد سکھ کے ذرائع میں اضافہ	سولری سکھ دوست سے ملاقات ودیش جانے کا پروگرام	آمدنی کے ذرائع میں اضافہ کوئی بگڑا کام بنے ممکن ہو	گھریلو کلیش کی وجہ سے پریشانی آمدن کم خرچ زیادہ

دان کرنا، شری شو شنکر و ہنومان چالیسہ پاٹھ کرنا نیلم کا نگ دھارن کرنا لور شنی ستوترکا پاٹھ کرنا فائدہ مند ہوتا ہے۔

شنی بیج منتر۔ اوم پرانگ پرینگ پرونگ سیہ شنیہ نمہ۔ تعداد ۲۳ ہزار

شنی کا ویدی منتر۔ کواوم شنو دیوی ربھشیٹا ئے آپو بھونتو پیتائے شیور بھیسر ونتو نام۔ اوم سینچرائے نمہ۔

برہسپت کا دھن راشی میں گوچر پھل ۲۰۰۸ء

گذشتہ سال ۲۲ نومبر ۲۰۰۷ء سے برہسپت دھن راشی (صبح ۵ بجکر ۳ منٹ پر) میں داخل ہو چکے ہیں۔ ۲۰۰۸ء میں برہسپت زیادہ تر دھن راشی میں گردش کرینگے۔ ۹ دسمبر ۲۰۰۸ء کو رات کے ۱۱ بجکر ۴۲ منٹ پر برہسپت مکر یعنی اپنی نیچ راشی میں داخل ہوگا۔ خیار ہے دھن راشی میں گردش کے دوران برہسپت خود اپنی راشی دھن کے لئے جدوجہد کے باوجود اچھا اور فائدہ مند اثر دیگا۔ اسکے علاوہ میکھ، متھن اور سنگھ راشیوں پر برہسپت کی شبھ نظرات ہونے سے ان راشی کے لوگوں میں مبارک کاموں میں رجھان اور مبارک اثرات بھی ہونگے۔

برہسپت کے ناقص (خراب) اثرات کی شانتی (اپائے) کے لئے ویر وار برت رکھنا۔ پکھراج دھارن کرنا۔ چنے کی دال۔ کانسہ کا برتن۔ کیلے لڈو اور دھارمک گرنتھ اور برہسپت کے بیج منتر۔ اوم گرام گریم گروم گوروے نمہ کا پاٹھ ۱۹ ہزار س کی تعداد میں ودھی مطابق کرنا مبارک ہوتا ہے۔ اگر کسی لڑکی کی کنڈلی میں برہسپت ناقص اثر کر رہا ہو تو اس کو بھی پکھراج دھارن کروایا جاتا ہے۔ برہسپت کا بیج منتر۔ اوم گرام گریم گروم ساگورے نمہ

راہو۔ کیتو گرہوں کا گوچر پھل ۲۰۰۸ء

سال کے شروع سے ۲۹ اپریل ۲۰۰۸ء تک راہو کمبھ راشی میں اور کیتو سنگھ راشی میں گردش کریں گے۔ ۳۰ اپریل ۲۰۰۸ء کی صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ سے سال ۲۰۰۸ء کے آخر تک راہو مکر راشی میں اور کیتو ۳۰ اپریل سے سال کے آخر تک کرک راشی میں گردش کریگا۔ مختلف راشیوں پر راہو اور کیتو گرہوں کے اثرات اس طرح سے ہونگے۔

راہو اور کیتو گرہوں کی شانتی: راہو کے ناقص اثر دور کرنے کیلئے تل، تیل بھورے رنگ کا کپڑا اور کمبل ناریل سنت نا جا سپت دھانیہ کالے پھول لوہے کا برتن دان اور پنڈتوں کو باجرا وغیرہ ڈالنا مبارک۔ اپائے کرنے سے پہلے اپنی جنم پتری کسی یوگ جیوتشی کو دکھا لینی چاہے۔ راہو کے بیج منتر۔ اوم بھرام بھریم بھروم میہ راہو نمہ۔ منتر کا ۷ ہزار کی تعداد میں جاپ کرنا چاہئے۔

نظرات سیارگان ۲۰۰۸ء

علم نجوم (جیوتش میں گرہوں کی نظرات کی خاص اہمیت ہوتی ہے زائچہ میں کسی خانہ یا گرہ پر کسی اوچ یا اچھے گرہ کی نظر پڑے تو زائچہ کو اس گھر کے متعلق اچھے پھل میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اگر کسی بھاؤ (خانہ) پر نیچ گرہ کی نظر پڑ رہی ہو تو متعلقہ بھاؤ (گھر) کے اثرات کو نقصان پہنچاتا ہے۔ یعنی اس گھر کے متعلق خراب اثر کرتا ہے۔
پیدائش کنڈلی (زائچہ) میں سبھی گرہ اپنے سے ساتویں خانہ (گھر) کو پوری نظر سے دیکھتے ہیں۔ لیکن کچھ خاص گرہ کنڈلی میں خصوصی نظر سے دیکھتے ہیں اور اپنا اچھا یا برا پورا اثر دیتے ہیں۔
منگل اپنی ساتویں نظر کے علاوہ (۴۔۸) سے بھی پوری نظروں سے دیکھتا ہے۔
برہسپت اپنی ساتویں نظر کے علاوہ ۵ ویں اور نویں نظر سے بھی خاص نظر کریگا۔
سنیچر۔ بھی ساتویں نظر کے علاوہ دیگر گھروں کے تیسری اور دسویں (۱۰۔۳) خصوصی نظروں سے دیکھتا ہے اور اپنا اثر پیدا کرتا ہے۔

نظرات اہم سیارگان ۲۰۰۸ء

سورج۔ شنی	(ساتویں)	۱۳ فروری سے ۱۳ مارچ
سورج۔ برہسپت	(ساتویں)	۱۴ جون سے ۱۵ جولائی

منگل کی دیگر گرہوں پر خاص نظر

منگل۔ سورج	(ساتویں)	شروع سال سے ۱۳ جنوری
منگل۔ برہسپت	(ساتویں)	شروع سال سے ۲۷ اپریل
منگل۔ سورج	(آٹھویں)	۱۴ اپریل سے ۲۷ اپریل
منگل۔ سورج	(ساتویں)	۲۸ اپریل سے ۱۳ مئی
منگل۔ شکر	(ساتویں)	۱۹ جنوری سے ۱۲ فروری
منگل۔ شکر	(آٹھویں)	۱۳ فروری سے ۷ مارچ
منگل۔ کیتو	(یوگ)	۳۰ اپریل سے ۲۰ جون
منگل۔ برہسپت	(کھٹاشٹک)	۲۸ اپریل سے ۲۰ جون
منگل۔ شنی کا یوگ سنگھ میں		۲۱ جون سے ۱۸ اگست
منگل۔ برہسپت۔	(چوتھی)	۹ اگست سے ۲۴ ستمبر

برہسپت کی دیگر گرہوں پر خاص نظر

برہسپت۔ منگل	(ساتویں)	۱ جنوری سے ۲۷ اپریل
برہسپت۔ منگل	(نویں)	۲۱ جون سے ۱۸ اگست
برہسپت۔ شنی	(نویں)	سال کے شروع ۹ دسمبر
برہسپت۔ سورج	(پانچویں)	۱۳ اپریل سے ۱۳ مئی
برہسپت۔ سورج	(ساتویں)	۱۴ جون سے ۱۵ جولائی
برہسپت۔ شکر	(یوگ)	۱۹ جنوری سے ۱۱ فروری
برہسپت۔ شکر	(پانچویں)	۲۵ اپریل سے ۱۹ مئی
برہسپت۔ شکر	(ساتویں)	۱۳ جون سے ۷ جولائی
برہسپت۔ شکر	(نویں)	یکم اگست سے ۲۴ اگست
شنی۔ سورج	(کھٹاشٹک)	۱۴ جنوری سے ۱۲ فروری
شنی۔ سورج	(ساتویں)	۱۲ فروری سے ۱۳ مارچ
شنی۔ راہو	(ساتویں)	۳۰ اپریل سے سال کے آخر
شنی۔ منگل	(تیسری)	۲۵ ستمبر سے ۷ نومبر تک

آج کا دن کیسا گزرے گا؟

جس روز یہ معلوم کرنا ہو کہ آج کا دن کیسا گزریگا تو پہلے اپنے نام کا نچھتر بارہ

راشیوں کے سالانہ پھل والے صفحات سے اپنے نام کے ہندسہ کے نچھتر کو معلوم کریں پھر مفید عالم جنتری کے مہینوں والے صفحوں سے (مہینہ تاریخ) کے سامنے اس روز کا نچھتر معلوم پڑے اس کو چکر میں نمبر درج کریں پھر اس سے ابھجت سمیت تمام ۲۸ نچھتروں کا چکر (نقشہ) میں لکھے ہندسوں کے شمار کے مطابق لکھ لیں پھر غور کریں کہ آپ کے نام نچھتر کس جگہ پڑا ہے۔ اگر اپنے نام کا نچھتر دائرہ کے اندر پڑا ہے تو اس روز دھن کا فائدہ کسی ہر دلعزیز شخص سے ملاقات ہوگی۔ اگر نچھتر کا شمارہ دائرہ کے باہر (0) نشانات پر پڑے تو دن کا آدھا حصہ اخراجات اور فکرمندی میں بیتے گے۔ اور دن کا نقصان ہونے کا ڈر ہوگا۔ مثال کے طور پر اگر کسی روز جنتری میں مگھا نچھتر دیکھنے کو ملے تو مگھا کو نمبر پر لگا کر اس کے آگے پوربا پھاگنی کو بھی نمبر ۲ پر تو شول لگائیں گے۔ ۲۸۔ نچھتروں کی شمار اسی طرح سے ہوتی ہے۔

گم شدہ چیز کا سراغ نکالنا

۱۹	۲۲	۲۵	۱۲
۲۴	۱۳	۱۸	۱۳
۱۴	۱۷	۲۰	۲۷
۲۱	۱۶	۱۵	۲۶

جب کوئی چیز کھو جائے اور اس کا حال معلوم کرنا چاہیں تو یہ تعویز کاغذ پر لکھ کر مٹی کے نئے دیئے یعنی چراغ میں سرسوں (کوڑہ) کا تیل ڈال کر جلائیں اور تعویز روئی میں لپیٹ کر اس کی بتی روشن کریں۔ اب کسی خورد سال لڑکے یا لڑکی کو جس کی عمر نو دس سال ہو اور خوبصورت ہو چراغ کے سامنے بیٹھائیں۔ اور ہدایت کریں کہ وہ چراغ کی بتی کی طرف غور سے دیکھتا رہے۔ بس جب اسے کوئی غیر معمولی چیز نظر آوے تو اس سے گم شدہ چیز کے متعلق سوالات کریں اور جن لوگوں پر اٹھالے جانے کا شبہ ہو ان کا نام لیں۔ وہ چیز کا درست پتہ بتائیگا۔ اسی طریقہ سے ہر قسم کے حالات دریافت کر سکتے ہیں۔ یعنی جب لڑکے کو غیر معمولی شکلیں نظر آئیں تو ان سے اپنے مطلب کے سوالات کریں۔ وہ صحیح جواب دیگا۔ اور مطلب پورا ہو جائیگا۔

گوچر گرہوں کی بنا پر سال ۲۰۰۸ کا اہم پیشین گوئیاں

✪ نیا بکرمی سمت ۲۰۶۵ پلو کا ہے۔ اس سمت کا بادشاہ اور وزیر دونوں عہدے سے سورج کے پاس ہونے سے شاہی طاقتوں یعنی سیاسی لیڈروں میں آپسی ٹکراؤ رنجش اور کھینچا تانی زیادہ رہیں۔ خطرناک اور سنگین واقعات بہت ہوں۔ چوری ڈکیتی، لوٹ مار، بے ایمانی کی وارداتیں زیادہ ہونگی۔ مذہبی اور فرقہ وارانہ تنازعات بھی زیادہ ہوں۔ لوگوں کے مزاز میں تلخی، غصہ اور تکرار کے جذبات کی وجوہات سے دہشت گردی کی وارداتیں زیادہ ہوں۔

✪ سرکاری حکمرانوں کی جانب سے عام لوگوں میں گہری تشویش ہو۔ سیاسی حالات غیر یقینی بنی رہیں گے۔

✪ گرہ یوگ کے مطابق پاکستان عراق، افغانستان وغیرہ ممالک کے اندرونی اور باہمی سیاسی حالات بہت پیچیدہ اور غیرہ یقینی ہونگے۔ بہت سے مقاموں پر دہشت گرد دھماکہ خیز وحشیانہ وارداتیں انجام دیں گے۔ جمہوریت کی ڈگر میں بہت سے مقام باقی ہونگے۔

✪ کرناٹک، گجرات وغیرہ صوبوں میں کچھ نئے گٹھ جوڑ ابھر کر آئینگے۔

✪ ۲۹ اگست سے ۱۰ اکتوبر کے درمیان گوچر میں کال شرپ یوگ کا اثر ہونے سے بھارت، پاکستان، بنگلہ دیش نیپال، برما وغیرہ ایشیائی ممالک میں سیاسی حالات نازک موڑ پر ہونگے۔

✪ اگست سے اکتوبر کے درمیان وقفہ میں کہیں سیاسی حالات ڈاواں ڈول کسی اہم لیڈر یا شخصیت کی اچانک موت یا گدی سے اترنے کے یوگ ہیں۔ عام روزمرہ چیزوں کے نرخوں میں زبردست تیزی کی وجہ سے عام رعایہ میں گہری تشویش اور بدامنی رہے گی۔

✪ یو۔پی۔اے سرکار میں کانگرس اور لیفٹ پارٹیوں کے درمیان شطرنج کا کھیل چلتا رہیگا۔ کچھ صوبوں میں پارٹیوں میں نئے گٹھ جوڑ وجود میں آئیں گے۔

✪ ملک کی باہری ترقی اور خوش حالی کا فائدہ زیادہ تر لیڈر اور اونچے عہدوں پر بیٹھے خاص لوگوں کو ہی حاصل ہوگا۔ اعلیٰ افسران اور لیڈر ملک میں اپنے ذاتی مفادات کے ترجیح دینگے۔ دیش کا درمیانہ اور غریب طبقہ مہنگائی اور بھرشٹاچار کی چکی میں پیستے جائیں گے۔

شری پرماتما کی عظیم عنایت سے مفید عالم جنتری کو شائع ہوتے ہوئے آئندہ برس کی جنتری کو ۱۳۳ سال ہو جائیں گے۔ اس جنتری کے رہنمائی بانی مشہور عالم پنڈت دیوی دیال (لاہور والے) سے لیکر آج تک کے عرصہ میں ہماری جنتری اور دوسری اشاعتوں کو جو ملکی اور غیر ملکی شہرت و مقبولیت حاصل ہوئی وہ جنتری کے قدردانوں سے پوشیدہ نہیں۔ مفید عالم جنتری ہندی اور پنجابی وغیرہ اشاعتوں کی عالمگیر شہرت کو دیکھ کر کچھ حاسد اور لالچی پبلشرز نے جنتری سے ملتا جلتا ٹائٹل رکھا اور ہمارے میٹر کو غلط طریقہ سے کاٹ چھانٹ کر چھاپ رہے ہیں۔ اس طرح سے مفید عالم جنتری کے شائقین کو دھوکہ دیتے ہیں۔ ہم لوگوں کو خبردار کرتے ہیں کے سرورق مصنف پنڈت پنا لال جیوتشی کا نام اور فوٹو ضرور دیکھ لیا کریں۔

ایشور کی مہربانی سے گذشتہ سالوں کی بہت سے ہماری پیشگوئیاں جو کہ پنچانگ اور مفید عالم جنتری اُردو ہندی پنجابی میں شائع ہو چکی ہیں اور ہو بہو درست ثابت ہوتی آئیں۔ مثال کے طور پر مندرجہ ذیل ہیں۔

گذشتہ سالوں کی کچھ چنندہ پیشگوئیاں

۱۹۷۷ء میں کانگریس (آئی) پارٹی کا دوبارہ اکثریت میں آنا وزیر اعظم شریمتی اندرا گاندھی کی اچانک موت۔ ۱۹۸۸ء کی جنتری صفحہ نمبر ۳۳ کالم نمبر ۲ پاکستان کے صدر مملکت ضیاء الحق کی موت اور سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کی وفات وغیرہ (۱۹۹۴) کی جنتری صفحہ ۲۱ پر بھارتیہ جنتا پارٹی کی ایک نمایاں پارٹی کے طور پر ابھر کر آنا اور مرکز میں مختلف پارٹیوں کا گٹھ بندھن سرکار کا بننا۔ سال ۱۹۹۵ (صفحہ ۱۹) سال ۱۹۹۵ء میں پاکستان میں بے نظیر حکومت کا ٹوٹنا وغیرہ۔ (صفحہ ۲۳-۲۲) اور ۱۹۹۹ء کی نصف حصہ کے بعد میں بھارت اور پاکستان کی سرحدوں پر زبردست گولہ باری اور جنگ کی خبریں ملنا۔ (جیسے کشمیر کارگل میں لڑائی ہونا) پاکستانی وزیر اعظم نواز شریف کی حکومت کا گرنا وغیرہ اور ۲۰۰۱ء صفحہ ۲۳۲-۲۴ پر پڑھیں۔ امریکہ کے زیر اثر افغانستان میں طالبان سرکار کو ہرا کر نئی حکومت کا وجود میں آنا۔ ۲۰۰۳ء کی جنتری صفحہ ۲۳ امریکہ عراق کے درمیان لڑائی جنگ کا خطرہ اور عراق پر حملے کے مدے پر امریکہ کو بھاری مذمت اور مخالفت کا سامنا ہوگا اور بھارت پاکستان کے معاملے میں دوغلی پالیسی رکھنا۔ (صفحہ ۲۳) ۲۰۰۴ء کی جنتری صفحہ ۲۵-۲۶ پر پڑھیں ۲۹ مئی

سے کال سرپ یوگ کا اثر رہے گا۔ نئے سیاسی گٹھ جوڑ اُبھر کر آئیں گے۔ بھاجپا اور مرکزی منتری منڈل میں نیا بدلا ہوا گٹھ جوڑ دیکھنے کو ملے گا۔ صفحہ ۲۶ کالم ایک صفحہ ۲۷ پر کنڈلی کانگریس پارٹی اور سونیا گاندھی کی کنڈلی کے نیچے صاف طر پر پڑھیں۔ آنے والے لوک سبھا چناؤ میں شریمتی سونیا گاندھی اور ان کی پارٹی بھاجپا کی نسبت زیادہ سیٹوں پر کامیاب ہونا۔ ۲۰۰۵ء کی جنتری میں صاف طور پر پڑھیں کہ ہریانہ کی گدی نشین چوٹالہ سرکار کو گہری ٹھیس لگے گی۔ (صفحہ ۲۷) پاکستان اور بھارت وغیرہ ملکوں میں بھونچال زمین پھٹنے وغیرہ سے ہونے والی زبردست جان ومال کے مزید نقصانات کی خبریں بدقسمتی سے سچ ثابت ہو چکی ہیں۔

۲۰۰۶ء کی مفید عالم جنتری میں ۲۴ مئی سے ۲ جولائی کے درمیان منگل شنی کا یوگ ہونے سے بھارت کے کچھ صوبوں کشمیر اتر پردیش مہاراشٹر گجرات آندھر وغیرہ پریشوں میں بدامنی دہشت گردی اور دھماکہ خیز کی وارداتیں ہونے کے امکان ہیں۔ (صفحہ) بدقسمتی سے یہ پیشنگوئیاں بھی صحیح ثابت ہوئی۔

اور صفحہ نمبر ۲۹ پر صاف طور پر دیکھیں۔ ڈاکٹر منموہن سنگھ کی غیر ملکی پالیسی کے متعلق ان کے وقار اور غیرت کو بین الاقوامی شہرت حاصل ہوگی۔ ۲۰۰۷ء کی مفید عالم جنتری (صفحہ ۲۸) میں صاف طور پڑھیں کہ پاکستان میں تاناشاہی حکومت کو اپنے ملک میں زبردست مخالفت کا سامنا کرنا پڑیگا۔ سیاسی حالات غیر یقینی ہونگے۔ ملک کے اندر بدامنی اور دھماکہ خیزوارداتوں میں اضافہ ہوگا۔ بے نظیر اور نواز شریف موجودہ حکومت کے لئے زبردست چنوتیاں پیش کریں گے۔ پنجاب، اتر پردیش وغیرہ صوبائی سرکار میں کانگریس کی اسمبلی چناؤ میں اکثریت حاصل نہ ہونا (صفحہ ۳۱) وغیرہ بہت سے پیشن گوئیاں ہیں جو اپنی سچائی خود بخود بیان کرتی ہیں۔

۲۰۰۸ء میں گرہوں کی آکاشی کونسل اور اہم پیشنگوئیاں

سمت ۲۰۶۵ (۲۰۰۸ء) میں گرہوں کی آکاشی کونسل کے ملک کے عہدیداروں میں سے سات عہدے غصیل گرہوں کا اور صرف تین عہدے نیک گرہو کو حاصل ہوئے ہیں۔ سات عہدوں میں سے دو خاص عہدے (بادشاہ اور وزیر) کے عہدے تیز تر لیکن غصیل گرہ سورج کو، دولت اور دھاتوں کے عہدے غصیل گرہ منگل کو ملے ہیں۔ بارش، پھلوں اور فوج کے عہدے ناقص گرہ شنی کو حاصل ہوئے ہیں۔ کھیتی اور دھان کے عہدے اچھے لیکن آپسی مخالف گرہ بدھ اور چندرماں کو اور رسوں کا عہدہ برہسپت کو ملا ہے۔ آکاشی کونسل میں ناقص گرہوں کا زائد ہونے سے آئندہ سال دنیا خاص کر بھارت، پاکستان، اور کچھ ایشیائی ملکوں کا سیاسی اور سماجی ماحول بدامنی، غیر یقینی رہیں گے۔

بادشاہ اور وزیر کے دونوں عہدہ ایک ہی گرہ سورج کے پاس ہونے سے سماج میں غصہ اور تیزی کی وجہ سے دہشت گردی کی وارداتیں زیادہ ہونگی۔ سیاسی اداروں میں غیر یقینی حالات رہے۔ بدامنی چوری، لوٹ مار، اغوازنی، توڑ پھوڑ اور فرقہ وارانہ دنگے زیادہ ہوں۔ سیاسی رہنماؤں میں آپسی مخالفت ٹکراؤ اور کھینچ تان زیادہ رہے۔ دھن اور دھاتوں کا مالک تیز اور غصیل منگل ہونے سے معاشیاتی غیر یقینی رہے۔ امیروں اور غریبوں کے درمیان فرق اور بڑھیگا۔

سیاسی لیڈروں کا من مانا برتاؤ رعایہ کے مصیبتوں کا سبب بنے۔ سونا چاندی۔ پیتل وغیرہ دھاتوؤں کے قیمتوں میں اور تیزی ہو۔ بارش پھلوں اور سینا کا سوامی شنی ہونے سے غیر ضروری اور بے موسمی بارشی ہونے سے کہیں زیادہ بارش سے باڑھ کا خطرہ اور کہیں کم بارش سے کھیتی دھان وغیرہ کی کمی رہے۔ پھلوں کی پیداوار میں بھی کمی رہے۔ سینا کا عہدہ بھی شنی کے پاس ہونے سے شنی کے پاس ہونے سے شنی سے متاثر ملکوں میں اندرونی دنگے اور میں فرقہ ورانہ فساد اور ٹکراؤ ہو۔ کھیتی کا ملک بدھ اور دھان مالک چندر ہونے سے گیہوں چنا، چاول ایکھ، کپاس وغیرہ کی پیداوار اچھی ہو۔ آبادی میں بھی خاص اضافہ ہوگا۔ مذہبی پروگرام زیادہ ہونگے۔ پلوٹام کے نیا سموتسر ہونے اونچے عہدوں پر بیٹھے لوگ ہی زیادہ خوش حال ہونگے۔

عام لوگ پیچیدہ بیماریاں مالی پریشانی سے تکلیف میں ہونگے۔ پیٹ میں خرابی سانس، شوگر، دل کا مرض، اور دماغی بیماریوں میں اضافہ ہوگا۔ عام استعمال کی چیزیں جیسے دودھ، پانی، بجلی، کوئلہ، لوہا، سونا، چاندی، تیل، پیٹرول، ڈیزل، چاول، گیہوں دال، سبزی کے دام زیادہ تیز ہونگے۔

داخلہ نیا سمت اور جگت لگن کنڈلی مطابق بھویکھ پھل

۲۰۶۵ء نئے سمت کا داخلہ ۶ اپریل ۲۰۰۸ یعنی اتوار کو چیت اماوس کے ختم ہونے پر صبح ۹ بجکر ۲۵ کے بعد برکھ لگن میں داخل ہوگا۔ برس لگن کا مالک شکر اوچ راشی کا ہو کر گیارہویں خانہ میں سورج، چندرماں بدھ وغیرہ گرہوں کے ساتھ چار گرہی یوگ بنا رہا ہے۔ نویں خانہ میں مکر راشی طلوع ہے جو کہ بھارت کی زیر اثر لگن راشی بھی ہے۔ اس راشی کا مالک سنیچر چوتھے خانہ میں دشمن کی راشی سنگھ میں کیتو گرہ کے ساتھ بیٹھ کر لگن راشی (برکھ) کو دوستانہ نظر سے دیکھ رہا ہے۔ اس گرہ یوگ کے مطابق دنیا کے بہت سے ترقی کردہ اور ترقی یافتہ ملکوں کے اثر راشی بھی ہے۔ اس گرہ یوگ کے مطابق ایران، عراق، پاکستان وغیرہ ملکوں میں مسلم اکثریت والے ملک عالمی سیاست کا مرکز بنیں رہیں گے۔

۲۰۰۸ میں گرہ گوچر کا دنیا پر اثر

برس کے شروع میں ہی ۱۹ جنوری (۲۰۰۸) سے ۱۲ فروری کے درمیان گرو شکر کے بیچ خراب یوگ دھن راشی پر بنا ہوا ہے۔ اس پر تیز ترار گرہ منگل کی نظر رہے گی۔ جس سے دنیا کے کچھ خاص ملکوں میں جیسے عراق، بنگلہ دیش، برما، پاکستان، ایران، شری لنگا، نیپال وغیرہ میں آگ زنی، سیاسی ٹکراؤ فرقہ وارانہ فساد ہونگے۔

यत्र मासे महीसूने जायन्ते पंचवासरा : ।
रक्तेन पूरिता पृथ्वी छत्रभंगस्तदा भवेत् ॥

برس کنڈلی میں سورج شنی کے بیچ کھٹاسٹک یوگ اور بیساکھ ماہ ہونے سے کہیں آگ زنی، حکومت میں بدلاؤ اور بدامنی ہونگی۔ کسی بڑے نیتا کی اچانک موت اور معطل ہونے کے آثار ہیں۔

۲۱ جون سے ۹ اگست کے بیچ منگل سنگھ راشی میں آکر شنی کے ساتھ رشتہ بنائیگا۔ اس درمیان میں پاکستان، ایران، عراق، ایران افگانستان، بنگلہ دیش اور مسلم ملکوں میں کہیں بھیانک آگ زنی جنگ اور سیاسی اٹھل پتھل رہے گا۔ ۱۷ اگست سے شنی سنگھ راشی میں غروب ہوگا۔ جو کہ ۲۰ ستمبر تک رہے گا۔ شکر پہلے ہی جولائی کے پہلے ہفتہ تک غروب رہ چکا ہے۔ اس درمیان کھاڑی ملکوں میں جیسے عراق اور امریکہ، لبنان اور اسرائل اور پکاستان کے سرحدی علاقوں میں جنگ اور لڑائی جھگڑے کے خبر ملیں گے۔ کہیں حکومت میں تبدیلی کے آثار ہے۔

۱۶ اگست سے ۱۵ ستمبر کے بچی سنگھ راشی ہی سورج، بدھ شکر، شنی اور چار گرہوں کا یوگ ہونے سے کہیں باڑھ، زمین دھنسا اور قدرتی قہروں سے مالی اور جانی نقصان ہونگے۔ اور پاک میں دھماکہ خیز وارداتیں ہونگے۔

ستمبر اکتوبر میں پھر پانچ منگلواروں کا ہونا، کال سرپ یوگ اور ۱۳ دسمبر سے ۱۱ جنوری میں پانچ سنیچر اور پانچ اتواروں کا ہونے سے پاکستان، بھارت کے علاوہ دکھنی ایشیا کے کچھ ملکوں میں حکومت میں تبدیلی، فرقہ ورانہ فساد آگذنی کی وارداتیں ہونگی۔ دنیا میں کہیں نامراد مرضوں کا قہر اور جنگ کا خوف بنتا ہے۔

اوپر لکھے مخالف گرہوں کے زیر اثر کئی بار عالمی شانتی پر اثر ہوگا۔ لیکن برس داخل اور جگت لگن کنڈلیوں میں سنگھ راشی شنی پر گرو کی اچھی نظر پڑنے سے باہری طور پر دنیا کے لگ بھگ سبھی فرقہ کے لوگ دیش ودیش جاک اپنی تہذیب اور تمدن کا پرچار کریں گے۔ سائنس ٹاکنالوجی کا زبردست ترقی کے ساتھ عالمی بھائی چارہ اور آپسی تعلقات بہتر ہونگے۔

برس کنڈلی میں متھن (امریکی کی متاثر راشی) پر منگل کی موجودگی ہونے سے صدر بش کی خود غرض اصولوں کی وجہ سے دنیا کے بہت سے ملک امریکہ کی کنٹرول سے آزاد ہونے کے خوش میں رہیں گے۔ پاکستان اور ہندوستان میں بھی امریکہ کے خلاف عام لوگوں میں تیز ہونگے۔

کنڈلی داخلہ سال ۹/۲۵

جگت لگن کنڈلی ۲۹/۱۸

برس کنڈلی میں پڑے گہروں کے مطابق میکھ، متھن، سنگھ، کنیا، کنبھ اور مین راشی کے ملک خاص متاثر ہونگے۔

جگت لگن کی کنڈلی کے مطابق ۱۳ اپریل، اتوار، کو جگت لگن شام ۶ بجکر ۲۹ منٹ پر کنیا لگن میں داخل ہوگا۔ بدھ ساتویں خانہ میں شکر کے ساتھ ہے۔ منگل دسویں خانہ میں پڑکر لگن راشی کا دشمنی نظر سی دیکھ رہا ہے۔ گرہ حالات کے مطابق دنیا کے کئی ملکوں خاص کر دکھنی ایشیائی، کچھ ملک پاکستان، بنگلہ دیش، بر، نیپال، شری لنکا، بھارت وغیرہ میں سیاسی اور سماجی ماحول کشمکش کن اور تناؤ میں رہیگا۔ منگل پر حالانکہ گرو کی اچھی نظر پڑنے سے امریکہ کے ساتھ دنیا کے خاص ملک میں عالمی امن کے لئے کوش میں ہونگے۔ لیکن یہ کوشش صرف دکھاوا ہوگا۔ لگ بھگ سبھی دیش جیسے امریکہ، روش، فرانس، چین، انگلینڈ، ایران، ہندوستان پاکستان جرمنی وغیرہ ملک اپنی اٹومک طاقت کی آڑھ میں خطرناک ہتھیاروں کو اکٹھا کرنے میں لگے رہیں۔ عالمی سیاست میں کچھ ملک نئے ملکوں کے بیچ گٹھ جوڑ بنیں گے۔ دھیان رہے جگت لگن میں ہندوستان کی زیر اثر راشی مکر پر منگل کی اوچ نظر پڑ رہی ہے۔ جس سے عالمی سیاست میں ہندوستا کی عزت اور وقار میں اضافہ ہوگا۔ اسکے الٹ پاکستان کی زیر اثر راشی پر منگل کی دشمانہ اور غصیل نظر پڑ رہی۔ اسکے زیر اثر پاکستان کی موجودہ مشرف سرکار کے لئے آئندہ سال بہت مصیبت بھرا ہوگا۔ مشرف حکومت کی تاناشاہی پالیسی کی وجہ سے پاکستان میں سندھ، بلوچستان اور کچھ اور حصوں میں آگ زنی دنگی فساد اور مجاہدین گردپوں کے ذریعہ دھماکہ خیز وارداتیں ہونگے۔

دنیا کے کچھ دوسرے ملک

امریکہ۔ جگت لگن کنڈلی میں اسی زیر اثر راشی متھن پر منگل ہونے سے موجودہ بُش حکومت کی گندی ودیشی پالیسیوں کی وجہ سے امریکہ کی شاخ کو عالم سطح پر برا اثر پڑیگا۔ عراق۔ ایران۔ پاکستان، افغانستان وغیرہ مسلم ملکوں سے رشتہ ناکامیاب رہے گا۔ بھارت کے ساتھ اٹومِک اقرار پر سوالیہ نشان بنا رہے گا۔ پاکستان کے ساتھ امریکہ کے سیاسی رشتہ غیر یقینی رہیں گے۔ اٹومک انرجی اور انتر کچھ میں کافی ترقی کریگا۔ ہندوستان کے ساتھ سیاسی رشتہ ایسے ہی بنے رہیں گے۔

پاکستان۔ جگت کنڈلی میں اسکی زیر اثر راشی کنیا کا ہی لگن طلوع ہے جس سے عالمی سیاست میں یہ ملک چرچا کا مرکز بنا رہیگا۔ جگت کنڈلی میں کنیا راشی کا مالک گرہ نچلے خانہ اور راشی پر منگل کی دشمانہ نظر پڑ رہی ہے۔ پاکستان کے موجودہ صدر مشرف کی اپنی تاناشاہی رویہ کے وجہ سے مشکلوں کا سامنا کرنا پڑیگا۔ ان کے وقار کو دھکا لگے گا۔ پاکستان کے اندرونی حالات بہت کشمکش بھرے رہیں گے۔ مشرف مخالف پارٹی فساد دنگا، آگ زنی کی واردات کو بڑھا دینگے۔ مشرف مخالف سبھی پارٹیاں متحد ہو کر آواز بلند کرینگی۔ پاکستان میں ایمرجنسی کے حالت بنیں گے۔ تاناشاہی طاقتوں اور جمہوریت پسند لوگوں کے درمیان ٹکراؤ بڑھیں گے۔ دہشت گرد، توڑ پھوڑ کرنے کے نئے نئے راستے تلاش کریں گے۔ پاکستان میں سیاسی طور پر افراتفری اور دہشت گردی کے حالات بنیں گے۔ کچھ مقاموں پر دھماکہ خیز واردات ہونگے۔

۲۰۰۸ء میں گرہوں کی پوزیشن اور بھارت کا بھویکھ پھل

آزاد ہندوستان کے ۶۱ ویں سال (۱۵ اگست ۲۰۰۷ء) میں بھارت کنیا لگن میں داخل ہو چکا ہے۔ لگن کا مالک بدھ حالانکہ غروب ہے۔ ۱۱ ویں بھاؤ میں سورج کے بدھ کا یوگ بنا ہوا ہے۔ پنچم شنی بدھ بارہویں خانہ میں شکر، چندر، اور کیتو کے ساتھ چہار گرہی یوگ بنا رہا ہے۔ گرہ چال کے مطابق برس کے لگ بھگ پہلے حصہ میں بھارت کے کاروبار میں اور ودیشی مدرا بھنڈار میں خاص اضافہ ہوگا۔ مختلف ترقی اسکیموں سے بھارت کی اہم ترقی کا دور شروع ہوگا۔ سال کے اتری حصہ میں یو پی اے سرکار کے گھٹک دل بائیں بازو موجودہ حکومت کے لئے کشمکش حالات پیدا کریں گے۔ آزاد بھارت کی کنڈلی کے دوئم خانہ کا سوامی شکر بارہویں خانہ میں چند کیتو اور شنی کے ساتھ ہونے کے آثار ملتے ہیں کہ مرکزی حکومت کی زیادہ تر اسکیموں کا فائدہ عام لوگوں نہیں مل پائیگا۔ کچھ خاص درجہ کے بڑے لوگ ہی ان اسکیموں کا فائدہ اٹھا پائیگا۔

۵۹ ویں یوم جمہوریت (۲۶ جنوری ۲۰۰۸ء) کی کنڈلی میں بھی مکر لگن طلوع ہو چکا ہے۔ دوئم میں راہو اور بارہویں خانہ میں شکر دشمن راشی ہو کر منگل کی نظر ہونے سے پاپ گرہ پر د ہوا ہے۔ جس کے نتیجہ میں بھارت کی پچھمی اور اتری سرحدوں پر باہری دشمنوں کے ذریعہ دہشت گردی پھیلائیں گے۔ دنگا فساد ذاتی ٹکراؤ، بدامنی، بے ایمانی اور سیاسی پارٹیوں میں آپس میں ٹکراؤ بجلی میں کمی، صنعتی اکائیوں میں کمی، بگڑتے قانون اور انتظام، بیروزگاری اور بڑھتی آبادی۔ خود غرض سیاسی لیڈروں میں ملک کے لئے قربانی اور جذبات میں کمی رہے گی۔ غیر یقینی حکومت کے باوجود بھارت آئی ٹی انڈسٹری، خلائی، کمپیوٹر اسٹیل اور کپڑا انڈسٹری میں اور ودیشی کاروبار میں کافی ترقی کریں گے۔

۲۰۰۸ء میں گرہ گوچر کے مطابق بھارت کا بھویکھ پھل

سال کے شروع میں (جنوری ۲۰۰۸ء) سے ہی ناقص گرہ شنی سنگھ راشی میں وکری ہے اور گرو دھن راشی میں گردش کر رہا ہے۔ جس سے ملک کے کچھ حصوں میں اناج کی کمی اور قیمتوں میں بہت زیادہ اضافہ ہوگا۔ کہیں کچھ خوفناک بیماریاں پیدا ہونگی۔ اور کہیں حکومت میں تبدیلی ہوگا۔ بدامنی کا ماحول چھایا رہے گا۔

۲۴ دسمبر سے ۲۲ جنوری میں پانچ منگل ہونے سے کسی پردھان نیتا کا عہدہ خالی ہو۔ حکومت میں تبدیلی کے آثار ہیں۔

۱۴ جنوری سے ۱۲ فروری میں کھٹاشٹک یوگ اور برہسپتی شکر کا یوگ اگنی راشی دھن میں بنا ہوا ہے جس سے کچھ پردیشوں میں سیاسی ماحول میں تناؤ فرقہ ورانہ فساد،

کنڈلی آزاد بھارت (۱۵ اگست ۱۹۴۷ء)

آزاد بھارت ۶۱ واں سال
۱۵ اگست ۰۸-۲۰۰۷ء

جمہوری بھارت ۵۹ واں سال
۲۶ جنوری ۲۰۰۸ء

دنگوں کی واردات ہونے کے آثار ہیں۔ ۱۳ فروری سے ۱۳ مارچ کے بیچ سورج راہو کا یوگ اور سورج شنی کے بیچ سم سپتک یوگ بنیگا۔ یہ یوگ بھی پردھان لیڈر کے نقصاندہ رہیگا۔ سیاسی کشمکش اور تبدیلی کے آثار ہیں۔

آزاد بھارت ۶۲واں سال
۱۵ اگست ۲۰۰۸ء

۱۰ راہو
۸
۹ چندر
برہسپتی
۱۱
۷
۱۲
۶ منگل
۵ بدھ
شکر
شنی
۳ متھا
۱
۴
سورج کیتو
۲

۲۲ مارچ سے ۲۰ اپریل میں پانچ شنیچر وار اور پانچ اتوار ہونے سے سماج میں پیچیدہ مرض، دنگا فساد، فرقہ ورانہ دنگا خونی وارداتیں زیادہ ہونگے۔ اناج وغیرہ ضروری چیزوں میں مہنگائی بڑھے گی۔

۲۱ اپریل ۲۰ مئی میں پانچ منگلوار ہونے سے کہیں حکومت میں بدلاؤ دنگا فساد۔ جنگ کا ڈر مارپیٹ کی واردات ہوتی ہے۔ اس دوران اہم لیڈ کی اچانک موت یا معطل ہونے کے آثار ہیں۔ ۲۱ جون سے ۱۰ اگست کے بیچ شنی منگل کا یوگ سنگھ راشی میں رہے گا۔ جس سے اتر پردیش، مدھیہ پردیش، شری نگر، بہار، اڑیسہ، اسم بنگال وغیرہ صوبوں میں اناج کی کمی اور کہیں جنگ کا ڈر رہے گا۔ گجرات، کرناٹک، اتر پردیش بنگال، بہار وغیرہ صوبوں میں دنگا فساد جھگڑے اور بدامنی کی وارداتیں ہونگی۔

کال سرپ یوگ :- ۲۹ اگست سے ۱۲ ستمبر کے بیچ کال سرپ یوگ بننے سے سیاسی ٹکراؤ اور کشمکش، غیر یقینی حالات بنے رہیں گے۔ اس دوران کہیں باڑھ اور کہیں قدرتی آفات آنے آثار ہیں۔ ۲۵ ستمبر سے ۱۱ اکتوبر کے بیچ کال سرپ یوگ ہونے سے کہیں دھماکہ خیز واردات دنگا، فساد ہوں گے۔ سرحد پر دہشت گردی کی واردات زیادہ ہو۔

اشونی سنکرانتی ۱۶ ستمبر منگلوار کو ہونے سے کسی بڑے لیڈر کے معطل اور اچانک موت ہو جانے کے آثار ہیں۔

پوہ ماہ (دسمبر سے جنوری ۲۰۰۹) میں ۵ شنی اور ۵ اتوار ہونے سے ضروری چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ ہونے سے لوگوں میں کافی مایوسی پھیلے گی۔ کہیں قدرتی آفات دنگا، فساد حکومت میں تبدیلی ہونگے۔ ۱۱ جنوری سے ۹ فروری ۲۰۰۹) میں پھر ۵ اتوار ہونے سے کہیں قدرتی آفات دنگا فساد جیسے واردات ہونگی۔

۲۸ جنوری سے ۱۳ مارچ ۲۰۰۹ کے بیچ مکر راش پر چوتھی گرہی اور پنچ گرہی یوگ کی وجہ سے بھارت کی مرکزی حکومت کے لئے مشکل امتحان کی گھڑی ہے۔ کہیں سیاسی کشمکش اور غیر یقینی حالات پیدا ہونگے۔ سیاسی میدان میں کافی تبدیلی دیکھنے کو ملیں گے۔

ہماچل پردیش :- زیر اثر راشی مین اور نام راشی کرک ہے۔ ۵۹ویں سال کے یوم جمہوریت (۲۶ جنوری ۲۰۰۸) کی کنڈلی میں راشی کا مالک گرو دوئم درجہ راشی دھن میں شکر کے ساتھ اور منگل کی نظر ہے۔ آگامی سال دھان سبھا اور لوک سبھا انتخاب میں کانگریس کو کم سیٹیں حاصل ہونگی۔ صوبہ میں بھاجپا کا اثر بڑھے گا۔ لیکن دونوں اہم پارٹیوں میں کانٹے کی ٹکر ہونگی۔ حالانکہ موجودہ ویربھدر سرکار نے صوبے کئی حصوں میں ترقی کے کام اور اسکیمیں کا اعلان کیا ہے۔ صنعتی، ٹورسٹ، بجلی، کھیتی باغبانی، سڑک کے وکاس کے لئے خاص کوشش کی جائیگی۔ عام لوگوں کو سرکار کی ان اسکیموں کا پورا فائدہ نہیں پائیگا۔ جس سے موجودہ سرکار کو جنتا کا ووٹ پانے کے خاص کوششیں کرنے ہونگے۔ نہیں تو بھاجپا طاقتور پارٹی کے شکل میں ابھر کر سامنے آئیگی۔

پنجاب۔ اسکی زیر اثر راشی مین ہے اور نام راشی کنیا ہے۔ یوم آزادی کنڈلی اور نئے سال داخلہ کنڈلی میں موجود گرہوں کے مطابق موجودہ گٹھ بندھن بادل سرکار کو خاص سیاسی چنوتیوں کا سامنا کرنا پڑیگا۔

دھیان رہے کہ پنجاب ہیڈنگ کے ساتھ ہی پچھلے سال مفید عالم میں ہماری بھوکھ پھل پوری طرح سے سچ ثابت ہوئی ہے کہ سال پہلے حصہ میں صوبائی سرکار (کانگریس) کے لئے خاص چنوتی سے بھرا ہوگا اور کانگریس کو آگامی ودھان سبھا چناؤ میں بہومت نہیں ملے گی۔

آنے والے سال بادل سرکار صوبے میں ودیشی نویش، کھیتی، آئی ٹی، رٹیل سیکٹر انڈسٹری وغیرہ کے ترقی کے لئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ لیکن ٹیکس میں اضافہ، بجلی اور کئی ضروری کی چیزوں کے قیمتوں میں بڑھوتری، مہنگائی سے عام لوگوں میں مایوسی اور غصہ رہے گا۔ آنے والے لوک سبھا چناؤ میں موجودہ اکالی بھاجپا گٹھ بندھن سرکار کو کافی نقصان ہوگا۔ اور سرکار کی عوام میں مقبولیت کم ہوگی۔

ہریانہ :- زیر اثر راشی کرک اور نام راشی متھن ہے۔ ہریانہ کے کچھ حصوں میں راجا سورج اور کچھ حصوں میں چندر ہوگا۔ کرک راشی پر ساڑھ ستی کا اثر رہے گا۔ موجودہ کانگریس سرکار کے سامنے کئی چنوتیاں ہونگی۔ مختلف اسکیموں کا فائدہ عام لوگوں تک نہیں پہنچ پائیگا۔ دوسری پارٹیوں کے نیتا اپنا اثر بڑھائینگے۔ عام لوگوں اور کسانوں کے غصہ کی وجہ سے لوک سبھا چناؤ میں پردیش

کانگریس سرکار کم کامیابی ملے گی۔ علاقائی گٹھ بندھ کو فائدہ پہنچے گا۔

جموں کشمیر :- نام راشی مکر اور زیر اثر راشی تلا ہے۔ ۵۹ ویں سال کے یوم جمہوریت کی کنڈلی میں اسکی نام راشی مکر کا لگن ہی طلوع ہے۔ راشی کا مالک شنی کا دشمن سنگھ آٹھویں خانہ میں گردش اور زیر اثر راشی کا مالک شکر کا دوسری خانہ میں گردش نامبارک حادثوں کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ موجودہ حکومت وسٹھاپت کشمیری پنڈتوں کے بسانے کے متعلق کافی مایوس کن رویہ رہے گا۔ حالانکہ کشمیر میں ٹورزم، سیب کھیتی، بجلی، روزگار دینے میں خاص کوشش کریگا۔ لیکن دحشت گردی کی وارداتوں وجہ سے صوبے کی ترقی میں رکاوٹیں پیدا ہوتی رہے گی۔ آنے والے چناؤ میں نشنل فرنٹ گٹھ بندھن کا اثر بڑھیگا۔

راجستھان :- زیر اثر راشی کرک ہے۔ ۶۲ ویں سال کی آزاد بھارت کی کنڈلی میں آٹھویں خانہ میں جانے سے کیتو کے گردش کی وجہ سے موجودہ بھاجپا سرکار کو مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑیگا۔ عام لوگوں تک ترقی کا احساس صفر رہے گا۔ لوگوں میں مہنگا اور سرکار کے خلاف غصہ۔ کانگریس کی حالات اس پردیش میں اچھی رہیگا۔

دہلی۔ نئی یوم جمہوریت میں اس زیر اثر مکر راشی کا لگن ہی طلوع ہوا ہے۔ صوبے میں روڈویز، بجلی، پینے کا پانی، ٹورزم اور کھیل وغیرہ سے متعلق کئی اسکیمیں بنائے جائینگے۔ لیکن اسکا فائدہ عام لوگوں تک نہیں پہنچے گا۔ بدامنی، مہنگائی، بجلی اور پانی کی کمی سیلنگ وغیرہ کی مسائل حل ہونے کے باوجود موجودہ کانگریس حکومت کے لئے اپنا وقار بچائے رکھنا مشکل ہوگا۔ بھاجپا کا اثر بڑھیگا

اتر پردیش :- زیر اثر راشی دھن اور نام راشی برکھ ہے۔ زیر اثر راشی پر ۹ دسمبر تک گرو کا گردش اچھا اشارہ ہے۔ دھیان رہے پچھلے سال اسی کالم میں پیج ۶۳ پر سماجوادی پارٹی کی ہاڑ کے متعلق صاف پڑھیں۔ ودھان سبھا چناؤوں میں سماجوادی پارٹی کو کم سیٹیں حاصل ہونگی۔ حکومت میں تبدیل کے آثار ہیں۔

آنے وال سال میں لوک سبھا چناؤ میں بھی بسپا، کانگریس اور بھاجپا کا اثر بڑھیگا۔ موجودہ بسپا سرکار نئی انقلابی اور ترقی کے اسکیموں کا اعلان کریگی۔

کانگرس گٹھ جوڑ یو.پی.اے (U.P.A) سرکار کا بھویک پھل

موجودہ یو پی اے گٹھ بندھن منموہن سرکار ۲۲ مئی ۲۰۰۴ سنیچر کو آردرا پچھتر اور شکل یوگ کے دوران تلا لگن میں شپتھ گرہن کی تھی۔ اس دوران کنڈلی میں چار لگن طلوع تھا۔ لگن خانہ

موجودہ وزیر اعظم منموہن سنگھ
۲۶ ستمبر ۱۹۳۲۔ ۲ پی ایم

میں کیتو اور ساتویں خانہ میں بدھ راہو کا بُرا یوگ پڑا ہے۔ شپتھ گرہن وقفہ میں بھدرا اور شول وغیرہ بُرے یوگوں اور آردرا (راہو کے) پچھتر میں ہونے سے کانگریس کی گٹھ بندھن سرکار پر کشمکش اور غیر یقینی حالات پید ہوتے رہیں گے۔

یو پی اے سرکار سپتھ کا لین کنڈلی
۲۲ مئی ۲۰۰۴۔ ۴۲/ ۷ اپی ایم

موجودہ وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کی جنم کنڈلی میں پڑے گرہوں کے مطابق انکو ۷ فروری ۲۰۰۷ سے راہو کی مہادشا کے درمیان میں کیتو کی انتر دشا چل رہی ہے۔ جو کہ ۲۵ فروری ۲۰۰۸ تک رہیگی۔ اس درمیان ہمیشہ براثر ہوتا ہے۔ اس دوران ساتھیوں سے اختلاف، رنجش، جسمانی تکلیف، دوست بھی غیروں جیسا برتاؤ کرنے لگتے ہیں۔ مگر دھیان رہے وزیر اعظم کی کنڈلی میں راہو کیتو کا اثر شبھ ہونے سے ان کا اتنا بڑا نقصان نہیں ہوگا۔ گوچر سے آج کل اُن کے جنم لگن دھن کا سوامی گرو دوسری خانہ برسچک میں گردش کر رہا ہے۔ جو کہ ۲۱ نومبر ۲۰۰۷ تک جیشٹا پچھتر اور دوسری خانہ میں گردش کریگا۔ ۲۵ فروری ۲۰۰۸ کے بعد منموہن سنگھ جی کو راہو شکر کی انتر دشا تین سالوں کے لئے موجود رہے گی۔ اُنکی کنڈلی میں شکر آٹھویں خانہ میں ہو کر نیچ اور پاپ گرہ منگل سے متاثر ہے۔ اسلئے فروری ۲۰۰۸ کے بعد لگ بھگ تین ماہ تک سیاسی حالات غیر یقینی بنے رہیں گے۔ مگر لگن بھاؤ پر گرو کا گردش ہونے سے پارٹی میں پھر اونچے عہدہ حاصل ہونگے۔

۲۰۰۸ میں کانگریس پارتی کی بھویکھ

بات چیت کے وقت خاص موقعہ پر کسی آدمی کا دھیان اپنی طرف پھرنے کی کئی ایک تجویز ہیں۔ مثلاً اگر تمہارا مخاطب اِدھر اُدھر دیکھنے لگے۔ تو ایک تدبیر یہ ہے۔ کہ تم بھی اِدھر اُدھر دیکھنے لگو۔ جب اِدھر اُدھر دیکھنے سے فائدہ اُٹھانے کیلئے وہ پھر تمہاری طرف دیکھنے لگے۔ تو تم فوراً اُس کی طرف اپنی نگاہ پھیرو اور اس سے پہلے کہ وہ تمہاری طرف دیکھنے کی کوششیں کرے۔ پورے طور پر ممکن ہے کہ تم اپنی بات میں کامیابی حاصل کرو۔

گوچر گرہوں کا سعد و نحس (شبھ و ناقص) اثرات

بھارتیہ جیوتش میں گرہوں کے پھلادیش کے متعلق مختلف طریقوں کا ذکر ملتا ہے۔ زیادہ تر جیوتش (نجومی) لوگ گرہوں کے متعلق اچھے یا بُرے اثرات کو جاننے کیلئے جنم کنڈلی میں اچھے اور ناقص گرہوں کی حالت (پوزیشن) کو دیکھ کر یا ان کی دشا انتر۔ دشاؤں کو دھیان میں رکھتے ہوئے کسی شخص کی زندگی کے متعلق پیشنگوئی کرتے ہیں لیکن گرہوں کی نیک و بد حالت اور دشا۔ انتر دشاؤں کے علاوہ گوچر گرہوں کی حالت کو بھی خیال میں رکھ لیا جائے تو پھلادیش کے متعلقہ اور بھی بہتر نتائج حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

گوچر گہرہ کے طریقہ سے قمر (چندر) کنڈلی کو مرکز کر کے کرکسی خاص گرہ کی موجودہ حال کی پوزیشن کے مطابق اس کا اچھا یا بُرا پھل (اثر) بتلایا جاتا ہے۔ اگر اپنی پیدائش کی راشی کا علم نہ ہو تو اپنی نام راشی کی بنا پر گوچر گرہوں کی گردش کا حال جان سکتے ہیں مگر اس سے گرہوں کے اثرات کی مقدار میں کچھ کمی بیشی ہو سکتی ہے۔ کچھ عالم لوگ جنم لگن سے بھی گوچر گرہوں کے اثرات کا اندازہ لگاتے ہیں۔ یہ بھی اپنے تجربہ کی بناء پر محسوس کیا جاسکتا ہے۔ ماہرین جیوتش نے چندرماں کی بناء پر سبھی گرہوں کا گوچر پھل الگ الگ بیان کیا ہے۔ جیسے سنیچر اگر چندرماں سے ۳'۶ یا ۱۱ویں استھان (خانہ) پر گردش کرے گا تو اس کا اچھا پھل ہوگا لیکن ۱'۲'۴'۷'۸'۹'۱۰'۱۲ویں استھان (مقام) پر گردش کرے تو اس کا اثر خراب ہوگا۔ کسی بھی خصوصی گرہ کی گوچر پوزیشن آپ ہماری موجودہ سال کی مفید عالم جنتری سے دریافت کر سکتے ہیں۔ ماہرین علم نجوم نے نو گرہوں کے گوچر اثرات کو الگ الگ بیان کیا ہے جو کہ اس طرح سے ہے۔

گرہ	چندرماں سے گوچر گرہوں کا اچھا اثر	گرہ	چندرماں سے گوچر گرہوں کا ناقص اثر
سورج	۳'۶'۱۰'۱۱ویں خانہ	سورج	۱'۲'۴'۵'۷'۸'۹'۱۲
چندر	۱'۳'۶'۷'۱۰'۱۱واں	چندر	۲'۴'۵'۸'۹اور۱۲
منگل	۳'۶'۱۱واں استھان	منگل	۱'۲'۴'۵'۷'۸'۹'۱۰'۱۲
بدھ	۲'۴'۶'۸'۱۰'۱۱واں	بدھ	۱'۳'۴'۵'۷'۹'۱۲واں
برہپت	۲'۵'۷'۹'۱۱واں	برہپت	۱'۳'۴'۶'۸'۱۰'۱۲
شکر	۱'۲'۳'۴'۵'۸'۹'۱۰'۱۱'۱۲	شکر	۶'۷اور۱۰واں
سنیچر	۳'۶'۱۱واں	سنیچر	۱'۲'۴'۵'۷'۸'۹'۱۰'۱۲
راہو	۳'۶'۱۰'۱۱واں	راہو	۱'۲'۵'۷'۸'۹اور ۱۲
کیتو	۳'۶'۱۰'۱۱واں	کیتو	۱'۲'۵'۷'۸'۹'۱۲واں

عام طور پر سورج' منگل' راہو' سنیچر اور کیتو وغیرہ غصہ ور گرہ چندرماں سے گوچر وش ۱۔۲۔۴۔۵۔۷۔۸۔۹۔۱۰۔۱۱ اور ۱۲ ویں استھان (خانہ) پر دھن کا نقصان' بنتے کاموں میں اڑچنیں' جھگڑے فسادات' کلیش' بیماری و دشمن کا خوف' فضول خرچی' آمدن میں رکاوٹیں' بدامنی' گھریلو سکھوں میں کمی اور منصوبوں میں ناکامیابی حاصل ہوگی۔

سنیچر کی ساڑھ ستی اور اڈھیہ کے اثرات بھی شنی کی گوچر چال کے زیر اثر میں آتیں ہیں۔ سنیچر اور راہوں گوچر میں نحس حالت میں آنے سے کاروبار میں مالی نقصان اور گھریلوں اُلجھیں' صحت میں خرابی وغیرہ اور منگل و کیتو' سورج وغیرہ گرہ جھگڑے نسادات' حادثہ خون میں خرابی' عورت یا خاوند کے ساتھ اختلافاب وغیرہ ناقص اثرات پیدا کرواتے ہیں۔ گوچر میں اگر گرہ ناقص اثرات دے رہا ہو تو اسی جنتری میں درج گرہوں کا اپائے اختیار کر کے راحت حاصل کر سکتے ہیں۔

گوچر گرہوں کا پھل (اثر) دینے کا وقت

موٹے طور پر سورج اگلی راشی میں داخل ہونے سے ۵ روز پہلے' منگل ۸ روز پہلے' بدھ اور شکر ۷ دن پہلے (مقیم راشی کے مطابق) اپنا اچھا یا بُرا اثر دینا شروع کرتے ہیں۔ چندرماں اگلی راشی میں داخلہ سے ۳ گھڑی پہلے' راہو اور کیتو ۳ مہینے پہلے اور برہپت اگلی راشی میں داخل ہونے سے ۲ ماہ پہلے ہی اپنا اچھا یا بُرا اثر دینا شروع کر دیتے ہیں۔

گوچر گرہوں کے اثرات کے متعلق اور زیادہ تفصیل سے حال جاننے کے لئے ہماری شائع شدہ بڑی مکمل کتاب ''جیوش تو'' ہندی میں منگوا سکتے ہیں۔ اس میں پھلادیش کے متعلق بہت سے سنہرے اصول دیئے گئے ہیں۔

گھر بنانے میں واستو شاستر کے قاعدے

رسوئی گھر (Kitchan)۔ رسوئی گھر کے لئے پلاٹ کا آگے کون یعنی (پورب۔ دکن) کی دشا سب سے اچھی مانی جاتی ہے۔ رسوئی کے کمرہ میں بھی جو جو دکن پورب کا کونا ہو وہیں گیس کا سلینڈر یا چولہا یا سٹو در کھنا چاہیئے۔

اشنان گھر (Bath Room)۔ اشنان گھر کو مشرق (پورب) دشا میں بنانا چاہیئے اور شوچ گھر (Latrine) کو دکن۔ پچھم (جنوب۔ مغرب) دشا میں بنانا چاہیئے۔ لیکن آجکل جگہ کی کمی کی وجہ سے شوچ کی دشا کا خاص خیال نہیں رکھا جاتا ہے۔ اگر کسی وجہ شوچ گھر کسی دوسری دشا میں بنانا پڑے تو بھی شوچ والے کمرے میں شوچ کی جگہ دکن۔ پچھم دشا میں رکھنا ٹھیک ہوگا۔ اشنان گھر میں گیندر (پانی گرم والا) دکن۔ پورب دشال میں لگنا چاہیئے۔ ڈائینگ کمرہ (Dinning)۔ کھانہ اگر رسوئی میں نہ کیا جاوے تو اس کا بندوبست ڈرائینگ روم (Drawing Room) میں کیا جاسکتا ہے اس کے لئے ڈائننگ ٹیبل ڈرائنگ کمرہ کے دکن پورب میں رکھنا چاہیئے۔

بیٹھ (ڈرائینگ کمرہ)۔ موجودہ وقت میں ڈرائنگ (Drawing) کی خاص اہمیت ہے۔ اس میں فرنیچر دکن اور پچھم کی دشاؤں میں رکھنا چاہیئے۔ شمال اور مشرق (اتر۔ پورب) کی جانب کچھ کھلی جگہ چھوڑ دین چاہیئے۔

سونے کا کمرہ (Bed RooM)۔ گھر کے مالک کے سونے کا کمرہ دکن پچھم دشا میں ہونا چاہیئے۔ پلنگ یا چارپائی کمرے میں اس طرح سے لگاویں کہ آپکا سرانہ مشرق یا جنوب کی طرف رہے۔

پوجا کا کمرہ۔ اپنے گھر میں پوجا کی تعمیر۔ اتر پورب (شمال۔ مشرق) دشا میں رکھنی چاہیئے اور پوجا یا عبادت کرتے وقت آپکا منہ بھی پورب یا اتر دشا کی جانب ہونا چاہیئے۔

گھر کا اہم دروازہ (Main Gate)۔ مضبوط، خوبصورت اور دلکش ہونا چاہیئے۔ اگر ہو سکے تو اس کی دشا اتر یا پورب دشا میں ہونی چاہیئے۔ اگر ہو سکے تو اس کی دشا اتر یا پورب دشا ہونی چاہیئے۔ اگر مکھ دروازہ کے سامنے کوئی واستو کا دوش (نحس) ہوتی اس کے باہر سواستک کا نشان تلسی یا گلاب کے پودھے لگا دیں۔

واستو دوش دور کرنے کے کچھ اپائے: اگر مکان میں واستو شاشتر کے مطابق کوئی نحس (دوش) یا خرابی پائے جائے تو اس کے زیر اثر گھر کے مالک اور اس کے پریوار (جیسے بیوی اولاد، والدین وغیرہ) یا دفعی دولن کے متعلق پرشانیا بنی رہتی ہیں۔ اس میں رہنے والوں کی صحت بھی ٹھیک نہیں رہتی۔ اس کے لئے ماہرین نے کچھ اپائے تجویز کئے ہیں۔

(۱) جب بھی پانی پیئے اپنا منہ مشرق یا شمال کی طرف رکھیں اور بھوجن کرتے وقت بھی اپنا منہ پورب یا اتر دشا کی طرف رکھیں۔ (۲) ہر طرح کی خوشحالی کیلئے اپنے مکھ (اہم) دروازہ پر شری گنیش، لکشمی، سواستک یا ادم، ۷۸۶ وغیرہ کے مبارک نشانا بنوا کر لگالیں۔ (۳) رسوئی گھر اگر غلط جگہ پر جن گیا ہوت دکن۔ پورب دشا کے کونے میں ایک ہلکی پاور کا بلب لگا دیں جو صبح و شام کے وقت جلتا رہے۔ (۴) گھر میں شری رام چرت مانس کے 9 پاٹھ کروانے کے بھی واستو دوش دور ہو جاتے ہیں۔ (۵) گھر میں نو روز تک شری بھگوان کا کیرتن، شری گنیش استوتر، شری ہنومان چالیسہ یا شری درگا سپتشتی کا پاٹھ بلاناغا 9 روز تک کرتے رہنے سے بھی بہت سے واستو دوش دور ہو جاتے ہیں۔ قرآن شریف کی آہیت مبارک کا پاٹھ عبادت کی جاسکتی ہے۔ (۶) گھر کے اہم دروازہ کے آس پاس شری تلسی کا پودھا یا آم کیلا وغیرہ میٹھے پھلوں کے درخت لگائے جاسکتے ہیں ورزائید تفصیل سے اپائے دیکھنے کے لئے ہماری شائع ممفید عالم جنتری ہندی 2003 کا مطالع کر سکتے ہیں۔ ہندی میں واستو ساستر کے متعلق کتب بھی دستیاب ہونگی۔ مصنف پنڈت پنالال جوتشی۔ جالندھر۔

گم ہوئی چیز ملے گی ؟

گھر میں کاروبار میں اچانک کوئی قیمتی چیز گم ہو جائے تو اس کے متعلق چار قس کے پچھتر خیال کئے جاتے ہیں۔(۱) اندھا کش (۲) سلوچن (۳) مدھم کش (۴) مندراکش

(۱) اندھا کش پچھتروں میں گم ہویا چوری ہوئی چیز مشرق دشا کی جانب گم ہوتی ہے۔ اور کشش کرنے پر جلد مل جاتی ہے۔

(۲) سلوچ پچھتروں میں گم ہوئی چیز شمال (North) دشا کی طرف ہو جاتی ہے۔ اس کا کچھ پتہ نہیں چلتا اور نہ ہی وہ کوشش کرنے پر حاصل ہوتی۔

(۳) مدھیہ کش پچھتر میں گم یعنی چوری چیز دکھن دشا کی طرف گم ہوئی ہوتی ہے اور بہت کوشش کرنے کے بعد آخر مل جاتی ہے۔

نام پچھتر	جس نچھتر میں گم ہوئی ہے							ملیگی یا نہیں
اندھاکش	روہنی	پکھ	اترا اپھا	وشاکھا	پوکھاڑہ	دھنیشٹہ	ریوتی	کوشش کرنے پر جلد ملیگی
سلوچن	کرتکا	پنربسو	پوپھاگنی	سواتی	مولا	شرون	اترابھا	نہیں ملے گی
مدھم کش	بھرنی	آردرا	مگھا	چترا	جیشٹا	ابھیجت	پوربا بھادر	پتہ لگنے پر بھی ملنا مشکل ہے
مندراکش	اشونی	مرگشر	اشلیکھا	ہست	انورادا	اترا کھاڑہ	شتبھکا	بہت کوشش کرنے پر ملیگی

چوری کا مال کہاں پر ہے؟ مندرجہ بالا طریقہ کا چور کا نام کیا ہے میں ۲۸ کی تقسیم سے جو کچھ باقی بچے اس کو چار پر تقسیم کیجئے۔ اگر ایک باقی رہے تو مال بہت قریب ہے یعنی اس جگہ محلہ یا شہر میں ہے اگر ۲ باقی بچیں تو مال ایک جگہ سے منتقل ہو کر دوسری جگہ چلا گیا ہے۔ اگر کچھ بھی باقی نہ ہو تو مال دور جا چکا ہے۔ واللہ اعلم!

چور مرد ہے یا عورت۔ اسی خارج قسمت کو جو اعداد ہوں انہیں باقی القسمت سے ضرب دیکر ۹ پر تقسیم کریں اگر باقی القسمت عدد جفت ہو تو کسی عورت کی سازش سے چوری یا خود عورت چور ہے اگر اعداد طاق ہوں تو چور مرد ہے۔

چور کی عمر کیا ہے۔ مندرجہ بالا قاعدہ سے چور مرد ہے یا عورت سے جو اعداد تقسیم کے بعد باقی القسمت چار ۴، ۵، ۶ ہو تو چور نوجوان و طاقتور ہے۔ اور اگر باقی القسمت ۷، ۸، ۹، ہو تو چور سن رسیدہ ہے یعنی بوڑھا آدمی۔

شراب اخلاق کی دشمن

پروفیسر بیروفن نے لکھا ہے شراب انسان کے اخلاق کے ساتھ وہی کام کرتی جو آگ مٹی کے تیل کے ساتھ۔ وہ تمام محاسن کو رفتہ رفتہ جلا کر انسان کو نڈر بنا دیتی ہے۔ آدمی خوف خدا، قوانین مذہب اور آئین کا حکومت کسی کے پاس نہیں رہتا۔ آدمی نشے کی حالت میں ہر طرح کے جرائم کا مرتکب ہو سکتا ہے۔ شراب برائی اور بھلائی کا امتیاز مٹا کر آدمی کے اخلاق کو کمزور کر دیتی ہے۔

فہرست ہائے مسلم اولیاء کرام در سال

نمبر	نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری
۱	حضرت مولانا سید احمد شاہ نقشبندی	لاہور	۲۰/ ہجری
۲	حضرت بابا فرید الدین شکر گنج شکر	پاک پٹن	۵/ محرم الحرام
۳	حضرت بو علی شاہ قلندر صاحب	پانی پت	۱۳/ رمضان
۴	حضرت شاہ جیند صاحب	غازی آباد	۲۴/ رمضان
۵	حضرت بھورے میاں صاحب	رامپور	۴/ محرم الحرام
۶	حضرت غوث الاعظم قدس اللہ سرہ العزیز	گوالیار	۲۰/ محرم الحرام
۷	حضرت شیخ عبد اللہ صاحب	بغداد	۱۱/ ربیع الاول
۸	خوجہ شمس الدین صاحب	سیالکوٹ	۱۳۔۱۵/ صفر
۹	خواجہ نظام الدین اولیا	دہلی	۱۷/ ربیع الاول
۱۰	عرس دانا میاں (محمد علی حد آم)	بریلی	۴/ ربیع الاول
۱۱	خواجہ معین الدین چشتی	اجمیر	۶۔۸/ رجب
۱۲	خواجہ امیر خسرو	دہلی	۱۷۔۱۸/ شوال
۱۳	خواجہ نصر الدین چراغ دہلوی	دہلی	۱۸/ رمضان
۱۴	خواجہ قطب الدین بختیار کاکی	دہلی	۱۔۱۴/ رمضان
۱۵	حضرت شیخ مجدد الف ثانی	سرہند	۲۷ تا ۲۹ صفر
۱۶	سائی جیب اللہ صاحب نقشبندی	فیروزپور کینٹ	۱۹ تا ۲۰ ذیقعد
۱۷	مخدوم شاہ بینا صاحب	لکھنؤ	۲۲/ صفر
۱۸	پیر عظمت علی شاہ صاحب	دیوبند	۵ تا ۸ شوال
۱۹	مولانا فضل الرحمن صاحب	مراد آباد	۱۴/ رمضان
۲۰	پری حیدر علی شاہ صاحب	جلال پور	۵۔۷ جماد الثانی

مفید اور کار آمد نقش

دشمن کا منہ بند کرنے کا نقش

اس نقش کو چاندی پر کھدوا کر انگوٹھی میں پہنے۔ جب کسی امیر یا دشمن کے پاس جاوے انگوٹھی کو پہن لے۔ دشمن کا منہ بند ہو اور امری دیکھ کر خوش ہو۔

ہ	م	ا	س	ک
س	ف	ہ	م	ہ
م	ا	س	ک	ہ
ک	ہ	م	ا	س
ا	س	ک	ہ	م

نقش جس سے بھوت بھاگے

۱۔ مندرجہ ذیل نقش سے بھوت بھاگ جاتے ہیں۔

۲۔ اگر داتن کی کونچی سے پتھر پر لکھ کر اس پتھر پر مریض کو بیٹھا کر اشنان کراوے تو مرض دور ہو جاوے۔

۱	۴	۰	۰
۶۸	۸	۳	۸
۴	۸۰	۶۶	۷۱
۶	۷۰	۵	۴

آدھا شیشی دور کرنے کا نقش

اس نقش کو لکھ کر آدھا شیش کے درد والے آدمی کے گلے میں باندھے آرام ہو۔

۷	۱۲	۱۷	۱۰
۱۳	۲۴	۳	۶
۱	۸	۱۱	۱۶
۱۵	۱۲	۵	۴

اس نقش کو گلے میں باندھنے سے مریض کا مرض چلا جائے

اس نقش کو اتوار کے دن چڑھتے چاند میں بھوج پتر پر اشٹ گندھ سے لکھ کر گل کی دھونی دے کر مریض کے گلے میں باندھے۔

۷	۲	۷۷	۱۰
۷۳	۷۴	۳	۶
۱	۲	۷۱	۷۶
۷۵	۷۱	۵	۴

نزلہ زکام دور کرنے کا نقش

جب زکام بدن ہونے سے سر درد وغیرہ کی شکایت ہو تو اس نقش کو سرسوں کے پتے پر لکھ کر چباوے تو زکام دور ہو جائیگا۔

۸	۲	۳۵	۲۵
۲	۲۹	۳	۷
۹	۹	۲۶	۲۴
۳۰	۲۷	۶	۴

پوشیدہ دھن ملنے کا نقش

اس نقش کو بھگوان کے نام کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو پوشیدہ دھن ملے گا۔

۲۲۹۵	۲۲۸۷	۲۲۹۲	۲۲۴۱
۲۲۸۲	۲۲۹۲	۲۲۸۰	۲۲۹۳
۲۲۸۲	۲۲۹۲	۲۲۸۴	۲۲۹۳
۲۲۸۲	۲۲۹۲	۲۲۸۵	۲۲۲۸

مرض سے محفوظ رہنے کا نقش

اس نقش کو مکھا نکشتر میں چمڑے پر لکھے اور منہار کی مٹی میں دباوے تو مرض پاس نہ آئے۔

۷	۸	۸۶	۸۲
۵۵	۵۶	۳۵	۶۳
۱	۸	۳۶	۵۸
۲۷	۸۴	۵	۴

کان کا درد دور ہو

اس نقش کو انار کے رس میں لکھوا کر کان میں باندھ لے تو کان میں درد ہرگز نہ ہوگا۔

۷	۲	۷۷	۱۰
۷۳	۷۴	۳	۶
۱	۲	۷۱	۷۶
۷۵	۷۱	۵	۴

باری کا بخار دور کرنے والا نقش

جس کو باری کا بخار آتا ہو اس کے گلے میں یہ نقش باندھ دے تو بھگوان کی کرپا سے یہ بخار ہرگز نہ آویگا۔

۱۴	۷	۴	۳
۳	۶	۳	۵
۷	۱	۴	۱
۴	۱۴	۶	۶

پرسوت پیڑا دور کرنے والا نقش

اس نقش کو گنگارج سے بھوج پتر پر لکھ کر حاملہ عورت کو پلا دیں۔

۷	۲	۳۵	۱۸
۳۱	۳۲	۳	۷
۱	۹	۳۶	۳۴
	۳۰	۵	۴

اس نقش کو درخت پر باندھنے سے بہت پھل پیدا ہوں

اس نقش کو آم کے رس سے لکھ کر آم کے درخت میں باندھیں تو پھل بہت ہوں۔

۸	۲	۶۵	۷۸
۱	۹۲	۳	۷
۱	۹	۹۶	۹۴
۹۱	۳۰	۶	۴

سب مرادیں پوری ہوں

یہ نقش لکھ لکھ کر دریا میں ڈالتے جائیں جو لوٹ آوے اس کو اپنے پاس رکھ لیں۔

۹	۴	۱	۶
۶	۱	۴	۹
۴	۹	۶	۱
۱	۶	۹	۴

اس نقش کے لکھنے سے کھوئی ہوئی چیز مل جائے

اس کو کنیر کی چھایا میں بیٹھ کر بکر کی ہڈی کی قلم بنا کر لکھے تو کھوئی ہوئی چیز مل جائے۔

ہوں	ہوں	ہوں	ہوں
ایں	ایں	ایں	ایں
جن	جن	جن	جن
ہریں	ہریں	ہریں	ہریں

عقل بڑھانے والا نقش

اس نقش کو شکل پکش میں تھالی پر لکھ کر اس میں کھیر کھلانے سے عقل بڑھتی ہے۔

۷۱	۹۱	۲۸	۸
۷	۳	۹۳	۹۶
۹۴	۹۴	۹	۱
۴	۶	۷۵	۷۱

وشی کرن کا نقش

اس نقش کو لکھ کر بتی بنا کر گھی کے چراغ میں جلاوے تو من چاہی عورت گھر میں آوے۔ اور اگر دئے کی بتی اس کی طرف کو جلاوے تو وہ بہت محبت کرلے۔

۱	۸	۱	۱۴
۷	۱۲	۱۲	۷
۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

آم کے درخت میں بہت پھل ہوں

اس کو آک کے رس سے لکھ کر آم کے درخت میں باندھیں تو خاص طور سے پھل زیادہ ہوں۔

۴	۵	۵	۷
۸	۴	۸	۱
۶	۳	۶	۶
۳	۹	۲	۷

یہ نقش جس عورت کی کمر میں باندھے تو عمر بھر دُکھ نہ ہو

اس نقش کو گدھے کے ہاڑ پر لکھیں اور عورت اسے اپنی کمر سے باندھے تو اس کو کسی قسم کا کوئی دکھ بیماری نہ ہو۔

۹	۲۴	۲	۸
۷	۲	۲۷	۲۷
۲۳	۱۸	۸	۱
۴	۹	۱۶	۱۲

حمل کو محفوظ رکھنے والا نقش

اس نقش کو کانسے کی تھالی میں لکھ کر اور اس تھالی میں پانی ڈال کر حاملہ عورت کو پلاوے تو حمل نہ گرے۔

۹۲	۹۶	۲	۸
۷	۰	۹۵	۹۵
۳۶	۹۳	۹	۱
۴	۶۶	۹۱	۹

خواہش پوری ہو

اس نقش کو سرسوں کے رس سے لکھ کر بن میں گاڑ دیں تو خواہش پوری ہو۔

۹۲	۹۹	۲	۸
۷	۳	۹۶	۹۵
۹۲	۹۲	۹	۱
۴	۶	۹۴	۹۱

ایضاً

۹۵	۸۲	۲	۸
۷	۳	۷۶	۷۰
۸۱	۵۸	۹	۱
۴	۶	۷۶	۸۰

منورتھ پورا ہو

اس نقش کو کتے کے ناخن سے لکھ کر بازو پر باندھے تو دل کی مراد پوری ہوتی ہے۔

۵۵	۶۲	۲	۷
۶	۳	۶۲	۱
۶۱	۵	۶۱	۱
۴	۵	۳۵	۴۰

راج سبھا میں عزت ہو

اس نقش کو بھوج پتر پر لکھ کر اپنے پاس ہر وقت رکھیں تو راج سبھا میں بہت عزت ہو۔

۴۴	۴۵	۲	۷۰
۶	۳	۶۲	۱
۶۱	۵	۶۱	۱
۴	۵	۳۵	۴۰

سب روگ ہرن نقش

کسی بھی روگ میں اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھنے سے سب روگ دور ہو جاتا ہے۔

		۵		
	۲		۶	
۳		۱۰		۷
	۴		۸	
		۶		

اس نقش کو گائے کے گلے میں باندھنے سے دودھ بڑھ جاتا ہے

اس نقش کو کیسر سے بھوج پتر پر لکھ کر گائے کے گلے میں باندھنے سے دودھ بہت بڑھ جاتا ہے۔

श्री	श्री	श्री	श्री
श्री	श्री	श्री	श्री
श्री	श्री	श्री	श्री
श्री	श्री	श्री	श्री

دس گورو صاحبان کی زندگی کے مختصر حالات

(۱) شری گورو نانک دیو جی:-

شری گورو نانک دیو جی کا جنم (اوتار) تلونڈی (ضلع شیخوپورہ) جو آجکل پاکستان میں ننکانہ صاحب کہلاتا ہے کارتک شدی پورنماشی کو بکرمی سمت ۱۵۲۶ء مطابق سن ۱۴۶۹ء عسوی میں ہوا تھا۔ پتا کے پروہت پنڈت ہردیال نے ان کے پتا مہتا کالو کو شروع ہی میں بتا دیا تھا کہ بالک نانک دیو کی کنڈلی میں گرہوں کے مطابق وہ ایک سدھ اوتار پرکھ ہیں اور لوگ اس کو سچا بادشاہ اور مسیحا پیر تصور کریں گے۔ شروع سے ہی شری گورو نانک دیوی جی کا روحانی باتوں کی طرف خاص رجحان تھا۔ دُنیاوی باتوں کی طرف دلچسپی نہ کے برابر تھی۔ کچھ بڑا ہونے پر جب انکے پتانے اُن کو کچھ دولت دیکر بیوپار کیلئے بھیجا تو انہوں نے وہ دولت غریب سادھوؤں میں بانٹ دی اور سادھو سنتوں کے درمیان زیادہ وقت بتانے لگے۔ ۱۶ سال کی عمر میں ان کی شادی کردی گئی مگر ان کے روحانی رجحان میں کوئی کمی نہیں آئی۔ تھوڑا عرصہ نوکری کرنے کے بعد وہ فقیر بن کر اپنے شاگرد مردانہ کے ساتھ دور دراز کے سفر پر نکل گئے۔ اپنے فقیری سفر کے دوران انہوں نے خدا سے غلفت رہنے والے گمراہ لوگوں کو دھرم اور محبت کا پیغام دیا اور لوگوں کو بناوٹی زندگی اور ذات پات کے وہم سے اوپر اُٹھ کر آپسی بھائی چارے کا پیغام دیا۔ اسوج بدی دشمی ۷ ستمبر ۱۵۳۹ء کو کرتار پور (پاکستان) میں یہ مہان سنت جیوتی جیوت سما گئے۔ شری چند اور لکھمی داس ان کے دولڑکے ہوئے۔

جنم کنڈلی شری گورو نانک دیو جی

۶ شکر
۵
۴ راہو
۷ سنیچر
۸
منگل
۳
۲
سورج بدھ
چندر
۹
۱۱
برہسپتی
۱
۱۰ کیتو
۱۲

(۲) شری گورو انگد دیو جی

ان کا جنم مکتسر سے (تین کوس پورب کی جانب) گاؤں متے کی سرائے میں بیساکھ شدی یکم تتھی سن عیسوی ۳۱ مارچ ۱۵۰۴ء کو ہوا تھا۔ انکے والد صاحب کا نام پھیرو مل اور ماتا کا نام شریمتی دیا کور تھا۔ اور پیدائش متے کی سرائے فروز پور میں ہوئی تھی۔ یہ شری گورو نانک دیو جی کے دیدار (درشن) کرنے شری کرتار پور گئے اور وہاں پر ان کی سیوا اتنی لگن سے کی کہ شری گورو نانک دیو جی مہاراج نے گورویائی کی گدی ان کو بخش دی۔ شری گورو انگد دیو جی نے شری گورو نانک بانی کو گورمکھی زبان کی شکل دی۔ ان کے وقت میں بہت سے لوگ سکھ دھرم میں شامل ہو گئے۔ شری گورو امرداس جی کو گورو یائی دیکر چیت شدی چوتھ ۱۶۰۹ بکرمی سمت مطابق ۲۹ مارچ ۱۵۵۲ء کو جوتی جیوت سما گئے۔

(۳) گورو امرداس جی

ان کا جنم بیساکھ شدی چودش بکری ۱۵۳۶ء یعنی عیسوی ۵ مئی ۱۴۷۹ء کو گاؤں باسرکے ضلع امرتسر میں ہوا تھا۔ اُن کے پتا کا نام بابا تیج بھان تھا۔ سورج ونشی راجہ دشرتھ کے لڑکے شری بھرت جی کے ونش سے مانے جاتے ہیں۔ شروع سے ہی ان کا رجحان فقیری کی طرف لگتا تھا۔ ۲۱ بار تیرتھ یاترا کے لئے گئے۔ سماج کے کھوکھلے رواجوں کو سدھارنے کی جانب خاص دھیان دیا۔ عورتوں میں رسم ستی کو بند کرواکے عورتوں کو دوبارہ شادی کرنے کی اجازت دی۔ گوئیند وال میں ایک بڑی باولی بنوائی۔ ۱۵۷۴ء میں شری گورو رام داس کو گرو گدی دیکر بھادوں شدی پورنماشی یعنی یکم ستمبر ۱۵۷۴ء مطابق (۲) اسوج ۱۶۳۱ء بکرمی سمت کو جوتی جیوت سما گئے۔

(۴) چوتھی پاتشاہی گورو رام داس جی

کا جنم اُتار لاہور (پاکستان) چونا منڈی میں کارتک بدی دوج ۲۴ ستمبر ۱۵۳۴ء کو ہوا تھا۔ ان کے پتا شری ہریداس اور ماتا دیا کور دونوں پرماتما کے بھگت اور پروپکاری کی مورت تھے۔ لاہور میں اکبر بادشاہ نے ان سے ملاقات کرنے کے بعد ان کے علم سے خوش ہو کر اُن کو زمین دی جس پر انہوں سے ایک بڑا بھاری تالاب بنوا کر شری امرتسر کی بنیاد رکھی۔ بھادوں شدی تیج سن ۱۵۸۱ء یکم ستمبر کو اپنے پتر شری گورو ارجن دیو جی کو گورویائی دے کر گوئیند وال جوتی جیوت سما گئے۔

(۵) پانچویں پاتشاہی گورو ارجن دیو جی

ان کا جنم بیساکھ بدی سمپتی ۱۵ اپریل ۱۵۶۳ء کو گوروینڈوال ضلع امرتسر میں گورو رام داس جی کے گھر میں ہوا تھا۔ گورو ارجن دیو جی سنسکرت اور فارسی زبان کے بڑے عالم تھے۔ ساتھ میں گورومکھی زبان کے بھی بڑے ماہر

تھے۔انہوں نے سکھ دھرم کی بنیاد رکھی اور گورو گرنتھ صاحب کی سچی اور پوتر بانی کا پرکاش کیا شری گرنتھ صاحب کی پرسدھ بانی سکھنی صاحب، باون اکھری، بارہ ماہ وغیرہ رچنائیں ان کی وقت شاعری اور علم کی قابلیت کو ظاہر کرتی ہیں۔انہوں نے ڈیرا صاحب اور ہرمندر صاحب کی تعمیر کا کام مکمل کروایا۔ ترنتارن اور کرتار پور شہریوں کی بنیاد رکھی۔ انکی بڑھتی ہوئی مقبولیت کو دیکھ کر ان کے مخالفوں نے وقت کے بادشاہ جہانگیر کے کان بھرنے شروع کر دیئے۔اس طرح بادشاہ نے ان کو لاہور کے قلعہ میں قید کر دیا۔انسانیت اور دھرم کے دشمن نے شدید ظلم کرنے کے بعد ۳۰ مئی ۱۶۰۶ء میں ان کو شہید کر دیا۔ان کی شہادت کی یادگار میں میلہ جوڑ منایا جاتا ہے۔

(۶) چھٹی پاتشاہی گورو ہر گوبند صاحب

ان کے پتا شری گورو ارجن دیو اور ماتا کا نام شری گنگا تھا۔ان جنم ہاڑ بدی یکم سمت ۱۶۵۲ بکرمی مطابق ۱۹ جون ۱۵۹۵ء کو وڈالی صاحب ضلع امرتسر میں ہوا تھا۔اپنے پتا کی شہادت کے بعد گورو گدی پر بیٹھتے۔اپنے پتا کا بدلہ لینے اور اس وقت کے ظالم حاکموں کو سبق سکھانے کیلئے فوج تیار کر کے بہت بار جنگ کی۔ جہانگیر نے ان کو گوالیار کے قلعہ میں قید کروا دیا۔وہاں سے رہائی کے بعد انہوں نے صوبیدار پنجاب کو تین دفعہ شکست دی۔ چیت شدی پنچمی کے مطابق ۲ مارچ ۱۶۴۴ء میں وہ جوتی جیوت سمائے۔

(۷) ساتویں پاتشاہی گورو ہری رائے جی

یہ گورو ہر گوبند صاحب کے پوترے تھے۔ان کے پتا کا نام بابا گورو تا جی تھے۔ ان کا جنم ۱۶ جنوری ۱۶۳۰ء (ماگھ شدی تردشی) کو کیرت پور صاحب میں ہوا تھا۔ان کی دارا شکوہ کے ساتھ بہت دوستی تھی۔انہوں نے سکھ فوج کی طاقت میں بہت اضافہ کیا اور ظلم کے خلاف جدو جہد کرتے رہے یہ گورو ہری کرشن کو گورو گدی سنبھال کر کارتک بدی نومی (۶ اکتوبر ۱۶۶۱ء) کو کیرت پور صاحب میں جوتی جیوت سما گئے۔

(۸) گورو ہری کرشن صاحب

اُن کے پتا گورو ہری رائے اور ماتا کا نام بی بی سلھنی تھا۔ان کا جنم کیرت پور صاحب میں ساون بدی نومی (۷ جولائی ۱۶۵۶ء) کو ہوا تھا۔ یہ ایشور بھگتی پر بہت یقین رکھتے تھے۔ چیت شدی چودش (۳۰ مارچ ۱۶۶۴ء) کو دہلی میں جوتی جیوت سمائے۔انکی یاد میں بنگلہ صاحب دہلی میں ہر سال میلہ منایا جاتا ہے۔

(۹) گورو تغ بہادر صاحب

نویں پاتشاہی گورو تیغ بہادر جی کا جنم بیساکھ بدی پنچمی تھی بکرمی ۱۶۷۸ء کو یعنی سن ۱۶۲۱ء شری امرتسر میں ہوا تھا۔اُن کے پتا کا نام گورو ہری گوبند صاحب اور ماتا کا نام نانکی جی تھا۔انہوں نے ہتھیار چلانے کی ٹرینگ اپنے والد صاحب سے لی۔ بچپن سے ہی شری تیغ بہادر دلیر اور دیانتدار تھے۔ چھوٹی عمر میں ہی انہوں نے اپنے پتا کے ساتھ مل کر مغلوں کے خلاف جنگ لڑی۔

کشمیری پنڈتوں کی فریاد پر وہ اپنی سکھ سنگت کے ساتھ دہلی روانہ ہوئے۔ اورنگزیب نے انہیں مسلمان بنانے کی ناکام کوشش کی۔ شاہی حکم کے مطابق انگو مگھر شدی پنچمی تھی (۱۵ نومبر ۱۶۷۵ء) کو دہلی کے چاندنی چوک میں شہید کر دیا گیا۔اس طرح گوروؤں کی امر جیوت کو مسلسل قائم رکھتے ہوئے ہندو دھرم کی حفاظت کیلئے بے مثال قربانی دی۔

(۱۰) دشم پاتشاہی شری گورو گوبند سنگھ جی

ان کے پتا کا نام گورو تیغ بہادر اور ماتا کا نام گجری تھا۔ان کا اوتار (جنم) پٹنا صاحب میں پوہ شدی سپتمی تھی بکرمی ۱۷۲۳ء (۲۲ دسمبر ۱۶۶۶ء کو ہوا تھا۔ بچپن میں ہی ان کو تیر کمان اور دوسرے ہتھیار چلانے کا بہت شوق تھا۔ جب ان کے پتا گورو تیغ بہادر کی شہادت ہوئی تو انہوں نے ہندو دھرم کی حفاظت کیلئے سن ۱۶۹۹ء میں یکم بیساکھ کو خالصہ پنتھ کی بنیاد رکھی اور ہر سچے سکھ کو کیس، کرپان، کنگھی، کچھا اور کڑا دھارن کرنا لازمی قرار دیا گیا اور تمبا کو اور دیگر نشہ کی چیزوں کے استعمال کی مناہی کی۔مغل فوج کو جنگ میں کئی بار شکست دی۔ ان کے چار صاحبزادوں میں دو بڑے صاحبزادے چمکور صاحب کی جنگ میں شہید ہوئے جبکہ دو چھوٹے صاحبزادوں کو سرہند میں دیوار میں زندہ چنوا دیا گیا۔شری گورو گوبند سنگھ جی سچے دیش بھگت، سنت، سپاہی، بہادر اور انکھی یودھا تھے۔اس کے ساتھ ہی وہ فارسی اور سنسکرت زبان کے بلند پایہ شاعر بھی تھے۔ان کی کچھ چیدہ رچناؤں میں چنڈی دی وار، ظفر نامہ، بچتر ناٹک، جاپ صاحب اکال استوت مشہور ہیں۔ بکرمی ۱۷۶۵ء کارتک شدی پنچمی ۷ اکتوبر ۱۷۰۸ء کو نندور احضور صاحب میں جوتی جیوت سما گئے۔

صحت سے تعلق رکھنے والی قدرتی نعمتیں

(1) کیلشیم (Calcium) ۔جسم میں اس کی کمی سے ہڈیاں کمزور ہوجاتی ہیں۔ اور جسم میں کمزوری آجاتی ہے۔کیلشیم بادام، شلغم، گوبھی، گیہوں، دودھ، نیبو، مولی اور سنگترے میں زیادہ تعداد میں پائی جاتی ہے۔

(2) لوہا (Iron)۔اسکی کمی سے خون کی حرکت کم ہوجاتا ہے۔اور کئی طرح کی بیماریاں پیدا ہوجاتی ہیں۔یہ گیہوں، چنے، بادام، ساگ، کھجور، کشمش، پیاز، مولی اور پھلوں میں زیادہ تعداد میں پائی جاتی ہے۔

(3) سوڈیم (Sodium)۔اس کے کم ہونے سے بدہضمی ہوجاتی ہے۔یہ دودھ۔ ژلغم۔سیب۔ کشمش، گوبھ، گاجر، پیاز، اور ٹماٹر وغیرہ ے زیادہ تعاد میں پائی جاتی ہے۔

(4) فاسفورس (Phosphorus)۔اس کی کمی سے دماغ کمزور پڑجاتا ہے۔اور ہڈیا کمزور ہوجاتی ہے۔۔اور یہ گیہوں، مٹر، اخروٹ، بندگوبھی، کیسرہ، خربوزہ، سیب، لوکی، پالک، مچھلی اور بیگن میں زیادہ ہوتی ہے۔

(5) کلورئن (Chlorine)۔اس کے کم ہونے سے جسم میں کئی طرح کی بیماریں دور ہوجاتی۔ار یہ ٹماٹر، پالک، دودھ، بندگوبھی، انڈے، کیلے، کھجور، نیبو، ناریل اور گیہوں میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

(6) آئیڈین (Iodine)۔اس کی کمی سے جسم میں گلٹیاں پڑجاتی ہیں۔اور خون خراب ہوجاتھے۔اور یہ بندگونی، انناس، کیلا، سیب، ناشپاتی، گاجر، آلو، اور پودینہ میں میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

(7) سلفر (گندک) (Sulphur)۔اس کی کمی سے کئی بیماریاں لگ جاتی ہیں۔معدہ خراب ہوجاتا ہے۔اور یہ شلغم، پالک، گوبھی، مولی، پیاز، انڈے، مونگ پھلی، چنے، سنگترے، اور مالٹے میں زیادہ پایا جتا ہے۔

(8) میگنیشیم (Magnesium)۔اس کی کمی سے خون خراب ہوجاتا ہے۔سرچکراتا ہے۔اور کئی بیماریاں لگ جاتی ہیں۔اور یہ بادام۔مونگ پھلی، ٹماٹر، پالک، کھجور، انجیر، کشمش، نیبو، گوبھی، سنگترے اور سیب میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

(9) پوٹاشیم (Potassium)۔اس کی کمی سے جلدی بیماریاں پیدا ہوجاتی ہیں۔اور معدہ خراب ہوجاتا ہے۔سرچکراتا ہے۔اور یہ ٹماٹر، شلغم، پیاز، بندگوبھی، پھول گوبھی، لوبھیا، دودھ، انناس، آلونجارہ، نیبو، سنگترہ اور ناشپاتی میں زیادہ پایا جاتا ہے۔

گیہوں:- اس میں فاسفورس زیادہ تعداد میں پاتا جاتا ہے۔اور وٹامین بھرا رہتا ہے۔ جسمانی طاقت کو بڑھاتا ہے۔خون پیدا کرتا ہے۔معدہ طاقتور رہتا ہے۔ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں۔ گیہوں کا آٹا زیادہ باریک استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

دودھ:- گائے دودھ کو امرت مانا گیاہے۔اس میں سب طاقتیں پائی جاتی ہیں۔اس میں فاسفورس، کیلشیم، میگنیشیم، آئرن وغیرہ سب پائے جاتے ہیں۔اس سے دماغ کو طاقت پہنچتی ہے۔دانت مضبوط ہوتے ہیں۔دودھ ہمیشہ تازہ اور گائے کا اُبال کر پینا چاہئیے۔تھوڑا سا شہد ملا لینا چاہئے۔دودھ سے بنا ہوا دہی ملائی وغیرہ بھی جسم کو طاقت بخشتے ہیں۔

شہد:- یہ بہت جلد ہونے والی اور فائدہ مند چیز ہے۔یہ خون کو صاف کرتا ہے۔اور خون پیدا کرتا ہے۔اگر گرم پانی میں ڈال کر پیا جائے۔تو موٹا پا کم ہوجاتا ہے۔ہڈیوں اور پھیپھڑوں کو مضبوط کرتا ہے۔صبح کے وقت اگر تھوڑا سا شہد پانی میں ملاکر روزانہ پیا جاوے۔تو کئی بیماریاں دور ہوجاتی ہیں۔خالص شہد آنکھوں مے سلائی سے ڈالنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

انار:- یہ دل اور پھیپھڑوں کو طاقت دیتا ہے۔جسم میں چستی پیدا کرتی ہے۔معدہ صاف کر کے بھوک لگاتا اس میں وٹامین کافی تعداد میں پایا جاتا ہے۔اس کی کئی قسمیں ہیں۔ بادانہ، قنداری، یہ دونوں ہی مفید ہوتے ہیں۔

سیب:- شریر کے اندر جو زہر ملا مادہ پیدا ہوتا ہے۔اس کو یہ دوع کرتا ہے۔اس کو چھلکے کے ساتھ استعمال کرنا چاہئے۔اس میں وٹامین، پوٹاش، لوہا، اور دوسرے ایسڈ بھی ملتے ہیں۔سیب کا یہ بھی بہت فائدہ مند ہے، دل کو طاقت دیتا ہے۔

انگور:- یہ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ خون پیدا کرتا ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔جسم کو تندرست رکھتا ہے۔ بہت فائدہ دیتا ہے۔گردے کی بیماری کو مفید ہے۔ ہضم دیر سے ہوتا ہے۔

سنگترہ:- یہ خون پیدا کرتا ہے۔معدہ کو طاقت دیتا ہے۔بدہضمی کو دور کرتا ہے۔بھوک کو بڑھاتا ہے۔اور کئی طرح کی بیماریوں کو مفید ہے۔نجار

پت کو مارتا ہے۔اس میں وٹامین تیسری طرح کا زیادہ پایا جاتا ہے۔
آملہ:- اس کے بہت فائدے ہیں۔ ہر ایک بیماری کو دور کرتا ہے۔ پیٹ کو صاف کر کے ہاضمہ کو درست کرتا ہے۔اس کے رس میں شہد ملا کر پینا بہت طاقت دیتا ہے۔خون کو صاف کرتا ہے۔ اس میں بھی تیسری طرح کا وٹامین زیادہ مقدار میں ہوتا ہے۔
امرود:- یہ دل کو قوت دیتا ہے۔اسکے گن بھی سیب کی طرح ہی ہوتے ہیں۔ ہضم دیر سے ہوتا ہے۔اس میں تیسری طرح کی وٹامین زیادہ پائی جاتی ہے۔اسکے بیج نہیں پھکنے چاہیں۔دوپہر کو کھانے کے بعد مفید ہے۔
لیموں:- اس کے بہت ہی فائدے ہیں۔اسکی بوندیں پانی میں ڈال کر پینے سے پیاس کم لگتی ہے۔نجار کو بھی مفید ہے۔بدہضمی اور پیٹ کی سب بیماریوں کو مفید ہے اس کے استعمال سے آنکھوں کی بینائی تیز ہوتی ہے۔خون کو صاف کرتا ہے۔بھوک کو تیز کرتا ہے۔دانتوں پر ملنے سے کیڑے مرجاتے ہیں۔پار یوریا کو بھی مفید ہے۔
آم:- یہ بھی خون پیدا کرتا ہے۔آم کھا کر دودھ کی لسی پی جاوے تو بہت ہی مفید ہے۔معدہ کو صاف کرتا ہے۔اس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں۔ کلمی اور سہارنی آم بہت مفید ہوتے ہیں۔اس میں وٹامین بہت زیادہ ہوتی ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ بھوک کو بڑھاتا ہے۔ کچے آموں کا اچار بھی ہاضمہ کے لئے بہت مفید ہوتا ہے۔
جامن:- یہ بہت فائدہ مند پھل ہے۔ معدہ کو صاف کر کے بھوک کو بڑھاتے ہیں۔ ہر ایک چیز کھائی ہوئی کو ہضم کر دیتا ہے۔ پیشاب کے روگوں کو دور کرتا ہے۔اگر اس کی گھٹلی کوٹ کر اس کو ہمراہ شہد استعمال کریں۔تو بھوک بہت لگتی ہے۔پرمیہ دور ہوتا ہے۔جسم تندرست اور مضبوط ہوتا ہے۔ ویرج گاڑھا ہوتا ہے۔شکر کی بیماری میں بھی فائدہ مند مفید ہے۔
خربوزہ:- گردے کو صاف کر کے بھوک کر بڑھاتا ہے۔ خون صاف کرتا ہے۔ اسکے بیج سکھا کر اور ان کو چھل کر گھوٹ کر پیئے جاویں تو خون کو صاف کرتے ہیں اور معدہ کو قوت دیتے ہیں۔لکھنو کا خربوزہ مفید ہوتا ہے۔
تربوزہ:- گرمی کو دور کرتا ہے۔ اس کا پانی پینے سے پانڈو روگ کو دور کرتا ہے۔اس سے پیشاب کھل کر آتا ہے۔اس کے بیج گھوٹ کر پینے بہت مفید ہے۔خون کو صاف کرتے ہیں۔قبض کو دور کرتا ہے۔
کھیرا:- اس کی تاثیر ٹھنڈی ہوتی ہے۔ گرمی کو کم کرتا ہے۔ پیاس کم لگاتا ہے۔خون کی تیزی کم کرتا ہے۔
پپیتا:- اس میں وٹامین بہت زیادہ ہوتی ہے۔ یہ پیٹ کی سب بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ اس کے بیج بہت سی دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے۔

بادام:- یہ دماغ کو قوت دیتا ہے۔جسم کو مضبوط بناتا ہے۔ آنکھوں کی بینائی کو تیز کرتا ہے۔ ویرج بڑھاتا ہے۔اس کا روغن بھی بہت مفید ہے۔ دودھ میں ڈال کر پینے سے قوت کو بڑھاتا ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔اور کئی بیماریاں دور کرتا ہے۔
چلغوزہ:- جسم کو طاقت دیتا ہے۔ ویرج کو بڑھاتا ہے۔قوت مردی کو بڑھاتا ہے۔قوت مردی کو بڑھاتا ہے۔ پیشاب کی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔
کشمش:- پھیپھڑوں کو مضبوط کرتی ہے۔ دماغ اور دل کو طاقت دیتی ہے۔ پیشاب ٹھیک طور پر لاتی ہے۔ وٹامین زیادہ پائی جاتی ہے۔
مونگ پھلی:- اس کو بھگو کر چھلکا اُتار کر استعمال کرنا چاہیئے۔دل کو طاقت دیتی ہے۔ اسمیں پروٹین اور وٹامین زیادہ ہوتی ہے۔ دماغ کو خشکی کرتی ہے۔
کھجور:- اس میں ہضم کی طاقت زیادہ ہوتی ہے۔ دماغ کو طاقت دیتی ہے۔کف اور سردی کے روگوں کو دور کرتا ہے۔وٹامین زیادہ ہوتی ہے۔
ناریل:- جسم کو طاقت دیتا ہے۔ دماغ کو تیز کرتا ہے۔ پروٹین اور چربی اس میں زیادہ ہوتی ہے۔ بچوں کو بھی استعمال کرانی چاہیئے
آلو بخارہ:- جسم کو تندرست رکھتا ہے۔ بخار میں بھی مفید ہے۔ باضمہ کو ٹھیک کر کے بھوک بڑھاتا ہے۔ وٹامین زیادہ ہوتی ہے۔
منکہ:- کل کو طاقت دیتا ہے۔ وایو سے پیدا ہونے والے روگ دور کرتا ہے۔ پھیپھڑے صاف کرتا ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔
چھوٹی الائچی:- گرمی کو دور کرتی ہے۔ گلے کو صاف کرتی ہے۔اور دل و دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ باضمہ کو درست کرتی ہے۔
موٹی الائچی:- اس کی تاثیر گرم ہوتی ہے۔ وایو روگ کو دور کرتی ہے۔ اس کو پانی میں ڈال کر اُبال کر پانی پینا کئی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔
لونگ:- اس کی تاثیر بہت گرم۔ پیٹ کی بیماریوں کو بہت مفید ہے۔ سات لونگ پانی میں اُبال کر پینے سے ہر ایک بیماری کو دور کرتے ہیں۔ دانت درد کو بھی دور کرتا ہے۔
پودینہ:- اس سے کف اور بادی دور ہوتی ہے۔ اگنی کو تیز کرتا ہے۔ اور خون بڑھاتا ہے۔ پیٹ کی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ وٹامین کافی ہوتا ہے۔
ٹماٹر:- اس میں چونا، لوہا، فاسفورس وغیرہ ہر ایک چیز ملتی خون صاف کرتا ہے۔ بہت سی بیماریوں کو مفید ہوتا ہے۔
پیاز:- خون اور انتریاں صاف ہوتی ہے۔ اس کی چٹنی دمہ کو مفید ہے۔ اس میں بہت سی وٹامین ہوتی ہے۔ گردے کی بیماری کیلئے بہت مفید ہے۔
گاجر:- اس میں وٹامین بہت ہوتی ہے۔خون کو پیدا کرتی ہے۔ معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ اس کا مربہ دل کو قوت دیتا ہے۔ بچوں کو بہت مفید ہے۔

علم التخیرات

عیات نقش تعویذات!!

عمات نقش اور تعویذات کا اثر وقت کے سعد و نحس ہونے اور تاثیرات حروف کے سعد و نحس دیکھنے میں بہت اثر رکھتا ہے عمل پڑھتے وقت یا تعویذ لکھنے کے وقت اس امر کا خیال رکھ لینا چاہئے کہ جو عمل شروع کیا جائے۔ اس میں پہلے ان قاعدوں پر عمل رکھے۔ اس کے بعد اس کا حل کرے۔ کیونکہ عملیات نقش اور تعویذات میں ساوات و بروج اور ترکیب نوشت و خواند کو عجیب تاثیر حاصل ہے۔ جو عمل اور تعویذ وغیرہ اوقات معینہ پر ترکیب میں کسی طرح کا فتور یا بے اعتدالی پائی جائے تو اس کے اثر میں ضرور نقص ہو جاتا ہے۔ جس طرح دوائیوں میں ترکیب کو دخل ہے۔ اسی طرح سے ہر ایک عمل میں سعادت و نحومت کا دارومدار قدرت نے گردش کواکب و بروج نظرات وترکیب نوشت و خواند پر قائم کر رکھا ہے۔ جس کی تاثیرات وقت کو دیکھ کر اسی کے عامل اپنے مقصد میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

ترکیب نقش اور تعویذات

جب کوئی نقش یا تعویذ لکھنا ہو تو لکھنے کے وقت ساعت مذکور میں عطارد یعنی بدھ کی ساعت میں اس کے لئے قلم بنانا مفید ہے اور زحل یعنی سنیچر کی ساعت میں دشمن اور مقدمہ کے واسطے اور قمر یعنی چندرماں کی ساعت میں تسخیر دوستی و ترقی دولت و زرق کے لئے قلم بنا کر لکھنا بہت مفید ہوتا ہے۔ نقش آبی کو سیاہی سے لکھنا چاہئے نقش آتشی کو بھیم سینی کافور اور نیلے رنگ کی سیاہی سے پُر کرنا چاہئے نقش خاکی اشٹ گندھ سے لکھنا چاہئے۔ اور بادی کو سرخ صندل سے لکھنا مفید اور پُر تاثیر ہوتا ہے۔

اشٹ گندھ :۔ سفید چندن۔ لال چندن۔ مشک کافور۔ کیسر۔ اگر۔ تگر۔ اور کستوری اور خس یہ چیزیں ملا کر تعویذ لکھنا بہت مفید ہوتا ہے۔

ترقی اور بلندی مراتب

۱	۴۱	۱۱	۸
۱۲	۷	۳	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

اس نقش کی تاثیر سے عامل تمام سال دُنیاوی مشکلات سے محفوظ ہو کر کاروبار میں ترقی اور ہر کام میں فائدہ اٹھائیگا۔ اس کو اشٹ گندھ سے بھوج پتر پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

قرض سے نجات ہو

۷۹۵	۵	۳۹	۶۶۳
۳۷	۶۷	۸۹	۶۵
	۸۷	۶۶	۴۵

اس نقش کو چاند کے پکش کے شروع میں منگلوار یا اتوار کے دن لکھکر اپنے پاس رکھیں اس نقش کے رکھنے سے روزگار میں ترقی ہوگی اور قرض ادا ہو جائیگا۔

فتح اور مرتبہ بلندی کے لئے

۵	۴	۷	۱
۶	۲	۷	۵
۳	۹	۲	۶
۳	۵	۴	۸

جب کوئی مقدمہ یا کسی دشمن سے تکرار رہتا ہو تو اس نقش کو اشٹ گندھ سے بروز منگلوار لکھ کر گلے میں ڈال لیویں کامیابی ہوگی۔

مفید اور کارآمد جنتر

سنتان کے لئے

۸۱۲	۸۱۵	۸۱۸	۸۰۵
۸۱۰	۸۰۶	۸۱۱	۸۱۶
۸۰۷	۸۲۰	۸۱۳	۸۱۰
۸۱۴	۸۰۹	۸۰۸	۸۱۹

جب کسی کے ہاں لڑکا نہ ہوتا ہو یا سنتان ہو کر گذر جاتی ہو تو اس نقش کو لال چندن سے لکھ کر حاملہ کی کمر کے ساتھ باندھ دیں۔ مراد پوری ہوگی۔

راج دربار میں عزت بڑھے

۵۶	۶۲	۲	۸
۶	۳	۶۰	۵۹
۶۲	۵۷	۸	۱
۴	۵	۵۸	۶۱

پردیسی کی واپسی کا جنتر

۶۲	۶۹	۲	۶
۶	۳	۶۸	۶۵
۶۸	۶۳	۸	۱
۴	۵	۶۴	۶۷

سرب سدھی جنتر

۸۱	۹۲	۲	۸
۷	۳	۸۵	۸۴
۸۷	۸۴	۹	۱
۴	۶	۸۴	۸۷

ڈر دُور کرنے کا جنتر

۳۱	۲۸	۲	۸
۷	۳	۳۵	۳۴
۳۷	۳۷	۴	۱
۴	۶	۳۳	۳۶

نظر نہ لگنے کا جنتر

۷۲	۸۱	۳۳	۴۲
۹۸	۸۲	۹	۱۱
۲۵	۳۷	۴۹	۵۰
۴۵	۲۷	۹	۱

بلوان ہونے کا جنتر

۷۲	۷۹	۲	۸
۷	۳	۶۲	۷۵
۷۰	۷۳	۹	۱
۴	۶	۷۴	۷۷

پیڑا دور ہونے کا جنتر

۶۵	۷۲	۲	۷
۶	۳	۶۹	۶۸
۷۱	۶۶	۸	۱
۴	۵	۷۸	۶۷

سب کارج سدھ ہوں

۸	۱۵	۲	۸
۷	۳	۱۱	۱۰
۱۳	۹	۹	۱
۴	۶	۹	۱۲

گربھ رکھشا جنتر

۲۴۲	۲۴۱	۲۴۰	۲۳۹
۲۲۸	۲۳۷	۲۳۶	۲۳۵
۲۳۴	۲۳۳	۲۳۲	۳۳۱
श्रीं	हिं	लं	दिं

گمشدہ کا پتہ معلوم کرنا

ایک گھڑا جس پر کوئی کالا داغ نہ ہو لے کر اس کے اوپر اور بیچ میں نیچے لکھا ہوا منتر لکھ دیں۔ پھر منتر لکھ دو پھر منتر کو کاغذ پر لکھ کر گھڑے میں ڈال دو۔ اور ساتھ ہی چار پیسے تانبے کے ڈال دیویں۔ گھڑے کو ڈھکنہ دیکر بائیں طرف گھمائیں۔ اور ساتھ یہ منتر پڑھیں۔

ऐं ایںگ	हीं ہرینگ	कलीं کلینگ
डा ڈا	मुं مُنہ	चा چا
यै یے	वि وی	चै چے

گمشدہ ہوئے شخص کا نام

"اوم۔ ایںگ۔ ہرینگ۔ کلینگ۔ چہ۔ منڈا ہئی وچے۔ گھڑے کو سات بار گھما کر گھڑے کو علیحدہ رکھ دو۔ سات دن تک ایسا کرنے سے وہ آدمی واپس آجاوے گا۔ یا چھٹی آجائیگی۔ گمشدہ کا نام نیچے لکھیں۔ اس منتر کو سفید کاغذ پر لکھکر چرخے کے ساتھ اُلٹا بھی گھما سکتے ہیں۔

برہم منتر :۔ اوم سچد ید کم۔ برہم یہ منتر سب منتروں سے سریشٹ ہے اور یہ ساکھشات دھرم ارتھ کام اور موکھش کا دینے والا ہے اور من کی کامنائیں پورن ہوتی ہیں۔

نوٹ :۔ منتروں کے متعلق زیادہ جانکاری کے لئے ہمارے ہاں سے منتر شکتی کے نام کی کتاب منگوا سکتے ہیں۔ جنرل بک ڈپو جالندھر۔

فہرست عرس مبارک مسلم اولیاء کرام

نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری	نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری
لنگر صاحب	حیدر آباد	۱۱ محرم	حضرت امام صاحب	سیالکوٹ	۱۷ ربیع الثانی
بھورے میاں	رامپور	۴ "	شاہ دولہا دریا	گجرات	۱۹ "
بابا فرید الدین گنج شکر	پاک پٹن	۵ "	نظام الدین	دلی	۱۵-۱۷ "
شیخ عبداللہ صاحب	گوالیار	۲۰ "	حضرت نیاز احمد	بریلی	۱۹ "
بابا پھول شاہ	اجمیر	۲۵ "	شمس الدین	پانی پت	۱۹ "
شاہ ولی اللہ	دلی	۲۵ "	حبیب اللہ شاہ نقشبندی	فیروزپور	۱۹-۳۰ "
شاہ جمال	رامپور	۱-۴ صفر	مولانا ثناء اللہ	پانی پت	یکم رجب
غوث پاک	راولپنڈی	۱۳ "	خواجہ معین الدین چشتی	اجمیر	۶-۱۱ "
خواجہ شمس الدین	سیالکوٹ	۱۳-۱۵ "	میاں بادشاہ	لاہور	۸ "
عبدالرحیم	دلی	۱۳ "	عبدالحکیم	لاہور	۱۲ "
میاں کالے	دلی	۱۴ "	خواجہ شمس الدین	عثمان آباد	۱۶ "
مراد اللہ	لکھنؤ	۱۴ "	شاہجہاں بادشاہ	آگرہ	۱۶ "
داتا گنج بخش	لاہور	۲۰ "	خواجہ ناصر الدین	دلی	۲ شعبان
شاہ مینا	لکھنؤ	۲۲ "	فضل علی	علی گڑھ	۱۱ "
علی شاہ	دلی	۲۲ "	مولانا پولی	لکھنؤ	۲۲ "
محمد ابوالحسن	حید آباد	۲۴ "	مولانا انوار الحق	لکھنؤ	۲۶ "
مخدوم شاہ علی	کانپور	۲۸ "	اکبر بادشاہ	آگرہ	۲۷ "
شیخ احمد صاحب	سرہند	۲۸ "	بندگی شاہ	سکندر آباد	۲۹ "
صادق شاہ	کانپور	۲۸ "	بو علی شاہ قلندر	پانی پت	۱۳ رمضان
شیخ مجدد الف ثانی	سرہند	۲۷-۲۹ "	سید محمد غوث	گوالیار	۱۴ "
محمد کابل	جلال پور	۴ ربیع الاول	نصیر الدین چراغ	دلی	۱۵-۱۷ "
میاں شیر محمد	شری پور	۲ "	پیر شاہ ولائت	دیوبند	۲۱ "
رونق بخش	اورنگ آباد	۶ "	مولانا فضل الرحمٰن	مراد آباد	۱۴ "
میاں میر	لاہور	۷ "	میاوڈے شاہ	لاہور	۵ شوال
قدیم شریف	آگرہ	۱۱ "	شاہ عبدالعزیز	دلی	۷ "
مخدوم علاء الدین صابر	کلیر	۳-۸ "	پیر عظمت علی شاہ	دیوبند	۵-۸ "
شاہ محمد غوث	لاہور	۱۶ "	شاہ احمد سرور	مراد آباد	۸ "
شاہ ابوالا علی	لاہور	۱۷ "	شہید ثالث	آگرہ	۱۲ "
قطب الدین بختیار	مہرلی دلی	۱۸ "	مادھو لال حسین	لاہور	۱۸ "
خواجہ نظام الدین اولیاءؒ	دلی	۱۷ "	خوجہ امیر خسرو	دلی	۱۷-۱۸ "
شاہ جمال	لاہور	۲ ربیع الثانی	کریم اللہ شاہ	بمبئی	۸ ذیقعدہ
حافظ علی	مراد آباد	۳ "	مہالم شریف	بمبئی	۱۲ "
حبیب اللہ شاہ	فیروزپور	۲۹-۳۰ "	شاہ نظام	اورنگ آباد	۱۲ "
نظام الدین	دلی	۲۶ "	حضرت عبدالخالق	بہاولپور	۲۸ "
شاہ دریانی	گجرات	۱۹ "	حاجی اونجا	کشمیر	۱۷ ذالحجہ
صوفی محمد امام	گڑھ مکتیشور	۲۳ "	خلیفہ محمد رمضان	لاہور	۲۲ "
چشتی صاحب	رامپور	۲۶ "			تاریخ عیسوی
حضرت سد حاجب	گوہاٹ	۲۶-۲۷	عرس نیاز احمد شاہ	کرتارپور	۲۸ جون
بی بی پاکدامن	لاہور	۶ جماد الثانی	عرس نیاز دو شاہ	کرتارپور	۱۷ اکتوبر
مولانا فخر الدین	دلی	۷ "	عرس امام ناصر	جالندھر	۱۳ ستمبر
محمد علی شاہ	لکھنؤ	۹ "	عرس میاداد رباد	پھلور	۱۰-۱۳ "

مسلم تیوہار کب و کیوں منائے جاتے ہیں

محرم الحرام	۱۰ محرم	اس دن امام حسین شہید ہوئے۔ اُنکی یاد میں یہ دن مناتے ہیں
چہلم شہید کربلا	۱۹ صفر	محرم سے ۴۰ ہویں دن کربلا میں جاکر شوک مناتے ہیں۔
آخری چہار شنبہ	صفر کے آخری بدھ	اس دن حضرت محمدؐ بیماری سے صحتیاب ہوئے اور غسل کے بعد فوت ہو گئے۔
عید میلاد النبی	۱۲ ربیع اوّل	اس دن حضرت محمدؐ صاحب پیدا ہوئے۔
بارہ وفات	" "	اس دن حضرت محمدؐ صاحب نے دنیا سے رخصت فرما گئے۔
گیارہویں شریف	۱۱ ربیع الثانی	اس دن سید غوث اعظم وفات پائے۔ غریبوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔
شب معراج	۲۶ رجب	اس دن حضرت محمدؐ اللہ تعالیٰ سے عرش معلےٰ پر ملاقات کی۔
شب برات	۱۴ شعبان	سال بھر کے اچھے کاموں کا عوضانہ ملتا ہے۔ چھٹکارے کی رات
جمعۃ الوداع	رمضان	رمضان کے آخری جمعہ کو مسلمان اکھٹے ہو کر نماز ادا کرتے
عید الفطر	یکم شوال	رمضان کے روزے ختم ہونے پر یکم شوال کو عید مناتے ہیں
عید الضحیٰ	۱۰ ذالحجہ	حضرت ابراہیم نے حکم خدا پر اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل کی قربانی دی۔
روزے	تمام رمضان	اس مہینے قرآن حضرت محمدؐ پر نازل ہوا۔ یہ مقدس مہینہ ہے

قومی میلے اور عرس جموں و کشمیر

نام	تاریخ	نام	تاریخ
حاجی محمد مراد بخاری	۱۷ ذالحجہ	میر سرک صاحب اندرابی	۵ "
حضر مولانا نعیم الدین	۱۸ "	امام موسیٰ علی رضا	۹ "
حضرت شیخ شہاب الدین	۱ محرم	خواجہ نجم الدین احمد کبریٰ	۱۷ "
میر حیدر لاری تولہ مولا	۸ "	شیخ مخدوم کشمیری	۲۴ "
یوم عاشورہ	۱۰ "	مولانا احمد رضا خاں	۲۵ "
بابا نصیب الدین غازی	۱۲ "	عرس حضرت کاکا	۲۹ "
سید محمد عالی پکھر پورہ	۱۲-۱۶ "	شاہ ہمدان کاشمیری	۶ ربیع الاول
امام زین العابدین رو	۱۸ "	شیخ عبدالقادر جیلانی	۱۱ "
میاں شاہ صاحب قادری	۱۵ "	عید میلاد النبیؐ	۱۲ "
شیخ قمر الدین شیر گڑھی	۲۴ "	میر محمد ہمدانی	۱۷ "
حضرت مخدوم اشرف	۲۸ "	شاہ نعمت اللہ قادری	۲۶ "
شیخ باباداؤد خاکی رو	۲ صفر	وفات سید مضفر شاہ	۱۰ جمادالاول

جنتروں منتروں کے ذریعہ دل کا مُراد پانا

پراچین کال میں جو کام دُنیاوی ذرائع سے پورا نہ ہوتا تھا۔ ہمارے رشی منی منتروں کے ذریعہ سدھ کر لیا کرتے تھے۔

اپنے آپ میں چھپے وردانوں کے اکٹھ کا نام ہی منتر ہے (समाष्टि) اور (व्यष्टि) من کی وراٹ شکتیوں کو عملی شکل دینے کا اہم کام (गुप्तशक्ति) منتر کرتے ہیں۔ منتروں اور ورانوں نے منتروں کے انوشٹھان اور ان کی سدھی کیلئے کئی طرح کے اصولوں پر عمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ جن میں اہم یہ ہیں۔

(۱) منتروں کی سدھی کیلئے شبھ سنکلپ، پختہ ارادہ، اٹوٹ شردھا اور اٹل وشواس کا ہونا ضروری ہے۔

(۲) صاف۔ پوتر اور اکانت استھان۔

(۳) منتر خواہ کسی پرکار کا بھی ہو۔ اُسے گپت رکھنا چاہئے۔

(۴) من کا ایک طرف لگانا اشد ضروری ہے۔ اپنے آدیشیہ کے سوائے دیگر کوئی بھی بات من میں نہیں لانی چاہئے۔

(۵) انوشٹھان کے دنوں میں ساتوک بھوجن کرنا چاہئے۔ سستی، بھوگ۔ ولاس۔ میتھن وغیرہ کو تیاگ کر براہمچریہ کا پوری طرح پالن کرنا چاہئے۔

(۶) من میں کسی طرح کا شک نہ کریں۔ اگر ممکن ہو تو کسی قابل تانترک یا وودان سے بھی ضروری مشورہ حاصل کریں۔

مزید جانکاری کیلئے ہماری پستک "منتر شکتی" رہسیہ منگوا کر پڑھیں۔

گربھ رکشک منتر :۔

اتوار اور منگلوار کی شام کو گائے کے گوبر کو ملا کر کاماکشی ماتا کے سامنے دھوپ جلائیں اور اس جلے اور اس جلے ہوئے گوبر کی راکھ کو لا کر اُس پر نیچے درج کیا گیا منتر تین مرتبہ پڑھ کر اُسے پوتر کریں۔ اُس کے بعد اُس بھسم راکھ کو حاملہ عورت کے جسم پر چھڑک دیں پھر اُس کا حمل برقرار رہے گا۔

''ओं प्रवृवति रूप में शक्ति स्वरूपिणी

मा कामाक्षा देव्यै नम: ही की श्री फद् स्वाहा''

جنتر (تعویذ) دھارن کرنے کا طریقہ :

۔ کسی اتوار کو صبح سویرے کچھ کھائے بغیر چرچری کی جڑ اکھاڑ لائیں۔

ओं नमो: कामानाय गर्भस्थ सन्तान रक्षा कुरू कु रू फद् स्वाहा

اس منتر کو ۱۰۸ مرتبہ پڑھیں اس کے بعد تانبہ کے تعویذ میں اس کو ڈال کر ریشم کی کالی ڈوری میں پرو کر حاملہ عورت کے گلے میں ڈال دیں جب تک اولاد نہ ہو تب تک وہ تعویذ عورت کے گلے میں ہی رہے۔

مفرور آدمی کو واپس بلانا :۔

ایک کورا گھڑا اور کسورا لے آویں۔ جن پر کوئی نشان نہ ہو۔ گھڑے کے باہر اور کسورے کے اندر مندرجہ ذیل منتر لکھیں۔ اس منتر کو ایک کاغذ پر لکھ کر اسے گھڑے کے اندر ڈال دیں۔ اسکے ساتھ ہی تانبہ کے چار پیسے بھی ڈال دیں۔ پھر گھڑے کو اس کسورے سے ڈھک کر گھڑے کی بائیں طرف سات مرتبہ گھماتے ہوئے نیچے درج منتر پڑھیں

ऐं ह्रीं कलीं डा मुं च थै वि च्चै

اب الگ الگ جگہوں پر سات دن تک کرنے سے مفرور جلد واپس آجائے گا۔

بیوپار کاروبار میں منافع کے لئے :۔

''ओं नम: भायाय, ओं नम: कामपनाय, ओं अं

क चं टं तं पं यं शं ह्रीं ह्रीं क्रीं क्रीं ३ श्री फट स्वाहा।''

دیوالی کی رات کو اکانت میں کسی کمرہ میں آسن لگا کر اپنے سامنے دیپوں کی قطار سجا کر مندرجہ بالا منتر کا ۱۰۸ مرتبہ جاپ کریں تو منتر سدھ ہو جائیگا۔ بیوپار کاروبار شروع کرنے سے پیشتر اس منتر کا سات مرتبہ جاپ کریں۔ بیوپار میں ہمیشہ ترقی ہوگی۔

مندرجہ بالا منتر مہاویر جی کا مول منتر ہے۔ اس کی سدھی کا طریقہ ہے کہ سورج طلوع ہوتے پیشتر اُٹھ کر ندی پر جا کر وہاں نہانے کے بعد کھڑے ہو کر اس منتر کا ادائین کرے۔

ॐ हि पवननन्दनाय नम:

اس کے بعد مول منتر کا ۸ مرتبہ جاپ کرتے ہوئے سر پر پانی سے بارہ مرتبہ سرجن کریں۔ پھر دوسرے کپڑے پہن کر گنگا یا ندی کنارے بیٹھ کر انگ نیاس کریں۔ اس کا روزانہ ۶۰۰۰ جپ کریں۔ ساتوں دن سورج نکلنے سے لے کر سورج غروب ہونے تک جپ کریں پھر رات کو مہاویر جی کا رودر روپ دکھائی دے گا۔ اور مہاویر جی ڈر خوف سے مکت رہنے کا ور دینگے۔

سنتان پراپتی کے لئے منتر

देवकी सुत गोविनन्द वासुदेव जगत्पते देहि मे तनयं कृष्णारामाहं शरमंगता

اس منتر کا ایک لاکھ جاپ کریں۔ تل شہد وغیرہ سے ہون کریں روزانہ کم از کم ایک مالا ضرور کرنی چاہئے۔ خاوند بیوی دونوں کو برہمچریہ برت کرنا چاہئے۔ ساتوک بھوجن کریں۔ جھوٹ۔ نندا۔ چغلی۔ حسد وغیرہ سے بچیں۔ زمین پر سوئیں۔ آدمی کو اپنے بال نہ کٹوانے چاہئیں۔ ایک لاکھ منتر کا جاپ پورا ہو جانے کے بعد جپ کے دسویں حصہ کا ہون کریں۔ اور چار برہمنوں کو ساتوک اور میٹھا بھوجن کروائیں۔ پھر منوکامنا لازمی پوری ہوگی۔

دھن حاصل کرنے کے لئے منتر۔ श्री हों. श्री ओं महालक्ष्म्यै नम:

اس منتر کا ماہ بیساکھ کے سواتی نکشتر کے وقت شروع کرنے پر اس کا ایک لاکھ دس ہزار کی تعداد میں جپ کرنے پر منتر سدھی اوشیہ ہوگی۔ اور دھن کی کمی ختم ہوگی۔

ملازمت حاصل کرنے کے لئے منتر

ओं. नमो: भगवती पद्मावती रिद्धी सिद्धी दायिनी दु:खदारिद्रया

हारिणी श्री श्री ओंम नमो: कामनाए ह्रीं ह्रीं फद् स्वाहा

سنیچروار کو شنی دیو کی ودھی پوروک پوجا کریں۔ اس کے بعد اس منتر کا ایک ہزار جپ پورا کریں۔ تو یہ منتر سدھ ہو جائے گا۔ ملازمت کی تلاش کے لئے روانہ ہونے سے پیشتر اس منتر کا سات مرتبہ جاپ کریں۔ اور چلتے وقت کپلا گائے کو آٹا اور گڑ چٹا کر آگے جائیں تو یقیناً روزگار مل جائے گا۔ ملازمت کے حصول کے لئے الگ منتر تنتر۔

بھوت پریت کے سایہ والے مریض کے لئے منتر تنتر :۔

ओं पवन पुत्रारा नम:, ओं नम: कामानाय ह्रीं ह्रीं क्रीं क्रीं श्री श्री फद् स्वाहा

اس منتر کو سرسوں لے کر ہاتھ اُلٹا کر کے پڑھیں اور بھوت پریت کے سایہ والے مریض عورت یا مرد کے شریر پر سرسوں پھینکیں۔ یہ منتر تین مرتبہ پڑھ کر سرسوں پھینکیں تو پھر بھوت وغیرہ کا سایہ بھاگ جائے گا۔

بھوت پریت بھگانے کا ایک منتر :۔

اگر کسی عورت کو بھوت ستاتا ہو تو پوری چوکسی کے ساتھ اس عورت کے پاس جا کر لیکن اس سے کچھ ہٹ کر آسن لگائیں اس کے بعد گوگل گھوڑے ناخن اور سوکھی لال مرچیں جلتی ہوئی آگ میں ڈال کر بھوت کھیلنے والی عورت کے ناک کے سامنے رکھ دیں۔ اگر بھوت پھر بھی نہ جائے تو بیت کی پتلی سی چھڑی پر ''ओं नम: सहाय हुं हुं फट'' کے منتر کو تین مرتبہ پڑھیں۔ پھر وہ چھڑی بھوت کے سایہ والی عورت کی پیٹھ پر تین مرتبہ ماریں تو پھر بھوت لازمی نکل جائیگا۔

حصول ملازمت کے لئے ایک تعویذ

کتے کا ناخن تانبے کے تعویذ میں رکھ کر ریشمی لال دھاگہ سے آدمی کے دائیں بازو پر مضبوطی سے باندھیں لیکن عورت کے بائیں بازو سے باندھ کر جہاں ملازمت کے لئے جگہ خالی ہو اگر وہاں پہنچ کر وہ آفیسر یا مالک کے پاس جائیں تو کام فوراً بن جائے گا۔

(پنالال جیوتشی)

گرہوں کے ناقص اثرات سے راحت حاصل کرنے کے اُپائے

کبھی گرہ انسانی زندگی پر اپنا اچھا یا بُرا اثر کرتے ہیں۔ جیوتش شاستر میں گرہوں کے ناقص (بُرے) اثرات کی دور کرنے کے لئے بہت طرح کے مزید اُپائے (طریقہ) بتلائے گئے ہیں۔ جنکو اپنا کر کے اپنے مقدر سے پریشان کوئی بھی شخص راحت حاصل کر سکتا ہے۔ از پنڈت پنالال جیوتشی

۱۔ سورج (شمس)۔ جنم زائچہ میں سورج خراب حالت میں پڑا ہو یا راہو و سنیچر وغیرہ دشمن گرہ کی نظر میں ہو تو سورج کے بیج منتر کا سات ہزار سے لے کر سوا لاکھ کی تعداد میں جاپ کرنا چاہئے۔ جپ کا آغاز شُکل پکھ (شدی) کے اتوار یا سورج چھشٹی، روی یوگ، روی پکھ، روی پتر بسو یوگ میں کرنا زیادہ فائیدہ مند ہوتا ہے۔ جپ کے واسطے رودراکش کی مالا اچھی ہوتی ہے۔ تلسی کی مالا کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ پاٹھ کے بعد کل جاپ کا دسواں حصہ کا ہون کرنے سے پاٹھ خاص پُر اثر ہو جاتا ہے۔

پاٹھ کے بعد روزانہ سورج بھگوان کو ارگھیہ دینا اور گائیتری منتر کا جاپ کرنا مفید ہوتا ہے۔ پاٹھ اور ہون کے بعد سورج کے متعلق چیزوں کا دان باحیثیت کسی براہمن کو دینا چاہئے۔

سورج کا بیج منتر۔ اور ہرام۔ ہریم۔ ہروم سہ سوریائے نمہ۔

ॐ ह्रां ह्रीं ह्रौं सः सूर्याय नमः

سورج ارگھ کے لئے چھوٹا بیج منتر۔ اوم گھرنی سوریائے نمہ

"ॐ घृणिः सूर्याय नमः ।।

اسکے علاوہ اتوار کے برت رکھنا۔ مانک (سورج منی) پتھر سونے کی انگوٹھی میں شبھ مہورت میں دھارن کرنا۔ تانبہ یا بھوج پتر پر سورج جنتر دھارن کرنا اور پھر بعد میں اپنی حیثیت کے مطابق سُپاتر کو دان کرنے سے سورج کے بُرے اثر سے راحت حاصل ہوتی ہے۔

سورج کے دان کے متعلقہ اشیاؤ، گندم، گڑ، لال کپڑا، گھی، بچھڑے والی لال یا پیلے رنگ کی گائے۔ تانبہ یا سونے کا برتن کیسر لال پھول، لال چندن، مانک وغیرہ لال رنگ کی چیزوں کا دان کرنا مبارک ہوتا ہے۔ سورج کے جاپ سے روحانی طاقت پیچیدہ بیماری سے راحت، صحت، جسمانی طاقت اور سیاسی کامیابی حاصل ہوتی۔

۲۔ چندرماں (قمر) پیدائش زائچہ میں چندرماں ۴،۶،۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں ہو تو چندرماں بُرا اثر والا مانا جاتا ہے۔ اسکے بیج منتر کے جپ کی تعداد کم از کم ۱۱ ہزار ہونی چاہئے۔ جپ کے بعد کل پاٹھ کے دسویں حصہ کا ہون پلاش کی لکڑی سے کرنا چاہئے۔ جپ کا آغاز شُکل پکھ (شدی) کے سوم وار یا پورنماشی سے کرنا مفید گر ہوتا ہے۔

جپ کے لئے بیج منتر۔ اوم شرام۔ شریم۔ شروم سیہ چندرسے نمہ

ॐ श्रां श्रीं श्रौं सः चन्द्रमसे नमः ।

چندرماں کا ارگھیہ منتر۔ اوم سوم سومائے نمہ

ॐ सों सोमाय नमः

منتر جاپ کے کے علاوہ چندرماں کے بُرے اثر سے راحت کے لئے چاندی کی انگوٹھی میں سفید موتی یا چندر کانت منی دھارن کرنا، سوموار یا پورنماشی کا برت رکھنا جڑی بوٹی دھارن کرنا، چندرماں کا جنتر چاندی کے پترے پر کھدوا کر باترکیب دھارن کرنا۔ شوجی کی پوجا کرنا بھی نہایت مفید ہوتا ہے۔

دان کی اشیاء ۔ چاول، چینی، سفید چندن، شنکھ، کپور دہی، دودھ، کھیر، گھی، سفید کپڑا، چاندی، کانسے کا برتن، چاندی کے ورق لگی برفی، سفید گائے، سفید موتی وغیرہ۔

چندرماں اگر شبھ ہو تو دل دماغ، عورت، ماتا اور دھن دولت کے لئے فائیدہ مند ہوتا ہے۔

۳۔ منگل گرہ (مریخ) ۔ جنم کنڈلی میں ۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹ یا ۱۲ ویں خانہ میں منگل ہو یا سنیچر وغیرہ دشمن گرہ کی زیر نظر میں ہو یا منگل اپنی نیچ راشی میں ہو تو خراب اثر کرتا ہے۔ نیچے لکھے منتر کا کم از کم دس ہزار کی تعداد میں منگلوار کو شبھ (مبارک) مہورت میں لال چندن، چاول، لال پھول مولی گڑ گنگا جل لے کر شبھ سنکلپ سے جپ شروع کریں مکمل پاٹھ ہونے کے بعد کل پاٹھ کا دسوں حصہ ہون کرنا اور بعد میں برہمن بھوجن و پرساد بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔

منگل کا بیج منتر۔ اوم کرام۔ کریم۔ کروم۔ سیہ بھومائے نمہ۔

ॐ क्रां क्रीं क्रौं सः भौमाय नमः ।

جپ کے علاوہ منگل کے ناقص اثر کی شانتی کے لئے ہر منگلوار کا باترتیب برت رکھنا، منگل استوتر کا پاٹھ، شری ہنومان اپاسنا، لال رنگ کی گائے کو چارہ ڈالنا، تانبہ یا سونے کی انگوٹھی میں مونگا پہننا او شدھی، اشنان، میٹ مانس وغیرہ سے پرہیز اور باترتیب طریقہ سے بنا ہوا منگل کا جنتر دھارن کرنا اور جپ اُدیاپن پر براہمن کو میٹھا سمیت بھوجن کھلانا شبھ ہوتا ہے۔

منگل کا دان۔ منگلوار کو طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ بعد تانبہ کی پلیٹ میں رکھ کر دیں۔ دان کی چیزوں میں گندم، مسور کی دال، تانبہ کا برتن، سونا، کنیر کے پھول، لال پھول، لال چندن، کیسر، ناریل، سیب وغیرہ لال رنگ کے پھل، مونگا، گڑ سے بنے ہوئے میٹھے چاول یا میٹھی۔ چاپاتیاں، براہمنوں کو بھوجن کھلانا مبارک ہوتا ہے۔ منگل گرہ ٹھیک ہو جانے سے حوصلہ، جوش، زمین بھائی اولاد وغیرہ کا سکھ حاصل ہوتا ہے۔

۴۔ بدھ (عطارد)۔ پیدائش زائچہ میں بدھ ۴،۶،۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں کسی ناقص گرہ کے ساتھ ہو یا زیر نظر ہو تو بُرا اثر کرنے والا ہوتا

ہے۔ بدھ خراب اثر کرتا ہو تو عقل میں خرابی چمڑی کی بیماری، آواز میں گڑبڑ اور اولاد اور بیوپار کے متعلق پریشانی رہتی ہے۔ بدھ گرہ کی بہتری کے لئے نیچے لکھے اُپائے کرنے چاہئے۔

بدھ کا بیج منتر۔ اوم برام۔ بریم۔ بروم۔ سیہ بدھیائے نمہ

ॐ ब्रां ब्रीं ब्रौं सः बुधाय नमः ।

منتر جاپ کے علاوہ بدھوار کا باترکیب برت رکھنا، اوشدھی اشنان کرنا، ہرے رنگ کا نگ پنّا (Emareld) سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر دھارن کرنا۔ صحیح طریقہ سے تیار شدہ بدھ کا جنتر رکھنا، شری درگا سپت شتی اور شری وشنو بھگوان کا پاٹھ کرنا۔ گائے کو ہرا چارہ ڈالنا، بدھوار کو کنیا پوجن کے بعد ہری چیزوں کا دان کرنا مبارک ہوتا ہے۔

بدھ کا دان۔ مونگی سابت، کھانڈ، چھوٹی الائچی، ہری سبزیاں، ہرا ریشمی کپڑا، کانسہ کا برتن، ہرے پھول، یا رنگ برنگے پھول گھی کپور۔ ہرے پھل مٹھائی دکھنا سمیت براہمن کو بدھوار کے دن دان کرنا شبھ ہوگا۔

۵۔ برہسپت (مشتری) جنم کنڈلی میں ۴، ۶، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں ہو یا نیچ راشی (مکر) میں پڑا ہو یا دشمن گرہوں کی زیر نظر میں ہو تو برہسپت برا اثر کرتا ہے۔ کنڈلی میں برہسپت ناقص حالت میں ہو تو وہ پڑھائی میں ناکامیابی، شادی اور اولاد کے سکھ میں اڑچنیں بھائی کو تکلیف جسم کو تکلیف، عقل میں کمی وغیرہ خراب اثر پیدا کرتا ہے۔

برہسپت میں بہتری (اچھے اثر) کے لئے برہسپت کے بیج منتر کا انیس ہزار (۱۹۰۰۰) کی تعداد میں پاٹھ کرنا یا کسی براہمن سے پاٹھ کروانا شبھ ہوتا ہے۔ مکمل پاٹھ کے بعد دسویں حصہ کا ہون (پیپل کی لکڑی سے) کروانا اچھا ہوتا ہے۔

برہسپت کا بیج منتر۔ اوم گرام۔ گریم۔ گروم سیہ گوروے نمہ

ॐ ग्रां ग्रीं ग्रौं सः गुरवे नमः

برہسپتی کا دان۔ سونے یا تانبہ کی انگوٹھی میں پکھراج پہننا یا باترتیب تیار شدہ جنتر دھارن کرنا۔ اوشدھی اشنان کرنا۔ باترتیب ویروار کا برت رکھنا۔ چنے کی دال۔ شکر گھی۔ پیلے کپڑے، ہلدی، بچھڑے سمیت پیلے رنگ کی گائے، آم، کیلے وغیرہ۔ پیلے پھل، پیلا کمبل، دھارمک گرنتھ (مذہبی کتاب) بیسن کے لڈو، کانسا کا برتن، نمک، مٹھائی وغیرہ کا دان شکل پکھ کے ویروار کو براہمن بھوجن کے بعد دان کرنا مبارک ہوتا ہے۔

جو شخص پکھراج کا نگ نہ دھارن کر سکتا ہو وہ کیلے یا نارنگی کی جڑ کو پیلے کپڑے میں لپیٹ کر دائیں کلائی میں ویروار کو منتر پڑھتے ہوئے باندھ سکتا ہے۔ میٹ مانس وغیرہ کے استعمال سے پرہیز رکھنا چاہئے۔

۶۔ شکر (زہرہ) گرہ۔ جنم کنڈلی میں شکر ۶، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں یا نیچ (کنیا) راشی میں منعقد ہو یا برہسپت، سورج وغیرہ دشمن گرہوں کی زیر نظر میں ہو تو شکر بُرا اثر کرتا ہے۔ شکر کے خراب اثر سے دھن دولت میں کمی، زمین، عورت ذسواری وغیرہ کے سکھوں میں کمی رہتی ہے۔ اسکے اچھے اثر کو بڑھانے کے لئے شکر کے بیج منتر کا کم از کم سولہ ہزار (16000) کی تعداد میں جپ اور اسکے دسویں حصہ کا ہون کرنا اچھا ہوتا ہے۔ ہون ڈھاک یا گولسر کی لکڑی سے کرنا چاہئے۔

شکر بیج منتر۔ اوم۔ درام۔ دریم دروم سیہ شکرائے نمہ

ॐ द्रां द्रीं द्रौं सः शुक्राय नमः

شکر کا دان۔ چاندی، چاول۔ مشری، چینی، دودھ یا کھیر، برفی، وغیرہ مفید چندن سفید گائے، سفید پھول، پھل، سفید کپڑے، خوشبودار چیزیں، سفید یا کریم رنگ کی چیزوں کا دان مبارک ہوتا ہے۔

شکر جاپ کے علاہ چاندی یا سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر ہیرا پہننا، شکر کا جنتر دھارن کرنا اوشدھی اشنان، سفید گائے کی سیوہ (خدمت) کرنا۔ سفید چندن کا تلک کرنا چھوٹی کنیاؤں کا پوجن کر کے انکو برفی کپڑے وغیرہ تحفے دینا اور شری درگا سپشتی کا پاٹھ کرنا مفید ہوتا ہے۔

۷۔ سنیچر (یعنی زحل) گرہ۔ جب کسی کنڈلی میں سنیچر ۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۰ یا ۱۲ اویں خانہ میں پڑا ہو۔ یا میکھ وغیرہ نیچ راشی میں پڑا ہو یا سورج منگل دشمنی گرہوں کی زیر نظر یا دشا ہو تو سنیچر ناقص اثر کرتا ہے۔ کنڈلی میں سنیچر بُرا اثر کر رہا ہو تو وہ آمدن کے ذریعہ میں رکاوٹیں جسم کو تکلیف، دماغی تناؤ، پریوار میں تکرار اور بنتے کاموں میں بار بار اڑچنیں پیدا ہوتی ہیں۔ شنی کے ناقص اثر کو دور کرنے کے لئے شنی کے بیج منتر کا کم از کم ۲۳ ہزار کی تعداد میں جاپ اور اسکے کل دسویں حصہ کی تعداد میں شمی کی لکڑی سے ہون کروانا مفید گر ثابت ہوتا ہے۔

شنی کا بیج منتر۔ اوم پرام۔ پریم۔ پروم سیہ شنیہ نمہ

ॐ प्रां प्रीं प्रौं सः शनये नमः

شنی کا ویدک منتر۔ اوم شنو دیوی ربھیشٹہ آپو بھونتو پیتے شم یور بھیسر ونتونہ

باتقریب منتر جاپ کے علاوہ پانچ دھات کی یا سونے کی انگوٹھی میں نیلم دھارن کرنا سنیچر کے برت رکھنا، شنی استوتر کا پاٹھ کرنا، لوہے کی کٹوری میں تیل ڈال کر چھایا پاتر کرنا، اوشدھ اشنان، اندھ ودیالہ یا کوڑھی آشرم میں اڑد کی دال کے ساتھ بیماروں کو کھانا، دوائی، کپڑا وغیرہ کا دان کرنا، شواستوتر کا پاٹھ کرنا شبھ اور مبارک ہے۔ اسکے علاوہ شنی کی شانتی کے لئے کالی گائے کی خدمت کرنا بھی اچھا ہوتا ہے۔

جو شخص نیلم دھارن نہیں کر سکتے ہوں وہ بائیں ہاتھ کی کلائی میں لوہے یا سٹیل کا کڑا یا انگوٹھی پہن سکتے ہیں۔ بائیں بازو میں بچھو گھاس کی جڑ کالے کپڑے میں لپیٹ کر دھارن کر سکتے ہیں۔

شنی کے دان کی اشیاء۔ اُڑد، کالے تل، کالے چنے، سرسوں کا تیل، کالی گائے، کالا کپڑا، لوہے کا برتن کالے جوتے، بھینس کلتھی، نیلم، ناریل، نیلم کالے اور نیلے پھول، اور بوڑھے غریب مفلس شخص کو بھوجن کروانا مبارک ہوتا ہے۔ شنی کا دان بعد دوپہر کو کرنا اچھا مانا جاتا ہے۔

۸۔ راہو راس۔ جس کنڈلی میں ۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۰ یا ۱۲ ویں خانہ میں راہو پڑا ہو خراب دشا کا اثر ہو تو یہ گرہ جسم کو تکلیف، تناؤ، دولت کاروباری اور گھریلو الجھنیں کلیش اور دیگر پریشانیوں کو پیدا کرتا ہے۔ راہو کے بُرے اثر کو دور کرنے کے لئے اسکے بیج منتر کا کم از کم ۱۸ ہزار کی تعداد میں پاٹھ کرانا اچھا ہوتا ہے۔

راہو کا بیج منتر۔ اوم بھرام۔ بھریم۔ بھروم سیہ راہونمہ

ॐ भ्रां भ्रीं भ्रौं सः राहवे नमः ।

منتر جاپ کے علاوہ راہو سے مطلقہ اشیاء کا دان، سنیچر کا برت، راہو کا جنتر دھارن، اوشدھ اشنان، گومیدنگ پنچ دھات کی انگوٹھی میں سنیچر کے روز درمیانی انگلی میں دھارن کرنا، راہو استوتر کا پاٹھ کرنا، بہتے پانی میں ناریل بہانہ شری درگا پوجا کرنا، کشٹھ آشرم یا اپاج آشرم میں اناج پھل کپڑوں (خاص کر کرم کمبل) اور راہو کی اشیاء کا دان کرنا مبارک ہوگا۔

راہو کی اشیاء۔ ست ناجا، گومیدھ، سیسا، کالا گھوڑا، تیل، کالے پھول نیلا کپڑا کالے ماش (اُڑد) تلوار چنا وغیرہ کمبل۔ بل پتر کستوری وغیرہ۔ راہو کا دان رات کو کرنا اچھا مانا جاتا ہے۔

۹۔ کیتو (Ketu)۔ کنڈلی میں ۱، ۲، ۴، ۵، ۷، ۸ یا ۱۲ ویں خانہ میں ہو یا کسی ناقص گرہ کے زیر اثر ہو تو اُس شخص کو جسم میں تکلیف، آپسی کلیش، گھریلو الجھنوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کیتو کے ناقص اثر کو دور کرنے لئے نیچے لکھا بیج منتر کا ۱۷ ہزار کی تعداد میں جاپ کرنا فائیدہ مند ہوتا ہے۔ پاٹھ مکمل ہونے پر دسوں حصہ کی تعداد میں ہون کرنا چاہئے۔

کیتو کا بیج منتر۔ اوم۔ سرام۔ سریم۔ سروم سیہ کیتوے نمہ

کیتو گائیتری منتر۔ اوم پدم پوترائے ودمہے امرتے شائے دھی مہی تنو کیتو پرچودیات

ॐ स्रां स्रीं स्रौं सः केतवे नमः ।

پاٹھ پورا ہونے پر پرساد بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔ منتر جاپ کے علاوہ کیتو سے متعلقہ اشیاء کا دان، شری درگا و گنیش جی کی پوجا، کتوں کو دودھ چاپاتی ڈالنا، کرم کپڑے (کمبل وغیرہ) کا دان اندھ ودیالیہ یا کشٹ آشرم میں اناج، دوائیوں، کپڑوں پھلوں وغیرہ کا دان پرندوں کو ستنا جا ڈالنا اور کیتو کا جنتر یا نوگرہ جنتر دھارن کرنا مبارک ہوتا ہے۔

کیتو گرہ کے دان کی اشیاء۔ لہنیا، لوہا، ناریل، تل، تیل، سپت دھان، شکر بھورے رنگ سمیت رنگ برنگے کپڑے، کستوری، چاقو، لال رنگ کی گائے، ہسپتال میں دوائیاں وغیرہ کا بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔

ست ناج گندم اڑد، مونگی، جوں، کنگنی، دھان اور چاول۔ ان سات چیزوں کو ہی سات دھان یا سنتا جا کہتے ہیں۔

نوٹ۔ کسی گرہ ہمرہ مٹھائی وغیرہ کا براہمنوں کو دان دینا، کھانا کھلانا اور چھوٹے بچوں میں پرساد بانٹنا مبارک ہوتا ہے۔

خیر اندیش۔ پنڈت پنالال جیوتشی مصنف مفید عالم جنتری جالندھر شہر

جنم کنڈلی میں ناقص گرہوں کیلئے نوگرہوں کے جنتر

جن کو جنم کنڈلی میں کوئی ناقص پڑ گیا ہو اسکو چاہئے کہ مندرجہ ذیل میں سے مطلوبہ جنتر اشٹ گندھ سے مور کے قلم سے اُس گرہ کے وار کو صبح شہ پوتر ہو کر لکھے اس کا ناقص پھل کم ہو جائیگا۔ اشٹ گندھ اگر تگر کس مشک کافور لال و سفید چندن کیسر کستوری ان سب چیزوں کو گنگا جل میں مل کر کے چاند نے وار میں لکھ کرا اپنے پاس رکھیں۔

سورج

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

چندرماں

۹	۲	۷
۴	۶	۸
۵	۱۰	۳

منگل

۱۰	۳	۸
۵	۷	۹
۶	۱۱	۴

بُدھ

۱۱	۴	۹
۶	۸	۱۰
۷	۱۲	۵

برہسپت

۱۲	۵	۱۰
۷	۹	۱۱
۸	۱۳	۶

شکر

۱۳	۶	۱۱
۸	۱۰	۱۲
۹	۱۴	۷

سنیچر

۱۴	۷	۱۲
۹	۱۱	۱۳
۱۰	۱۵	۸

راہو

۱۵	۸	۱۳
۱۰	۱۲	۱۴
۱۱	۱۶	۹

کیت

۱۶	۹	۱۴
۱۱	۱۳	۱۵
۱۲	۱۷	۱۰

صحت و تندرستی کیلئے

۲	۹	۲	۷
۶	۳	۶	۵
۶	۳	۸	۱
۴	۵	۴	۷

روزگار کیلئے

۹	۱۶	۵	۴
۷	۲	۱۱	۱۴
۱۲	۱۳	۸	۱
۶	۳	۱۰	۱۵

مرتبہ بلندی کیلئے

۲۵	۲۰	۲۷
۲۶	۲۴	۲۲
۲۱	۲۸	۲۳

اقوال زرین

☆ مظلوم کی پکار سے بچو اس لئے کہ وہ اللہ سے اپنا حق مانگتا ہے۔ اور اللہ کسی صاحب حق کو اس کے حق سے محروم نہیں رکھتا (رسول مقبول)

☆ انسان سب سے بڑی خوبی کبھی نہ گرنے میں نہیں بلکہ گر کر اٹھنے میں ہے (قرآن کریم)

☆ رنج غم سے بڑھکر انسانی زندگی کا دشمن کوئی اور نہیں (ایک مشرقی مفکر)

☆ اپنے وقار کو مجروح کرنے دس بار مرنا زیادہ بہتر ہے (ایڈیسن)

☆ بے وقوف اپنے آپ کو عقلمند اور عقلمند خود کو بیوقوف سمجھتا ہے (شیکسپیئر)

☆ قلم ہاتھی کی زبان اور تحریر خاموش آواز (سقراط)

بِسم اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحیم

محرم یکم تاریخ بعد نماز ظہر دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھنی ہے پھر بعد سلام کے ہاتھ اٹھاکر تین دفعہ بعد دعائے معظم پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنتُ اَللّٰه الاَبرار القَدِیم وَھٰذِلاسَنَةٌ جَدِیدَةٌ اَسئَلُكَ فیھَا العِصْمَةَ مِن الشیّطٰنِ وَالعَونَ عَلَی الَفسِ الاَمّارةِ بِالسّوءِ وَاَسئَلُكَ الاشتِغَالُ بِما تُقَدِّبُنِي اِلیكَ یَاکرِیمُ یَا ذُالجَلالِ وَالاکرامِ۔

اللہ تعالٰے اس نماز اور دعا کے پڑھنے والے کو تمام سال شیطان کی شر سے محفوظ رکھے گا. انشاء اللہ تعالٰے

محرم کی پہلی شب سے شب عاشورہ تک بعد نماز عشاء ایک سو مرتبہ کلمہ توحید پڑھنا واسطے بخشش گناہ بہت افضل ہے۔

سورۃ الفاتحہ کا ثواب قران مجید کے ساتویں حصہ کے برابر ہے سورۃ الفاتحہ ہر مرض کی شفا ہے۔ ہر حاجت کے لئے ہر بیماری کے لئے لاعلاج مرض کے لئے ترقی رزق دولت خوشحالی، حصول اولاد اور الاد نرینہ کے لئے خاص الخاص عمل ہے خلوص نیت کے ساتھ پڑھیں روزانہ بعد نماز عشاء ۱۴۱ مرتبہ سورۃ فاتحہ یعنی الحمد شریف مع بسم اللہ اول واخیر درود پاک گیارہ مرتبہ پڑھیں جس وقت صِراطَ الَّذینَ اَنعمت علیھم پر پہنچیں تو یہ جملہ سات مرتبہ پڑھیں مثل دائود و سلیمان و یوسف علیھم السلام پھر غیرالمخضوب علیھم ولاالضالین پڑھ کر الحمد شریف ختم کریں ۱۴۱ مرتبہ پھر درود پاک ۱۴ یوم پورا کرے مقصد پورا ہوگا۔

حصول اولاد کے لئے انعمت علیھم کے بعد مثل ابراھیم ویعقوب علیھم السّلام سات مرتبہ ۱۴ روز پڑھیں۔

اولاد نرینہ ۔صراط الذینُ اَنعمتَ علیھم کے بعد مثل ذکریّا علیہ السلام سات بار پڑھیں۔ ہر شخص جائز خواہشات معیبت سے چھٹکارا دشمنوں سے بچاؤ۔ دکھ بیماری سے نجات غربت و مفلسی عزت وقار سربلندی کے لئے پُر اثر ہے۔

برائے امراض قلب عدا امیر المومنین

دل پر ہاتھ رکھکر تین مرتبہ پڑھیں اوّل واخیر درود شریف

یا حیّیُ یا قیّوُم یَا لاَ اِلٰهَ الاَّ انتَ استلُك اَن تُحی قلبی ة

دعا حضرت ابراہیمؑ وحضرت اسماعیلؑ

ربّنا تَقبّل مِنّا اِنّك اَنتَ السمیعُ العلیم ة

ہمارے پیارے نبی نے اس دعا کو تین مرتبہ دہراتے تھے ہر جائز خواہش یا حاجت کی تکمیل کے لئے یہ دعا پڑھے۔

روزمرہ کا خرچہ لینے کا آسان عمل

رات کو سوتے وقت اسم یا عزیز کو ۲۹ مرتبہ پڑھیں اور سوجائیں صبح اٹھکر بغیر کسی سے بات کئے ہوئے بائیں طرف السلام علیك یا عبدالرحیم اور دائیں ہاتھ کی طرف السلام علیك یا عبدالکریم سامنے کی طرف السلام علیك یا عبدالقدیر اور پیچھے کی طرف السلام علیك یا عبدالرشید ایک ایک مرتبہ شب باشی میں پڑھیں کسی دن ناغہ نہ کریں روزانہ کا خرچہ مل جایا کریگا۔ مرسلہ:۔ **سیما خان** نارووے

حمل کے لئے کار آمد نقش

نقش دیا ہوا مرزا بیر بیگ صاحب حاملہ عورت کے بارہ میں یعنی جس عورت کو کہ حمل نہ رہتا ہووے یا کہ کچا گر پڑتا ہووے تو چاہئے کہ اس نقش کو لکھ کر کمر میں باندھے خدا کے فضل سے وہ عورت حاملہ ہوگی۔ اور حمل قائم رہیگا۔

۶	۱	۹
۱	۲	۵
۱	۲	۱

نقش جو ایک قُل اَعوذ بِرَبّ الفلقِ جو ایک بزرگ سے ملا ہے تجربہ کیا ہوا جو شخص کہ سوتے میں ڈر تا بُرے خواب دیکھتا ہو یا مکان میں ڈر معلوم تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھے تو بُرے خواب اور ڈرنے سے محفوظ رہے۔

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

نقش اس عورت کے واسطے جس کو لڑکا نہ ہوتا ہو تو چاہئے کہ تین تعویز مشک اور زعفران سے یکشنبہ کو لکھے اور جمعہ کی رات اسے دودھ میں دھو کر تین روز تک عورت اور مرد دونوں پیئں اور تینوں روز مواصلت کریں انشاءاللہ بچہ صحیح وسالم پیدا ہو۔

۷۸۶

۲۳	۱۸	۲۵
۲۴	۲۲	۳۰
۱۹	۲۶	۲۱

آیو یعنی عمر کا گیان

علم النفس کے ماہرین کا دعوٰی ہے کہ صبح کے وقت پچھم دشا (مغرب) کی جانب منہ کرکے کھڑے ہوکر پورب (مشرق) کی جانب پیٹھ کرکے اپنی چھایا کو دیکھے۔ اگر پورا جسم یعنی پورن شریر سفید رنگ میں دکھائی دے تو اس برس میں تمام سال سکون و آرام اور راحت میں زندگی بسر ہو۔ اگر اس سایہ میں سر دکھائی نہ دے تو چھ ماہ کے اندر اس شخص کی موت ہوجائے۔ اگر بغیر کانوں کے سر دکھائی دے تو ایک برس میں جسم کے کسی حصہ کے کٹنے کا حادثہ پیش آئے۔ اگر چھاتی کی حالت ٹھیک نہ نظر آئے تو سات مہینے کے اندر اندر موت ہونے کا اندیشہ ہے۔ اگر ہاتھوں کے بغیر جسم دیکھے تو دس ماہ، پسلی کے بغیر دو ماہ پسلی کے بغیر دو ماہ، منہ کے بغیر ایک ماہ اور اگر اس سایہ میں دو جسم دیکھے تو وہ شخص دس روز کے اندر اندر اس دار فانی سے رخصت ہوجاتا ہے۔ اس چھایہ پرش میں بغیر پاؤں کے جسم دیکھے تو کسی دوست کو خطرہ بنے اگر بغیر بازو کے دیکھے تو کسی عزیز کو خطرہ بنے۔ اگر بغیر سر کے سایہ دیکھے تو آتما کے ناش کا خطرہ ہوتا ہے۔ اگر پورا جسم نہ دیکھے تو خاندان کے ناش کا خطرہ ہے۔ اس چھایا میں دھر دورد کھی رنگت ہو تو ملک میں بیماری پھیلے۔ سر کٹا دیکھے تو موت واقع ہو اگر بُری حالت دیکھے تو دیش بھکمری پرے، زرد رنگ ہو تو جسم میں مرض ہو، سرخ رنگ ہو تو مالی نقصان ہو۔ تن جسم دیکھے تو تین ماہ میں زندگی کو خطرہ در پیش آئے۔

ناقص گرہوں کی بھتری کے لئے کار آمد نگینے (پتھر)

نیک گرہوں کے اثرات میں اضافہ اور ناقص گرہوں کے ناقص اثر کو دُور کرنے کے لئے گرہوں کے لئے مناسب نگینے بہت فائدہ مند ہوتے ہیں۔ کنڈلی میں پڑے گرہوں کی حالت اور اسمیں لکھی راشی کے مطابق ہی مناسب نگ کا چناؤ کرنا چاہیے ورنہ کئی دفعہ فائدہ کے بجائے غلط نگ پہننے سے نقصان کا اندیشہ ہو جاتا ہے۔ صحیح نگ کو جاننے کے طریقہ کے متعلق مزید جانکاری کے لئے ہمارے یہاں سے نگوں کے متعلق کتاب اردو یا ہندی میں منگوا سکتے ہیں۔ قیمت ۶۰ روپے۔ جنرل بک ڈپو اڈاہوشیارپور جالندھر۔

سورج گرہ کا نگ مانک (Ruby) اس نگ کا دیوتا سورج ہے اسکو انگریزی میں روبی (Ruby) ہندی میں مانک، فارسی اور اردو میں یاکوت یا لعل بھی کہتے ہیں۔ ان کا رنگ لال کمل کی طرح سنگرف کی طرح اور لاکھ کی طرح ہو سکتا ہے۔

پہچاننے کا طریقہ۔ اصلی مانک لال سرخ رنگت چمکیلا بھاری پن ہوتا ہے۔ ہتھیلی پر رکھنے سے ہلکی سی گرمی ہونے لگتی ہے۔ (۲) شیشے کے برتن میں رکھنے سے چاروں طرف ہلکی سی لال کرنیں دکھائی دیتی ہیں۔ (۳) گائے کے دودھ میں اصلی مانک رکھا جائے تو دودھ کا رنگ گلابی دکھائی دیگا۔ (۵) اگر چاندی کی تھالی میں موتیوں کے ساتھ رکھکر مانک سامنے رکھ دیا جائے تو دودھ کا رنگ گلابی دکھائی دیگا۔ (۵) اگر چاندی کی تھالی میں موتیوں کے ساتھ رکھکر مانک سامنے رکھ دیا جائے تو اس میں رکھے سبھی موتی لال رنگ کے دکھائی دینگے (۶) دوپہر کے وقت روئی میں رکھنے سے روئی میں آگ لگ جائیگی۔ اصلی نگ کی یہی پہچان ہے۔ چمکیلا اور بھاری اور کنیر کے پھولوں جیسا رنگ ہونا چاہیے۔ اس کے نقص کالے اور دودھیا رنگ سے آڑی ترچھی لکیر ہیں، دودھ میں بنا رنگ، جس میں گڑھے پڑے ہوں ایسی انگ کبھی پہننے کے قابل نہیں ہوتا۔ اُلٹا بُرا اثر پڑتا ہے۔

پہننے کی ترکیب۔ مانک رتن اتوار کو سورج کے ہورا میں کرتکا پھاگنی اُترا پھاگنی اترا اکھاڑا روی پکھ یوگ میں سونے یا چاندی کی انگوٹھی میں جڑوا کر دو سورج کے بیج منتروں سے پوجن کر کے چھوٹی اُنگلی کے ساتھ والی انامکا انگلی میں پہننا چاہیے جسکا وزن ۳۔ ۵۔ ۷۔ ۹ رتی تک ہونا چاہیے۔

سورج کا بیج منتر:۔ اوم ہرانگ ہرینگ ہرونگ سہ سوریائے نمہ۔ پہننے کے بعد گایتری منتر کی ۳ مالا کا پاتھ ہون دو سورج بھگوان کو طریقہ کے مطابق ارگھیہ دینا چاہیے اور تانبے کے برتن کنک ناریئل، گڑ، لال وغیرہ کا دان کرنا چاہیے۔ طریقہ کے مطابق مانک پہننے سے راج دربار میں مان عزت بھاگیہ کا ستارہ چمکے۔ اولاد کا سکھ تیج بل میں طاقت ملے دِل کی بیماری۔ آنکھوں کی بیماری۔ خون کی بیماری جسمانی کمزوری میں مفید ہے۔ میکھ، کرک، سنگھ، تُلا، برشچک و دھن راشی یا اس لگن والوں کو مانک پہننا فائیدہ مند ہے۔ جنکی جنم کنڈلی میں سورج گرہ کا اثر نہ ہوتا ہو انکو بھی مانک پہننا مبارک ہے۔

چندرماں کا گرہ موتی (Pearl) : چندرماں کے نگ کو سنسکرت میں موتکہ، ملکتک، مکتا، چندرمنی، ہندی پنجابی میں موتی۔ انگریزی میں (Pearl) کہا جاتا ہے۔ مکتا یا موتی نگ کا دیوتا چندرماں ہے۔ عربی فارسی میں گوہر کہتے ہیں۔

پہچان۔ موتی گول اور سفید صاف چندرماں کی طرح چمکنے والا نگینہ خوبصورت اور ہلکہ پن والا ہوتا ہے۔ گئوماتا کے پیشاب میں مٹی کے برتن میں رات بھر پڑا رہنے دیں اگر وہ نہ ٹوٹے تو سمجھیں کہ نگینا بالک ٹھیک ہے۔ (۲) پانی سے بھرے شیشے کے گلاس میں موتی ڈال دیں۔ اگر پانی سے کرنیں نکلتی دکھائی دیں تو سمجھ لینا چاہیے کہ نگینہ بالکل ٹھیک ہے۔ اگر نقلی ہوگا تو ٹوٹ جائے گا (۳) دھان کی بھوسی کو ہتھیلی پر رکھ کر اُس پر موتی رکھ دیں اگر اصلی ہوگا تو اسکی چمک بڑھ جائیگی۔ سچا موتی اگر نہ ملے تو چندرکانت منی یا سفید پکھراج پہن سکتے ہیں۔ اصلی شدھ موتی پہننے سے دماغی طاقت بڑھ جاتی ہے۔ مکتا بھسم کا استعمال نہایت فائدہ مند ہے۔ مرگی، پاگلپن بلڈ پریشر، پیٹ کی خرابی، پتھری، دانت کے روگ میں فائیدہ مند ہے۔ جسمانی خوبصورتی، عورت و دھن وغیرہ سکھ حاصل ہونگے۔

پہننے کا طریقہ:۔ موتی چاندی کی انگوٹھی میں شکل پکش کے سوموار کو یا پورنماشی کے دن چندرمان کی ہورا میں گنگا جل اور کچا دودھ و چاول میں ڈبوتے ہوئے "اوم شرانگ شرینگ شرونگ سہ چندرمسے نمہ" کے بیج منتر کا گیارہ ہزار بار پاٹھ کرنے کے بعد پہننا چاہیے۔ اسکے بعد چاول، چینی، کھیر، سفید پھل و کپڑا وغیرہ دان کرنا چاہیے۔ موتی ۲۔ ۴۔ ۶ یا ۱۱ رتی کا انامکا یا کنشکہ اُنگلی میں۔ ہست روہنی یا شرون نکشتر میں اچھے جوتشی کے بتائے مہورت میں پہننا چاہیے۔ میکھ و برکھ۔ متھن۔ کرک، کنیا تلا برشچک مین راشی یا لگن والوں کو موتی شبھ ہے۔

چندرماں کا اُپ رتن۔ چندرکانت منی (Moon Stone) چندرکانت منی چاندی کی طرح چمک والا ہوتا ہے۔ اس کو ہلانے اس پر سفید راشنی بنتی ہے۔ یہ نگ بھی دماغی سکون، یادداشت میں اضافہ کرتا ہے۔ اسے چاندی کی انگوٹھی میں پہننا چاہیے۔

منگل کا نگ مونگا (Coral) اسے سنسکرت میں پروال، انگارک منی وانگریزی میں کورل (Coral) اور عربی فارسی میں مرجان کہتے ہیں۔ مونگا عام طور پر لال سندھوری۔ گیروا رنگ کا ہوتا ہے۔ گول چکنا چمکدار اوسط سے زیادہ وزنی۔ سندھوری و شنگرف کے ملتے رنگ کا مونگا اُتم مانا جاتا ہے۔ اس کا دیوتا منگل ہے۔

پہچان۔ (۱) اصلی مونگے کے خون میں ڈالدیا جائے تو اسکے چاروں طرف گاڑھا خون جمع ہونے لگتا ہے۔ (۲) اصلی مونگا اگر گئو کے دودھ میں ڈال دیا جائے تو اس میں لال رنگ جھائی دکھائی دینے لگتی ہے۔ پہننے کے روز دھرم مقام پر لال رنگ کا کپڑا اور پھل وغیرہ کا دان کریں۔ اعلیٰ درجہ کا مونگا پہننے سے زمین۔ پتر۔

بھائیوں کا سکھ۔ زروکتا نصیب ہوتا ہے۔ اُسکے علاوہ خون کی بیماریاں بھوت پریت اگرست ہوتا۔ کمزوری بھوک کا نہ لگنا دِل کی بیماری۔ وایو، کف وغیرہ میں مونگے کی بھسم کا استعمال ہوتا ہے۔ میکھ، کرک، سنگھ، تُلا، برشچک، مکر، کنبھ و مین راشی یا لگن والوں کو اچھے جیوتشی کے صلاح سے پہننا چاہئے۔ منگل بیج منتر۔ اوم کرانگ کرینگ کرونگ سہ بھومائے نمہ۔

پہننے کا طریقہ۔ شکل پکش کے منگوار کو ہودا میں مرگشر، چترا یا دھنیشٹا نکشتر و میکھ، مکر یا برشچک کے چندرماں کے وقت سونے یا تابنے کو انگوٹھی میں بیج منتر کا پاٹھ کر کے انامکا اُنگلی میں چھ آٹھ دس یا بارہ رتی وزنی پہننے سے شُبھ ہے۔ پہننے کے بعد منگا ستوتر یا منگل گرہ کا دان کرنا شبھ ہے۔

بدھ کا نگ پنّا (Emerald) پنا بدھ گرہ کا نگ ہے اسے سنسکرت میں مرکت منی۔ اشمگربھ، سوپرنی ہریتی۔ فارسی میں زُمرد، انگریزی میں (Emerald) کہتے ہیں۔ پنا ہرے رنگ کا صاف، ملائم چمکدار ہوتا ہے۔

پہچان۔ شیشے کے گلاس میں پانی و پنا ڈال دیا جائے تو ہری کرنیں نکلتی دکھائی دیگی۔ (۲) اصلی پنا کو ہاتھ میں لینے سے یہ لکا کومل و آنکھوں کو ٹھنڈک دیتا ہے۔

تاثیر۔ پنا نگ پہنے سے عقل میں اضافہ اور یادداشت بڑھتی ہے۔ علم، عقل، دولت، بیوپار میں ترقی کے لئے فائدہ مند مانا جاتا ہے۔ سکون اور دماغی بیماریوں سے نجات دلاتا ہے۔ حکیم اِسکو بھسم استعمال کرتے ہیں۔ زچہ عورت کی کمر پر اس نگ کو رومال میں بدھوار کے روز باندھنے سے بچہ بغیر تکلیف کے ہو جاتا ہے۔ اِسکے علاوہ یہ نگ جادو ٹونے، خون کی خرابی، پتھری، آنکھوں کی بیماری گردے کی بیماری اور دماغی کمزوری میں فائدہ مند ہے۔

نگ پہننے کے طریقہ۔ یہ نگ چاندنے پکش میں بدھوار۔ اشلیکھا۔ جیشٹا۔ ریوتی، پورباپھالگنی، یا پکھ نکشتر میں اور بدھوار کی ہودا میں سونے کی انگوٹھی میں دائیں ہاتھ کے چھوٹی اُنگلی میں بدھ گرہ کے بیج منتر کم از کم ۱۶ ہزار بار پڑھ کر صبح پہننا چاہئے۔ بیج منتر۔ اوم ہرانگ، ہرینگ ہرونگ سیہ بدھائے نمہ۔

برہسپت کا نگ پکھراج (Topaz) : پکھراج برہسپت کا اہم نگ ہے۔ سنسکرت میں اسے پُشپ راج، پیت منی۔ ہندی میں پکھراج فارسی میں زرد یاقوت اور اسفر انگریزی میں ٹوپاز کہتے ہیں۔ پکھراج کی مشابہت ہیرے سے بہت ملتی ہے۔ اسکا ذائقہ ترش ہوتا ہے۔

پہچان کا طریقہ۔ پکھراج کا نگ اکثر پیلا ہوتا ہے مگر رنگت کے مطابق (۱) نیبو کے چھلکے کی طرح (۲) سونے کی رنگ کی طرح (۳) کیسر اور ہلدی کے رنگ کی طرح (۴) سفید ہیرے کے طرح بھی ہو سکتا ہے۔ پکھراج ہتھیلی پر رکھنے سے چکنا، کچھ بھاری، پاردرشی اور قدرتی چمک والا اعلیٰ درجہ کا ہوتا ہے۔ مگر بغیر چمک کے سفید دھبوں والا اور اندرونی ریشے دار پکھراج ناقص ہوتا ہے۔ دیگر پہچان۔ (۱) کسوٹی پر گھسنے اور زیادہ چمکدار ہوتا ہے۔ اصلی نگ چوبیس گھنٹہ دودھ میں رکھنے کے بعد بھی چمک میں فرق نہیں پڑتا۔ جہاں کسی زہریلے کیڑے نے کاٹا ہو وہاں گھس کر لگانے سے زہر کا اثر دور ہو جاتا ہے۔ جادو ٹونے کا اثر بھی نہیں ہونے دیتا۔ محبوب کے دل میں محبت اور کشش پیدا کرتا ہے۔ خاصیت۔ پکھراج پہنے سے طاقت دِماغ، ہمت میں فائدہ مند ہوتا ہے عمر دراز کرتا ہے۔ پکھراج شادی سکھ لڑکے کی پراپتی و دھرم کرم کی طرف روجھان پیدا کرتا ہے۔ اگر کسی راب رُوح کا سایہ پڑتا ہو تو وہ بھی دُور ہو جاتا ہے۔ کاروباری الجھنوں کا حل ہے سمندری سفر کے لئے مفید ہے۔ دواؤں میں استعمال۔ حکیم اسکی بھسم کو کیوڑہ یا شہد کے ساتھ دینے سے پیلیا، تلی، کھانسی، دانتوں کی بیماری، منہہ کی بدبو۔ بواسیر، بھوک کا نہ لگنا وغیرہ میں فائدہ مند ہے۔ پہننے کا طریقہ۔ پکھراج ۳۔۵۔۷۔۹۔۱۲ رتی وزن کا سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر ترجنی انگلی میں پہنیں۔ سونے یا تانبہ کے برتن میں کچا دودھ گنگا جل پیلے پھول ڈالکر بیج منتر کا ۱۹ ہزار پاٹھ کر کے شُدھ کرن چاہئے۔ یہ نگ شکل پکش کے ویروار کے ہوداہ میں یا گورپخنہ یوگ میں یا پنربسو۔ وِشاکھا۔ پوربابھادوپد نکشتر میں کرک، دھن یا مین کا چندرماں ہو۔ پہنے سے مبارک ہوتا ہے۔ برہسپت کا بیج منتر۔ اوم گرام گریم گروم سہ گوروے نمہ۔ پکھراج دھن مین ورشی کے علاوہ میکھ کرک، برشچک راشی والوں کے فائدہ مند ہے۔ پہننے کے بعد برہسپت کے مطابق دان دینا مبارک مانا گیا ہے۔

پکھراج کی جگہ نگ سونیلا۔ پکھراج قیمتی نگ ہونے کی وجہ سے ہر کوئی عام شخص نہیں خرید سکتا اسکے بدلے میں سُونیلا بھی پہنا جاتا ہے۔ مُبارک سُونیلا ہلکے پیلے رنگ (سرسوں کی طرح پیلاپن) کا ہوتا ہے۔ کئی بار یہ پکھراج سے زیادہ پیلاپن لئے ہوتا ہے۔ پہننے کا طریقہ پکھراج کی طرح ہی ہے۔

شکر کا نگ ہیرا (Diamond)۔ سنسکرت میں اسے وجر منی ہندی میں ہیرا انگریزی میں (Diamond) کہتے ہیں۔ ہیرا خوب چمکدار سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ پہچان زیادہ چمکدار چکنا۔ مضبوط پاردرشی اور کرنوں والا ہیرہ اصلی ہوتا ہے۔

شناخت۔ (۱) ہیرہ گرم پگھلے ہوئے گھی میں ڈالدیا جائے تو گھی بہت جلد جمنے لگتا ہے۔ (۲) اگر یہ ہیرا دُھوپ میں رکھ دیا جائے تو اُسمیں اندردھنش کی طرح کرنیں دکھائی دیتی ہیں۔ توتلے بچے کے منہ میں رکھنے سے بچہ ٹھیک طرح بولنے لگتا ہے۔ اندھیرے میں جگنو کی طرح چمکتا ہے۔ خاصیت۔ ہیرے میں آکرشن کرنے کی خاص طاقت ہوتی ہے۔ اِسکو پہننے سے ونش میں اضافہ۔ دھن دولت و جائیداد میں اضافہ۔ صحت یابی۔ گھریلو و دنیاوی سُکھ میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہیرے کا مارا ہوا کشتہ بہت سی بیماریوں میں فائدہ مند مانا جاتا ہے۔ جنسی ہارمون پیدا کرتا ہے۔ نامردی اور شوگر کو کنٹرول کرتا ہے۔ دوا کے طور پر استعمال۔ ہیرے کی بھسم شہد ملائی کے ساتھ لینے سے بہت سی بیماریوں میں فائدہ مند ہے مثال کے طور پر کمزوری، نپنسکتا، وایو کا پرکوپ، بھوک کا نہ لگنا۔ دھاتو میں نقص دِل کی تکلیف، سفید پردر، زہریلا مادہ بننا۔ بچوں میں سُوکھا کی مرض، دماغی کمزوری وغیرہ۔ دوائی کے طور پر استعمال حکیم کے مشورہ سے کرنا چاہئے۔

پہننے کا طریقہ۔ شدی یعنی شکل پکش کے شکروار کو شکر کی ہورا میں پکھ، پورباپھالگنی۔ پورب کھاڑہ نکشتر برکھ۔ تلا یا مین راشی ہو تو ایک رتی یا اس سے زیادہ

وزن کا ہیرہ سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر شکر کے بیج منتر (اونگ دراں درین، دروں، سہہ شکرائے نمہ) کا سولہ ہزار بار پاٹھ کر کے اچھے صورت میں مدھما انگلی میں پہننا چاہیے۔

پہنے کے دن شکر گرہ کے مطابق چیزوں جسطر ح دودھ چاندی، دہی، مشری، چاول، سفید کپڑے، چندن وغیرہ دان کرنا چاہیے۔ ہیرہ پہنے کی تاریخ سے سات سال تک اثر والا بنا رہتا ہے۔ ہیرہ برکھ متھن کنیا، تلا، مکر کنبھ راشی والوں کو فائیدہ مند ہوتا ہے۔

ہیرا کی جگہ نگ : (۱) **فیروزہ**۔ نیلے آسمانی رنگ کی طرح یہ نگ شکر گرہ میں ہیرہ کہ جگہ پہنا جاتا ہے۔ یہ نگ بھوت پریت قدرتی مشکلوں میں آنے والی تکلیفوں میں مددگار ہوتا ہے۔ اگر اس نگ کو کوئی موقعہ میں ملنے پر پہنے گا تو زیادہ اثر والا رہے گا۔ ہلکے چمکدار رنگ والا نگ مبارک ہوتا ہے۔ کوئی بھی مشکل آنے سے یہ نگ اپنا رنگ بدل لیتا ہے۔ آنکھوں کی بیماری سر درد زہریلا مادہ والی تکلیف میں خاص فائدہ مند ہوتا ہے۔

(۲) **اوپل (Opal)**۔ یہ بھی شکر کا دوسرا نگ ہے۔ اسکو پہنے سے اچھے خیال (وچار) دھارمک کاموں کی طرف توجہ رہتی ہے۔ زیادہ مشہور نہیں ہے۔

شنی کا نگ نیلم (Saphire) ۔ نیلم شنی گرہ کا خاص نگ ہے۔ سنسکرت میں اسے نیل، نیلمنی، اندرنیل، ہندی میں نیلم۔ انگریزیمیں سفائیر (Saphire) کہتے ہیں۔ عربی و فارسی میں یاقوت اور ارزاق کہتے ہیں۔ پہچان۔ اصلی نیلم چمکدار چکنہ مور پنکھ کی طرح کے رنگ والا نیلی کرنوں والا پاردرشی ہوتا ہے۔ لال پیلے دھبوں والا گھسا ہوا۔ بغیر چمک والا۔ ٹوٹا ہوا نیلم ناقص ہوتا ہے۔ اسکے پہننے سے نقصان کا اندیشہ رہتا ہے۔

شناخت۔ اصلی نیلم کو گائے کے دودھ میں ڈال دیا جائے تو دودھ کا رنگ نیلا لگتا ہے۔ پانی سے بھرے شیشے کے گلاس میں ڈال دیا جائے تو نیلی کرنیں دکھائی دینگیں۔ فائیدہ نیلم پہنے سے دھن دولت مان عزت دماغی قوت نوکری یا بیوپار و خاندان میں اضافہ صحت کی بہتری میں فائیدہ مند ہے۔

نیلم شنی کی ساڑھ ستی کے بُرے اثر کو دور کرتا ہے۔ خیال رہے عام طور پر نیلم چوبیس گھنٹہ میں اثر کرنا شروع کر دیتا ہے۔ اگر نیلم ٹھیک نہ بیٹھے تو سخت نقصان کا اندیشہ ہوتا ہے۔ شناخت کے طور پر کم سے کم ۳ تین دن تک پاس برا گر برے خواب آئیں۔ بیماری آئے یا چہرے کو بناوٹ میں فرق تو مت پہنو۔

بیماری میں شانتی کے لئے۔ نیمل پہنے یا دوڑی کی شکل میں دم، ٹی بی، دل کی بیمار، کھانسی، بخار، آنکھوں کی بیماری دماغی بیماری کشٹ روگ۔ پیشاب کے متعلق بیماریوں میں فائیدہ مند ہے۔ ٹوٹا ہوا نیلم پتھر پہننا کسی حادثہ میں موت کا سبب بن سکتا ہے۔ پہننے کا طریقہ۔ نیلم ۵۔۷۔۹۔۱۲ یا زیادہ وزن کا پنچ دھاتو۔ سونے یا لوہے کی انگوٹھی میں شنی وار کے دن شنی کی ہودہ میں پشنہ، اترابھادرپد، چترہ، سواتی، دنیشٹھا، یا شتبث نکشتر میں سی کے بیج منگر (اوم پرانگ۔ پرینگ، پرونگ سہہ شیئے نمہ) منتر کے ۲۳۰۰۰ (تیئس ہزار) پاٹھ کر کے پہنیں۔ اُسکے بعد شنی کے مطابق چیزوں کا دان کریں۔

راہو کا نگ گومید (Zircon)۔ راہو کے نگ گومید کو سنسکرت میں گومید انگریزی اور اردو میں زرقون (Zircon) کہتے ہیں۔ گومید کا رنگ گئو موتر کی طرح ہلکے پیلے رنگ کا کچھ لالی و کالا پن لئے ہوتا ہے۔ صاف بھاری گومید مبارک ہوتا ہے۔ اس میں شہد جیسی چمک بھی دکھائی دیتی ہے۔

پہچان۔ اموماً گومید اُلو یا باز کی آنکھ جیسا ہوتا ہے۔ گئو موتر جیسا۔ دل کے بغیر یعنی جو پرتدار نہ ہو۔ ایسا گومید مبارک ہوتا ہے۔ (۱) اصلی گومید کو ۲۴ گھنٹے تک گئو موتر میں رکھنے سے گئو موتر کا رنگ بدل جائیگا۔ یہ پتھر دشمن کے خوف سے راحت دلاتا ہے اور رکاوٹوں کو دُور کرتا ہے۔

پہننے کا طریقہ۔ گومید نگ شنی وار کو شنی کی ہوڑا میں سواتی، شتبکا، آردرہ، روی پشپک یوگ میں پانچ دھاتوں یا لوہے کی انگوٹھی میں جڑوا کر، راہو کے بیج منتروں کا پاٹھ کر کے دائیں ہاتھ کی مدھما انگلی میں پہننا چاہیے۔ اس کا وزن ۵۔۷۔۹ رتی کا ہونا چاہیے۔

راہو کا بیج منتر۔ ”اوم، بھراں بھریں بھروں گ سہہ راہوے نمہ“

پہننے کے بعد بیج منتر کا پاٹھ ہون دسورج دیوتا کو ارگھ دیں۔ نیلے رنگ کا کپڑا کمبل تل، باجرا دکشنا کے ساتھ دان کریں۔

طریقہ کے مطابق پہننے سے بہت سے بیماریاں دُور ہوتی ہیں۔ دولت وجائیداد و اولاد کا سکھ۔ وکالت و راجدربار میں عزت مان کے لئے خاص فائیدہ مند ہے۔ دشمنوں کے ناش ہوتا ہے۔ جنکی کنم کنڈلی میں راہو۔۱۔۴۔۵۔۷۔۹۔۱۰ ویں گھر میں ہو۔ اُنہیں گومید پہننا چاہئے۔ مکر گُن والوں کو گومید مبارک ہوتا ہے۔

کیت کا نگ لہسنیا۔(Cat's Eye Stone) : کیتو کینگ کو سنسکرت و ہندی میں لہسنیا انگریزی میں (Cat's Eye Stone) کہتے ہیں۔ یہ نگ اندھیرے میں بلی کی آنکھوں کی طرح چمکتا ہے۔ لہسنیا چار رنگوں میں پایا جاتا ہے۔ کالی یا سفید چمک والا لہسنیا جس پر جینو کی طرح تین دھاریاں ہوں۔ صاف و اوسط سے زیادہ وزنی ہو مبارک ہوتا ہے۔ اسے سوتر منی بھی کہتے ہیں۔ پہچان۔ اصلی لہسنیا کو اگر ہڈی کے اوپر رکھ دیا جائے تو وہ چوبیس گھنٹہ کے اندر ہڈی کے آرپار چھید کر دیتا ہے۔ پہننے کا طریقہ۔ لہسنیا بدھوار کے روز۔ اشنی مھگا، مولا، نکشتر میں روی پشپ یوگ میں پانچ دھاتو کی انگوٹھی میں کنشکا (چھوٹی) اُنگلی میں بدھوار کے روز پہنیں۔ پہننے سے پہلے کیتو کے بیج منتر کا پاٹھ کریں پانچ رتی سے کم وزن نہ ہو۔ ہر تین سال بعد نئی انگوٹھی میں لہسنیا جڑوا کر پاٹھ کر کے پہننا چاہیئے۔

کیتو کا بیج منتر اوم سرانگ سرنیگ، سروانگ، سہہ کیتوے نمہ۔

نگ پہننے کے بعد بدھوار کو ہی کسی شریشٹہ براہمن کو تل کمبل دو درم رنگ کا کپڑا۔ سات اناج (الگ الگ) ہمت کے مطابق دکشنا کے ساتھ دیں۔ ودھی کے مطابق پہننے سے بھوت پریت کا اثر نہیں رہتا۔ اولاد کا سکھ دولت میں اضافہ و دُشمن بیماری کو دور کرنے میں مددگار ہوتا ہے۔

زیادہ جانکاری کے لئے یہاں رتن جیوتش و گیان کتاب۔ /۷۰ روپے بھیج کر منگوا سکتے ہیں۔ جنرل بک ڈپو اڈہ ہوشیارپور۔ جالندھر

لاٹری نکلنے کے یوگ

سب سے پہلے مفید عالم جنتری کے اس نچھتر والے صفحہ پر سے اپنے نام معلوم کریں پھر پتہ کریں کہ لاٹری کب نکل رہی ہے۔ جس روز لاٹری نکل رہی ہو۔ اس دن کا نچھتر جنتریوں کے مہینوں والے صفحہ پر دیکھیں۔ اگر وہ نچھتر آپ کے نچھتر سے ملتا ہے تو آپ نیچے لکھے نچھتروں کے پھل اور اُپائے دیکھ کر کافی حد تک لاٹری کی اُمید کر سکتے ہیں۔ نیچے تین تین نچھتروں کا مجموعہ دیا گیا ہے۔ تینوں میں سے آپ کے نام کا کوئی نچھتر ہو۔ تو اور لاٹری نکلنے کا کوئی اور دوسرا تو پھر آپ لاٹری خرید سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر آپ کا نچھتر روہنی ہے تو آپ شرون نچھتر میں نکلنے والی لاٹری خرید سکتے ہیں۔ آپ کی قسمت کا ستارہ چمک سکتا ہے۔

۱۔ کرتکا۔ اتراپھالگنی و اتراکھاڑا۔ لاٹری نکلنے کی امید ہے۔ روزانہ آدتیہ پردیہ کا پاتھ سورج دیو کو نمسکار۔ اور مانگ۔ مانگ دہارن کرنے سے لابھ رہے گا۔ اور اتوار کا برت رکھیں۔ تو اور بھی اچھا رہے گا۔ گُڑ وغیرہ کا دان کریں۔ لاٹری کا ٹکٹ اتوار کو خریدیں۔

۲۔ روھنی۔ ھست شرون۔ ہر امید پوری ہو سکتی ہے۔ لاٹری کا ٹکٹ سوموار کو خریدیں۔

۳۔ مرگشر۔ چتراور دھنیشٹا۔ لاٹری نکلنے کی ابھی امید بہت کم ہے۔ مت ڈالیں ایک سال تک شری ہنومان جی کو لڈو کا پرشاد ہر منگلوار کو چڑھا کر منگلوار کا برت رکھیں۔ ہاں شُدھ مونگا دھارن کرنے کے ایک سال بعد ضرور لاٹری نکل جائے گی۔

٤۔ آردرا۔ سواتی۔ شتبھکا۔ تین ماہ بعد نکلنے والی لاٹری ڈالیں۔ ضرور نکلے گی۔ اپنے اشٹ دیو کی پوجا کریں۔ سنیچر وار کو کالی چیز کا دان۔ پرندوں کو چاول ڈالنا۔ اور خود گومد دہارن کرنے سے تین ماہ بعد لاٹری ضرور نکلے گی۔ لکشمی پاٹھ ہر سنیچر وار کو ضرور کریں۔ لاٹری کا ٹکٹ ضرور شنیچر وار کو ہی خریدیں۔

۵۔ پنربس۔ یشاکھ۔ پوربا بھادرپد۔ لاٹری نکلنے کا یوگ بخوبی بنتا ہے کسی بوڑھے براہمن کو پہلے میٹھے چاول۔ پیلے کپڑے چنے کی دال کا دان کرنا شبھ ہے۔ برہسپت وار کا برت ۵ ہفتوں تک کریں۔ شری دُرگا ماتا کا پاٹھ پورے ۴۰ دن تک کریں۔ لاٹری ضرور نکلے گی۔ خود پکھراج کا نگ دہارن کریں۔ لاٹری کا ٹکٹ ویروار کو خریدیں۔

٦۔ پکھ انورادا۔ اترابھادرپد۔ ابھی لاٹری نکلنے میں دیر لگے گی۔ سنیچر وار کا برت اور کالے تل لوہا کا برتن، کالا کپڑا کا کسی غریب کو دان اور نیلم پتھر پہننے سے یوگ ڈیڑھ سال تک سنبھل سکتے ہیں۔ پرندوں اور موک جانوروں کو چارہ ڈالنا بھی شبھ ہے ٹکٹ سنیچر وار کو خریدیں۔

۷۔ اشلیکھا، جیشتھا۔ ریوتی لاٹری نکلنے کا بہت امکان ہے۔ لاٹری کا ٹکٹ بدھ وار خریدیں چار بدھ وارت تک برت رکھیں اور برت کے روز کسی غریب کو یا براہمن کو سبز کپڑا مونگی۔ ہرے پھول کانسی کے برتن گھی۔ مصری وغیرہ دان میں دیں۔ نگ پنا پہننا بہتر۔ ۴ ہفتہ تک شری درگا پاٹھ کرنا ضروری ہے۔

۸۔ مگھا، مولا، اشونی۔ لاٹری کا ٹکٹ کسی بچے کے نام منگلوار کو خریدیں۔ ہر منگلوار کو بچوں میں پیلے لڈو تقسیم کریں۔ اور اپنے اشٹ دیو کی پوجا کریں۔ برت رکھیں لکشمی دیوی کا پاٹھ ہر روز کریں۔ سات ماہ بعد مُراد پوری ہو گی۔ ابھی ٹکٹ نہ خریدیں۔

۹۔ پوربا پھالگنی۔ پورباکھاڈا بھرنی لاٹری نکلنے کی پوری امید ہے۔ دیوی دُرگا ماتا کے چھٹے، ساتویں ادھیائے کا پاٹھ چار ہفتہ تک کرلیں۔ شکر وار کو پاٹھ ضرور کریں۔ ٹکٹ بھی شکر وار کو ہی خریدیں۔ اس دن پانچ چھوٹی لڑکیوں کو میٹھے چاول کی کھیر کھلائیں۔ من کی مراد جلد پوری ہو گی۔

کون سی لاٹری خریدیں

راشی	علاقے	راشی	علاقے	راشی	علاقے
میکھ برکھ متھن کرک	کلکتہ، اڑیسہ پنجاب راجستھان، بہار، اترپردیش سکم، آسام، ہماچل پردیش، ناگالینڈ دہلی، شری لنکا، رنگون	سنگھ کنیا تلا برشچک	آسام، مہاراشٹر، کیرل آسام، سکم، ہماچل، ناگالینڈ اور سری نگر ہریانہ، راجستھان، پنجاب بہار اڑیسہ، کلکتہ، سکم، یوپی	دھن مکر کنبھ مین	دہلی، یوپی، بنگال، اور نیپال میسور، شری لنکا ہماچل پردیش پنجاب، ہریانہ، بہار، یوپی ناگالینڈ، مہاراشٹر، جموں کشمیر

نوٹ:۔ جس روز لاٹری نکلنے والی ہو۔ اس روز کا چندرماں۔ اگر آپ کی نام راس کے چوتھے۔ آٹھویں یا بارہویں مقام پر پڑتا ہے۔ تو اس روز لاٹری نہ ڈالیں (پنڈت پنالال جیوتشی ایم اے۔

گھوڑوں کی کی دوڑ میں ہار جیت کا سوال

گھوڑا دوڑ میں عموماً پانچ رنگ کے گھوڑے ہوتے ہیں۔ سفید سرخ زرد ڈبھربا اور کالا دوڑ کے وقت آپ پانچوں رنگوں کی گولیاں بنالیں اور دوڑ کے وقت ایک گولی نکال لیں جس رنگ کی گولی نکلے۔ اسی رنگ کے پر بازی کیا عنصر غالب رہے گا۔ دوسری ترکیب میں جس وقت پر جس ستارے کی ساعت ہوگی۔ اس رنگ کا گھوڑا نکلے گا۔ اور وہی دوڑ میں غالب رہے گا۔

سیارہ	دن	رنگت	سیارہ	دن	رنگت	سیارہ	دن	رنگ
سورج	اتوار	سرخی مائل	بدھ	بدھوار	ڈبھربا	شکر	شکروار	سفید
چندرماں	سوموار	سفید						
منگل	منگل	سرخ	برہسپت	ویروار	پیلا	سنیچر	سنیچروار	کالا

گھوڑا دوڑ اور لاٹری اپنی ذمہ داری پر ڈالیں۔ ہمارا صرف مشورہ۔ پنڈت پنالال جیوتشی۔

تاہے۔

شکر کشیتر پر کالا ہندو ہونے سے آدمی زیادہ شہوت پرست ہوتا ہے اور اس کے کارن بے عزت بھی ہوتا ہے۔ اسے گپت روگ ہوتا ہے۔

منگل کشیتر پر ہندو کا نشان ہونے سے لڑائی میں چوٹ لگتی ہے۔ یا مقدمے بازی میں دھن کا ناش ہوتا ہے۔ جیون ریکھا پر کالا ہندو ہو تو لمبی بیماری۔ مستک ریکھا پر ہو تو سر میں چوٹ اور سر کا روگ ہوتا ہے۔ ہردے ریکھا پر ہو تو بدنامی۔ پریم سمبندھوں میں مایوسی اور دل کی بیماری ہوسکتی ہے۔ سورج ریکھا پر ہو تو اپنوں سے بچھڑنا۔ سواستھ ریکھا پر ہو تو صحت میں خرابی اور حاسد ہوتا ہے۔ رواہ ریکھا پر ہو تو شادی میں مشکلات پیش آتی ہیں، اور اگر دواہ ہو بھی جائے تو عورت کا چھوڑ کر چلے جانا، عورت کے ہاتھ میں ہو تو خاوند سے بچھڑنا۔ منگل ریکھا پر ہو تو بے حرکت رہنا۔ چندر ریکھا پر ہو تو قسمت میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔

نوٹ:۔ ہندواور تلوں کے نشان میں فرق ہوتا ہے۔ ہندو۔ سفید۔ کالا۔ لال وغیرہ کئی پرکار کا ہوسکتا ہے۔ کالا ہندو (داغ) عام طور پر بُرا اثر ڈالتا ہے، رنگ اور حالات کے مطابق ان کا پھل بھی مختلف پرکار سے ہوتا ہے، اگر ہردے ریکھا پر سفید ہندو ہو تو آدمی یا عورت اپنے پریمی کو پانے میں کامیابی حاصل کر لیتے ہیں۔ اگر ایک سے زیادہ ہوں اور ہردے ریکھا کٹی ہوئی ہو تو ایسے لوگ پریم حاصل کرنے میں ناکام اور دُکھی ہوتے ہیں۔ اپنے پریمیوں پر زیادہ یقین رکھنے سے دھوکا کھاتے ہیں۔

ہتھیلی پر تل وچار تل کا نشان جس ریکھا یا گرہ پربت پر ہو گا اس کے نیک پھل کو دوگنا کر دیتا ہے خصوصاً داہنے ہاتھ میں جو کہ مٹھی بند کرنے پر اندر تل پڑ جاتا ہے۔ تو ایسا تل بیشما دھن دولت دینے والا ہوتا ہے۔ وہ اپنے کل اور حالات کے مطابق ضرور ہی لکشمی پراپت کرتا ہے۔ بائیں ہاتھ میں تو خرچ کی زیادتی کر کے اقتصادی مشکل لاکر پریشان کئے رہتا ہے۔ مرد کے داہنے انگ پر تل کا جو اثر ہوتا ہے وہی اثر استری کے بائیں انگ پر تل ہونے سے ہوگا۔

جس عورت کے ہردے ستھان پر تل ہو تو اُسے خوش نصیب سمجھنا چاہئے۔ اگر عورت کی بھوؤں کے درمیانی حصہ میں تل کا نشان ہو تو اسے راج پاٹھ (شاہی ٹھاٹھ) کی علامت سمجھنا چاہئے۔ جس عورت کے بائیں گال پر لال رنگ کا تل ہو تو وہ ہمیشہ اچھا اور سوادشٹ بھوجن پراپت کرتی رہتی ہے، اگر کسی عورت کے خفیہ مقام (گپت ستھان) کے دائیں حصے میں تل ہو تو وہ کسی راجہ کی پتنی ہوتی ہے۔ اگر گپت ستھان پر تل کا نشان ہو تو دکھ درد کا سوچک ہے

ہاتھ۔ کان۔ گال یا گلے کے بائیں طرف کے کسی حصہ میں تل ہو تو ایسی عورت پہلے حمل سے ہی پتر کو جنم دیتی ہے۔

مستک کے بائیں طرف تل ہو تو ایسی عورت بھاگیہ وان خوشحال اور سکھی ہوتی ہے۔ بائیں آنکھ پر تل ہو تو ستی اور پاکدامن ہوتی ہے۔ گال پر تل ہو تو بھوگی عیش و عشرت پسند ہوگی۔ کان پر تل ہو تو لوبھی اور لالچی ہوگی۔ ناک پر تل ہو تو چنچل و شوخ مزاج ہوگی۔ گردن پر ہو تو ایسی عورت حکومت پسند اور عب وداب والی ہوگی، اگر ستین پر تل ہو تو ایسی عورت مردوں کے لئے بہت زیادہ پرکشش ہوتی ہے۔ اس کی سنتان اچھی نکلتی ہے۔

خیر اندیش

پنڈت پنالال۔ جیوتشی۔ جالندھر شہر۔

لال کتاب کے مطابق

عمر کے مختلف حصوں پر گرموں کے اثرات

لال کتاب کے مطابق ۱۲ سال کے بچے کی قسمت کا کوئی اعتبار بھروسہ نہیں ہوتا۔ (۷۰) سال کے بعد آدمی کی اپنی قسمت کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا اس کا نصیب اس کے بچوں کے نصیب اس کے بچوں کے نصیب یا خدا کی عنایت پر منحصر رہتا ہے۔ ۳۵ سال میں پورے نوگرہ چل کر پورا چکر نیچے لکھے نقشہ پورا کرتے ہیں۔ ہر ایک گرہ کے اثرات کا عرصہ سال صرف اس آدمی کی عمر کے حساب سے دیئے گئے ہیں۔

نام گرہ	عمر زیر اثر	عمر زیر اثر	عمر زیر اثر
سنیچر	ا سے ۶ سال تک	۳۶ سے ۴۱ سال	۷۱ سے ۷۶ سال
راہو	۷ سے ۱۲ سال	۴۲ سے ۴۷ سال	۷۷ سے ۸۲ سال
کیتو	۱۳ سے ۱۵ سال	۴۸ سے ۵۰ سال	۸۳ سے ۸۵ سال
برہسپت	۱۶ سے ۲۱ سال	۵۱ سے ۵۶ سال	۸۶ سے ۹۱ سال
سورج	۲۲ سے ۲۳ سال	۵۷ سے ۵۸ سال	۹۲ سے ۹۳ سال
چندرماں	۲۴ ویں سال	۵۹ واں سال	۹۴ ویں سال
شکر	۲۵ سے ۲۷ سال	۶۰ سے ۶۲ سال	۹۵ سے ۹۷ سال
منگل	۲۸ سے ۳۳ سال	۶۳ سے ۶۸ سال	۹۸ سے ۱۰۳ سال
بدھ	۳۴ سے ۳۵ سال	۶۹ سے ۷۰ سال	۱۰۴ سے ۱۰۵ سال

۲۷ پنچھتروں میں پیدائش کا بیان

اشونی:۔ جو شخص اشونی پنچھتر میں پیدا ہو وہ دولت مند، ہر کام میں ہوشیار، خوش وضع، دوستوں اور سمبندھیوں سے میل ملاپ رکھنے والا ملنسار، شکر گذار، خوش کلام اور تیز فہم ہوتا ہے۔ سماج اور عزیز واقارب میں عزت واحترام پانے والا اور فراخ دل ہوتا ہے۔ بااخلاق اور نیک سیرت ہوتا ہے۔ قسمت کا ستارہ ۲۵ ویں برس میں طلوع ہوگا۔

بھرنی:۔ اس پنچھتر میں پیدا ہونے والا بچہ لمبی عمر والا، راستی پر چلنے والا صحت مند اور ہر دلعزیز ہوتا ہے۔ نیک کاموں میں دلچسپی رکھنے والا، نیک لوگوں کی صحت کو پسند کرنے والا اور ہر جگہ عزت و توقیر پانے والا ہوتا ہے۔ اس کی قسمت کا ستارہ ۲۷ ویں سال کے بعد طلوع ہوگا۔

کرتیکا:۔ بسیار خور بھوک زیادہ رکھنے والا، لذیذ اور چٹ پٹی خوراک کا دلدادہ، مغرور، کنجوس اور ناشکر گذار ہوا نیکی اور وفا کو کرتیکا کا پنچھتر والا شخص غیر عورت (عورتوں) سے تعلق رکھنے والا ہوتا ہے۔ جس کا کو ہاتھ میں لے اُسے پورے اُتساہ اور لگن سے سرانجام دے عزیز واقارب سے بگاڑ رکھے۔ قسمت کا ستارہ ۲۹ سال کے بعد چمکے۔

روہنی:۔ دولت مند، راست گو، عزیز واقارب سے اُلفت رکھنے والا، شریں کلام، نرم گفتار، دنیاوی کاموں کو تندہی سے سرانجام دینے والا اور بلند حوصلہ ہوتا ہے۔ شردھاوان اور مفید مشوروں پر عمل کرنے والا، دولت مند اور رحم دل ہوتا ہے۔ راج دربار میں عزت پانے والا اور بزرگوں کا احترام کرنے والا ہوتا ہے۔ اگر رات کا جنم ہو تو کٹھور ہردے والا اور بدیش جانے کا شوقین ہو۔ قسمت کا ستارہ ۳۰ سال کے بعد چمکے۔

مرگشر:۔ تند مزاج، تیز رفتار، خود پسند اور معمولی بات پر بگڑنے والا عورتوں کی صحبت پسند کرنے والا، چالاک اور ناشکرہ ہو۔ غصہ میں ہر وقت بھرا رہے۔ جھگڑالو اور فسادی ہو۔ مطلب پرست اور دوسروں کا احترام نہ کرنے والا ہو۔ ۲۸ برس کے بعد خوشحال ہو۔

آردرا:۔ مستقبل مزاج، حلیم طبع، ہر دلعزیز، عقلمند اور متحمل مزاج ہو مشکلات میں نہ گھبرانے والا مگر دھن دولت کے سکھ سے محروم رہے جمع خوری کے برخلاف نیک اور دانا۔ ۲۸ برس کے بعد خوشحال ہو۔

پنربس:۔ مستقبل مزاج، عالم، دانا، دولت مند، راج دربار میں اور عزیز واقارب میں عزت پانے والا، دوست اور متر بہت ہوں اولاد کا سکھ دیکھے۔ سب کا خیر خواہ سفید چیزوں کو پسند کرے۔ سفر بہت کرے۔ قسمت کا ستارہ ۲۸ سال بعد چمکے۔

پکھ:۔ حلیم وذہین، نیک دل، ہوشیار ہو، دوسروں کی مدد کرنے والا، خدا ترس، دھرم کرم کے کام کرنے والا اور عابد و نیک ہو نیک وبد کی تمیز رکھنے والا ہو۔ قسمت کا ستارہ ۳۵ سال بعد چمکے۔

اشلیکھا:۔ نیک کاموں کو کرنے میں سکھ ماننے والا، پریوار اور کنبہ بڑا ہو۔ دیوتا، بزرگوں اور سادھو سنتوں سے پیار کرنے والا ہو۔ کسی کی خاطر میں نہ لانے والا، دوسروں کو فائدہ اور بھلائی کو دیکھ کر خوش ہو۔ نشوں سے رغبت رکھے۔ نیک وید کا خیال نہ رکھے۔ رشتہ داروں سے ناچاقی رہے۔ قسمت ۳۰ برس بعد چمکے۔

مگھا:۔ دولت مند اور آسودہ حال ہو، عورت کے لئے وفادار اور پیار رکھے۔ ماں باپ کی عزت اور خدمت کرنے والا۔ دوسروں کو دکھ نہ دینے والا ہو۔ سدا خوشحال رہے۔ بیوپار میں دھن لابھ ہو۔ قسمت کا ستارہ ۲۵ برس کے بعد چمکے۔

پوربا پھالگنی:۔ دشمنوں پر غالب رہے ہر کام میں ہوشیار، افسروں، امیروں اور وزراء کی خدمت کرنے والا۔ خوش وضع او خوش کلام ہو۔ عورتوں کا پیارا۔ اقبال مند اور سواری وغیرہ کا شوقین ہو حکومت سے تعلق ضرور رکھے۔ سفر کا شوقین اور قابل ہو۔ امیدوں میں کامیابی اپنے رشتہ داروں سے پیار، راج دربار اور سماج میں عزت۔ قسمت ۲۸ برس کے بعد چمکے۔

اترا پھالگنی:۔ دولت مند۔ عیاش۔ اسلحہ اور دھنش ودیا کا جاننے والا، بہادر اور طاقتور ہو۔ کھیل کود اور پہلوانی کا شوق رکھے۔ ذہین، راست گو اور سنجیدہ ہو۔ دوسروں کی مدد کرنے والا، مدبر اور شیریں کلام ہو قسمت ۲۸ / ۳۱ برس کے درمیان چمکے۔

ہست:۔ اس پنچھتر والا اپنی قوم اور برادری میں سردار ہو۔ باحوصلہ اور مدبر ہو۔ دشمنوں سے سدا لوہا لینے والا ہو۔ نشہ والی چیزوں کا شوقین ہو۔ بھائی بندوں کے پاس نہ رہے۔ عیش و آرام کا دلدادہ عورت غیر سے رغبت رکھنے والا۔ عیش و عشرت کا دلدادہ ہو۔ کرودھی ہو۔ قسمت ۳۰ / ۳۱ برس کے بعد چمکے۔

چترا:۔ بڑا دانا، صاحب ہمت اور میانہ قد ہو۔ دولت مند۔ سختی راست گو اور خوشحال ہو۔ استری اور اولاد کی طرف سے آرام پائے۔ خوش نویس اور تعمیرات کے کاموں میں دلچسپی رکھے۔ ویدک ودیا کا جاننے والا ہو۔ خوبصورت اور مذہبی خیالات والا ہو۔ روپیہ پاس کم ٹھہرے۔ قسمت ۳۳ / ۳۸ برس کے درمیان چمکے۔

سواتی:۔ بڑا سمجھدار اور تجارت کے کام کو خوبی سمجھنے والا۔ دوستوں اور عزیزوں کی پرورش کرے۔ شیتل سوبھاؤ۔ ہر دلعزیز اور سب کے ساتھ میل۔ جول اور سلوک رکھے۔ دیوتاؤں سے پریت رکھنے ولا جب تشنگی کی حالت ہو تو بے صبر ہو جائے۔ ستارہ قسمت ۳۰ / ۴۴ برس کی عمر میں چمکے۔

وشاکھا:۔ خوش قسمت خوبصورت اور مالدار ہو۔ کھوٹے کاموں میں رجحان بہت ہو۔ موقع شناس، مستقبل مزاج اور مدبر ہو۔ لڑائی فساد کے کاموں میں خوش رہے۔ بہادر اور جرات مند ہو۔ خوش خلق اور راست گو اور سفر بہت کرے۔ ۲۱۔ ۲۸۔ ۲۴ برس کے دوران قسمت کا ستارہ چمکے۔

انورادھا:۔ علم و ہنر، کسب و تجارت اور ہر طرح کے فنون کا ماہر،

صاحب عزت، خوشحال اور حلیم الطبع ہو۔ بھوک زیادہ رکھے۔ کنبہ کو پالنے والا۔ سفر زیادہ کرنے والا ہو۔ قسمت ۳۹ برس کے بعد چمکے۔

جیٹھ :۔ دولت بہت ہو۔ دھارمک کاموں میں رجحان والا۔ نیک اور پراپکاری ہو۔ صنعت اور دستکاری کا شائق۔ ادب اور شاعری کا دلدادہ۔ صابر اور شیتل سوبھاؤ۔ قانع اور دانا ہو۔ فرض شناس اور ہوشیار ہو۔ ۱۳۔ ۲۷۔ ۳۱ اور ۳۹ واں سال صحت کے لئے خراب رہے گا۔

مولا :۔ فیاض۔ سخی۔ سنجیدہ ہو۔ سرنجان مزنج اور برادری میں بڑا احترام پائے۔ اکثر مریض رہے۔ تھوڑی سی خلاف بات پر بھی بگڑ جانیوالا ہو۔ بھاگیہ چمکنے کا وقت ۲۷ یا ۳۰ ویں برس میں ہوگا۔

پوربا کھاڑہ :۔ صلح کل اور اتحاد کے معاملوں میں ثابت قدم ہو۔ صاحب لیاقت و مروت۔ سب کا دوست۔ پراپکاری۔ دین دکھیوں کے کام آنے والا اور چالاک ہو۔ قسمت ۲۸ ویں سال میں چمکے۔

اترا کھاڑہ :۔ امیروں سے میل جول رکھنے والا۔ ہوشیار اور معاملے فہم ہو ہر لحاظ سے کامیاب رہے۔ دوست بہت ہوں۔ سب کا بھی خواہ۔ ہر دلعزیز۔ سب جگہ عزت پائے۔ ساگ ودیا کا شوقین۔ قسمت کا ستارہ ۳۱ ویں برس میں چمکے۔

شرون :۔ دولت مند۔ بسیار گو، باہمت اور نیک نام۔ عورت خوبصورت ملے۔ علم موسیقی اور حساب کتاب و نجوم میں رغبت رکھے۔ وسیع النظر اور دوسرے کے دل کی بات بھانپنے والا ہو۔ زندگی میں ۱۹ واں اور ۲۴ واں سال ناقص رہے۔

دھنشٹھہ :۔ آسودہ حال اور نیک بخت ہو۔ علم موسیقی کا شوق رکھے۔ بھائی بندوں اور عورت سے سچا پیار کرنے والا ہو۔ باہمت اور نیک کاموں کا دلدادہ۔ سرکاری کاموں میں دلچسپی رکھنے والا۔ عوام اور راج دربار میں عزت حاصل کرنے والا۔ ہیرے، جواہرات کا دلدادہ۔ زندگی کے ۱۵۔ ۲۳۔ ۲۹ ویں سال خراب ثابت ہوں۔

شتبھکا :۔ دولت مند۔ راست گو اور سخاوت میں مشہور ہو۔ نیک کام کرنے والا۔ دانا اور رحیم ہو۔ عورت غیر سے پیار کرنے والا ہو۔ دشمن پر غالب رہے۔ جہاں جائے عزت و احترام پائے۔ زندگی کا ۲۸ واں سال خاص اہمیت رکھنے والا ہو۔

پوربا بھادرپد :۔ دولت مند۔ خوش مزاج بہت بولنے والا۔ عزیز و اقارب سے پیار کرنے والا۔ صاحب علم اور ہر فن میں کامل ہو۔ تنگ مزاج اور نیند ہمیشہ اس پر چھائی رہے۔ اولاد کی طرف سے سکھ پائے۔ ۱۹ ویں سال میں بھاگیہ کا ستارہ چمکے۔

اترا بھادرپد :۔ بڑا پراکرمی۔ خوبصورت گورا بدن۔ باہمت اور باوقار۔ تقریر اور گفتگو تیز۔ بحث و مباحثہ میں فتح مند۔ دانا اور موقع شناس۔ دشمنوں پر غالب آنے والا۔ دھرم نیتی کو جاننے والا۔ ثابت قدم اور فرض شناس ہو۔ بھاگیہ کا ستارہ ۲۷ واں یا ۴۰ واں سال رہے۔

ریوتی :۔ ماں۔ باپ کی خدمت کرنے والا۔ تیز رفتار۔ تیز گفتار دانا اور سادھو سبھاؤ والا ہو۔ دوستوں سے خوش رہے زندگی کے ۱۷۔ ۲۱۔ ۲۴ ویں سال خراب رہیں۔

بھائی بہن ریکھا :۔ من بندھ مول پاس کی ریکھا ہے۔ یہ انگوٹھے کے بیچ کے حصے میں جتنی آڑی ریکھائیں ہوں اتنے ہی بھائی بہن ہوتے ہیں۔ جتنی ریکھائیں مکمل ہوں گی اتنے یہ بہن بھائی ہوتے ہیں۔ جتنی ٹوٹی ہوئی ریکھائیں ہوں گی اتنے بہن بھائی زندہ نہیں رہیں گے۔

ماتری ریکھائیں :۔ آیو ریکھا کے نیچے جو ریکھا پائی جاتی ہے اس کو ماتری ریکھا کہتے ہیں۔ اس کے نیچے پتری ریکھا ہوتی ہے۔ اگر ماتری ریکھا گہری اور صاف دراز ہو تو ماتا کا سکھ ہوتا ہے۔ اگر پتری ریکھا گہری اور صاف ہو تو پتا کا سکھ ہوتا ہے۔ اگر یہ ریکھا صاف دکھائی نہ دے، کٹی ہوئی ہو تو ماتا پتا کے لئے خطرناک ہوتی ہے۔

دھن کی ریکھا :۔ آیو ریکھا و شبھ ریکھا کے بیچ میں چوکڑی دار آکار ہوتا ہے۔ جتنی چوکڑی ہوں اتنا ہی دھن ہوتا ہے۔ ایک چوکڑی والا معمولی دھنی ہوتا ہے اور ریکھا سے دولت کا ہونا یا نہ ہونا دیکھا جاتا ہے۔

شادی کی ریکھا :۔ یہ ریکھا چوتھی انگلی کے پہلو میں نیچے کی طرف ہتھیلی کے کنارے پر ہوتی ہے۔ جتنی ریکھائیں ہوں اتنی ہی شادیاں ہوتی ہیں۔ جتنی ریکھائیں ٹوٹ گئی ہوں وہ شادیاں نہیں ہوتیں بلکہ سگائی ہو کر ٹوٹ جاتی ہے۔ اگر ریکھا موٹی ہو تو مرد کو عورت کا سکھ ہرگز نہیں ملتا کیونکہ وہ مرد عیاش طبیعت کا ہوتا ہے۔

علم کی ریکھا :۔ یہ ریکھا تیسری انگلی کی جڑ کے پاس ہوتی ہے۔ اس کو سورج ریکھا بھی کہتے ہیں۔ یہ جس قدر باریک صاف اور مکمل ہوتی ہے وہ شخص اتنا ہی فاضل ہوتا ہے۔ اگر یہ ریکھا کمزور اور ٹوٹی پھوٹی ہو تو وہ شخص کم علم اور اگر لائن نہ ہو تو وہ شخص ان پڑھ ہوتا ہے۔

گرہ وچار :۔ ہاتھ کے اندر سات گرہ ہوتے ہیں۔ (۱) سورج (۲) چاند (۳) منگل (۴) بدھ (۵) برہسپت (۶) شکر (۷) سنیچر کے مقام ہوتے ہیں۔ جن میں کچھ گرہوں کے تو ایک ہی مقام ہوتا ہے مگر منگل کے دو مقام ہوتے ہیں۔

گرہ شکری برج :۔ یہ برج محبت کا نشان مانا گیا ہے۔ اس سے محبت و عشق ظاہر ہوتا ہے۔ اس کا نشان انگوٹھے سے لے کر کلائی تک ہے۔ عورت کا سکھ، سواری اور زیورات کے بارے میں یہ پتا دیتا ہے۔

برہسپت :۔ اس سے عزت، حوصلہ، یادھرم، آدمی کے بڑا ہونے، علم اور گیان کے بارے میں پتا چلتا ہے۔ اس کو دیکھنے سے دکھ درد، آزادی، کامیابی اور ناکامیابی کا پتا چلتا ہے۔ جس شخص کے ہاتھ کا نشان معتدل ہوتا ہے وہ شخص بہت جلد کامیاب اور ترقی حاصل کرنے والا ہوتا ہے۔

سنیچر :۔ اس کے دیکھنے سے دکھ درد، آزادی، ناکامیابی کا پتا چلتا ہے جس کے ہاتھ کا نشان معتدل ہوتا ہے وہ بہت جلد کامیابی حاصل کر لیتا ہے۔

سورج :۔ انامکا انگلی کی جڑ میں سورج کا نشان ہوتا ہے۔ اس کی وجہ سے یہ باتیں پائی جاتی ہیں۔ دولت، عزت، طاقت، والدین کا آرام شاعری، آرٹ اور ترقی کی خواہش کا پتا چلتا ہے۔

چاند۔ منگل کا پھل :۔ کلائی کے پاس نشان ہوتا ہے۔ اس سے عزت، عورت کا سکھ، دولت اور اقتدار کے بارے میں جانکاری حاصل ہوتی ہے۔ اس کے دو مقام ہوتے ہیں۔ جن سے طاقت، پیٹ کے امراض، خون کی خرابی، تندرستی وغیرہ کا اظہار ہوتا ہے۔ ماتا کا سکھ، بیٹے کا سکھ زمین و جائیداد و سواری کا سکھ معلوم ہوتا ہے۔

مُفید اور کار آمد جنتر و منتر

سنتان کیلئے جنتر

۸	۲	۴	۳۴
۷	۳۷	۳۰	۷
۱	۹	۳۴	۳
۳۵	۲۵	۶	۴

اس جنتر کو شکر وار کے دن سے گیہوں کی روٹی پر لکھکر وہ روٹی کالے کتے کو کھلا دیں مالک چاہے گا تو آپ کی مُراد بہت جلدی پوری ہو جائے گی۔ لیکن جب تک اولاد پیدا نہ ہو جائے یہ عمل بلا ناغہ روزانہ کرتے رہیں۔

کارج سِدھ جنتر

۷	۲	۱۲	۵
۱۱	۱۱	۳	۶
۱	۹	۹	۱۴
۱۳	۱۰	۵	۴

اتوار کے دن ہلدی کے رس سے اس جنتر کو کاغذ پر لکھکر بتی بنائیں۔ شام کو دیئے میں سرسوں کا تیل ڈال اسکو جلائیں اسی طرح سات اتوار کو کریں سبھی قسم کے دکھ دُور ہوں اور کارج سدھ ہو۔

ایک اور کارج سدھ جنتر

۷	۲	۱۵	۸
۱۳	۱۲	۳	۶
۱	۸	۹	۱۴
۱۳	۱۰	۵	۴

ہلدی سے کاغذ پر لکھکر جنتر کے نیچے اپنا مقصد لکھیں پھر فلیتہ کرکے ویر وار کو دیئے میں جلا دیں سات ویر واروں کو ایسا کریں سب کارج سدھ ہونگے۔ ۱۱ دن ہلدی کی مالا سے "ادم ہریں ہراں" کا جاپ کریں۔

پردیسی کی واپسی کا جنتر

۱	۱۵	۸	۳۵
۱۳	۵	۵۲	۴
۳	۶۴	۱۳	۹
۶	۷۲	۶۵	۷۲

یہ جنتر کیسر سے بھوج پتر پر باندھیں روزانہ سات پھیرے لگائیں تو غیر ملک گیا جلدی لوٹ آئے گا۔

خاوند بس میں کرنے کا جنتر۔ اتوار کو یہ جنتر کھ کر گیہوں کے آٹے کی ایک روٹی پکا کر اس جنتر کو پیاز کے رس سے اس روٹی پر لکھکر خاوند کو کھلا دیں وہ بس میں ہو جائیگا

۸	۲	۴۷	۶۳
۳۷	۶۹	۳	۸
۱	۹	۳۴	۳۹
۳۸	۳۵	۶	۴

بیماری دُور کرنیکا جنتر

۷۰	۷۷	۲	۷
۶	۳	۷۴	۷
۷۶	۷۱	۸	۱
۴	۵	۷۲	۱۵

اس جنتر کو بھوج پتر پر کیسر سے لکھکر گوگل کی دھونی دے کر مریض کے گلے میں باندھ دینے سے لاعلاج مرض بھی جلد دُور ہو جاتے ہیں۔ یہ آزمودہ جنتر ہے۔

بواسیر دُور کرنے کا جنتر

۱۳	۸	۳	۹
۷۷	۱۰	۴	۶۵
۸۰	۱۵	۶	۷
۱۴	۱۱	۸۲	۱۲

اتوار و بدھ کو یہ جنتر لیموں کے رس سے اس جنتر کو لکھکر گلے میں باندھیں، بواسیر دُور ہو جائے گی۔

عورت کو بس میں کرنیکا جنتر

"ادم کشو ہریں ہرول آں ہراں سواہا"۔ یہ منتر ایک ہفتے تک بلا ناغہ سُرخ کپڑے اور کنکم کی مالا پہن کر عام عورت تو کیا سورگ کی اپسرا بھی بس میں ہو کر کھنچتی چلی آئے گی۔

ایک اور سنتان داتا جنتر

ہیتش	گرگیش	دُرگا
	ادم	
	اے انگ	
	نندی مم کاریہ کرو	

جس استری کو اٹھراہ روگ ہو یا جس کے سنتان نہ ہوتی ہو اس کے واسطے یہ جنتر بڑا مفید ثابت ہوگا۔ روہنی نکشتر کے دن پُتر وتی استری کے دُودھ میں کیسر اور چندن ملا کر انار کی قلم سے سفید کاغذ پر ایسے آٹھ جنتر لکھیں۔ ایک جنتر تانبے میں مڑھوا کر استری کے گلے میں باندھ دیں اور باقی سات جنتر پر منگلوار کو ایک جنتر جل میں دھو کر پلائیں۔ کارج سِدھ ہوگا۔

گائے بھینس وغیرہ کا دودھ بڑھانے کا جنتر

"ادم نمو بھکارنی پر سواہ ادم شنتیلم"۔ مذکورہ منتر ۱۰۸ بار پڑھکر مویشیوں کو چارہ کھلانے سے دودھ میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

بس میں کرنے کا جنتر

"ادم نمہ سرد لوک ودشی کرائے کرو کرو سواہا"۔ اس منتر کو ۱۴ بار پڑھکر بھوج پتر پر انار کی قلم سے اشٹ گندھ سے لکھکر دائیں بازو میں باندھ لینے سے جس کسی کے بھی سامنے جائیں گے وہ بس میں ہو جائے گا۔ اس منتر کا ایک لاکھ بار پاٹھ کرنے سے سدھ ہو جاتا ہے۔

سنتان حاصل کرنے کیلئے جنتر

"دیوکی سُت گووند وسو دیو جگت پتے دیہی مے تنیم کرشن توا ہم شرنم گتے"۔

جس جوڑے کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو انھیں اس منتر کا ایک لاکھ بار جاپ کرنا چاہیے۔ کم از کم ایک سال روزانہ کریں۔ زمین پر سوئیں۔ جھوٹ، شراب، چھل، کپٹ سے بچیں۔ سادہ بھوجن کریں۔ بال نہ کٹوائیں ایک لاکھ جاپ ہونے پر دشمانش جاپ کا ہون تل شہد وغیرہ سے کرکے برہمنوں کو بھوجن کرا دیں۔

شری بگلا مکھی جنتر

جب دشمن آپ کو انتہائی بے انصافی کے ساتھ تنگ کرتا ہے۔ مقدمہ اور جھگڑے وغیرہ میں آپ خود کو بے سہارا محسوس کرتے ہوں تو حسب ذیل منتر کا پاٹھ پیلے کپڑے پہنکر کرنا چاہیئے۔ ایکانت گھر میں بگلا مکھی دیوی کی تصویر پر پیلے پھول چڑھا کر دھوپ دیپ وغیرہ جلا دیں۔ روزانہ گیارہ مالا کر کے ۲۱ دن تک جاپ کرنے سے مطلوبہ سدھی ہو جاتی ہے منتر اس طرح ہے: "ادم ہیں۔ بگلا مکھی سرو دُشٹانام واچم مُکھم پدم ستنبھے جہواں کیلئے کیلے بدھی ناشئے ہیں ادم سواہا"۔

دھن دولت حاصل کرنے کیلئے منتر

"ادم ہیں کلیں شری نمہ"

تنہائی میں بیٹھکر اس منتر کو ۲ ہزار بار پڑھیں ۲۱ بار دودھ چاول کی کھیر کا ہون کریں جب تک کارج سدھی نہ ہو جائے۔ زمین پر سوئیں۔ دودھ سے بنی چیزوں کا استعمال کریں۔ اناج نہ کھائیں۔ ضروری سدھی ہوگی۔

بچوں کے سب روگ دُور کرنیکا جنتر

۲۷	۳۲	۳۳
۶۷	۴۶	۳۷
۳۷	۶۶	۳۳

اس جنتر کو بھوج پتر پر لکھکر اور اس بھوج پتر کو تانبے کے تعویذ میں رکھکر متاثرہ بچے کے گلے میں باندھ دیں۔ ہر طرح کی مشکل رفع ہو گی اور بیماری دُور بھاگے گی۔

شری مہا مرتیونجے منتر

اکال مرتیو کو ہرانے والا اور سب طرح کے دُکھوں سے نجات دلانے والا یہ اموگھ سدھ منتر ہے اس کا سوا لاکھ بار جاپ کرنے سے ہر طرح کے دکھوں کا ناش ہو کر اکال مرتیو کا خوف جاتا رہتا ہے۔

ادم ہوں ادم جوں سہ بھور بھوا سوئے۔ ترمبکم یجا مہے سگندھم پشٹی وردھنم۔ اُروا رکمیو بندھنان مرتیور مکشیہ ماامرتات۔ بھور بھوا سوئے۔ سہ جوں ہوں ادم۔

بالک کو ڈر سے نجات دلانے کا جنتر

۶	۱۰	۲۲	۲
۱۲	۶	۱۰	۶
۱۲	۴	۶	۱۰
۱۰	۱۲	۴	۱۲

اماوس کی رات کو جنتر نمبر کی سیاہی سے انار کی قلم سے لکھکر جس بالک کے گلے میں باندھ دیا جائے گا۔ اُسے ڈر خوف سے ہمیشہ کیلئے نجات مل جائے گا۔

نظر روگ دُور کرنے کا جنتر

۸	۶	۲	۴
۶	۸	۴	۲
۲	۴	۸	۶
۴	۲	۶	۸

اس جنتر کو لال چندن سے بھوج پتر پر لکھکر دھوپ دیں۔ پھر تانبے کی تعویذ میں مڑھکر بالک کے گلے میں باندھیں تو نظر لگنے کا دُکھ دور ہو جائے گا، اور کبھی نظر نہ لگے گی۔

بھوت بھگانیکا اچوک جنتر

۸	۲	۶۳	۵۵
۵۸	۵۹	۳	۷
۱	۹	۵۶	۶۱
۶۰	۵۷	۶	۳

اس جنتر کو بھوج پتر پر کیسر سے لکھکر جس کسی کے بھی گلے میں ڈالدیں وہ شخص بھوت، چڑیل وغیرہ کسی بھی آسیب یا آسیبی روح سے محفوظ رہے گا اور اس طرح بھوت پریت اس پر کوئی اثر نہیں کریں گے۔

فالنامہ

حاملہ عورت کے لڑکا ہوگا یا لڑکی؟

ناظرین! غیب کی خبر تو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ جو اس بات کا دعویٰ کرے مناسب نہیں۔ مگر دلی اطمینان کے لئے یہ طریقہ چلا آرہا ہے اور اکثر صحیح ثابت ہوا ہے۔ اسی لئے یہاں درج کیا جاتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ اوپر سات چاند بنے ہوئے ہیں اور ہر ایک میں سیارہ کا نام درج ہے جب آپ فال دیکھنا چاہیں تو پہلے قل ہو اللہ شریف پڑھکر اللہ سے دعا مانگیں اور اپنے کلمہ کی انگلی کسی ایک چاند پر رکھیں۔ اگر حاملہ خود اس عمل کو کرے یعنی انگلی رکھے تو بہتر ہے جس ستارہ پر انگلی رکھی جائے گی اس کا ثمرہ نیچے لکھا ہوا ہے وہ خود دیکھ لیں یا بتا دیں۔

نمبر	نام سیارہ	مختصر کیفیت حال
۱	شمس	مبارک ہو۔ انشاءاللہ لڑکا پیدا ہوگا
۲	قمر	خدا چاہے تو لڑکی ہونے کی امید ہے
۳	مریخ	اللہ کے فضل سے لڑکا ہوگا۔ تندرست ہوگا
۴	عطارد	انشاءاللہ خوش نصیب لڑکا پیدا ہوگی
۵	مشتری	لڑکی ہوگی۔ انشاءاللہ
۶	زہرہ	یہ حمل لڑکی کا ہے
۷	زحل	حمل خالی جانے کا اندیشہ ہے [illegible]

بارہ ماہ کی مضر و مفید ہدایات نامہ

جنوری اس ماہ صبح نہار منہ چند گھونٹ گرم پانی پینا صبح سیر کو جانا گرم جگہ تیل کی مالش کر کے ورزش کرنا، دھوپ میں بیٹھنا مفید ہے سورج نکلنے سے حوائج ضروری سے فارغ ہو کر تازے پانی سے غسل کرنا مفید ہے۔

فروری اس ماہ میں دھوپ میں بیٹھ کر مالش کرنا۔ گرم پانی سے نہانا صبح کھلی ہوا میں سیر کرنا۔ نمکین چائے اور دودھ میں شہد ملا کر پینا مفید ہے بستر سے ننگے بدن اٹھ کر پاخانہ جانا سرد ہوا اور شبنم سے بدن محفوظ نہ رکھنا مکان میں کوئلے جلا کر دروازہ بند کرنا۔ سرد پانی سے نہانا دن میں سونا مضر ہے۔

مارچ علی الصباح ہلکی ورزش۔ سیر باغ۔ شہد اور ترکاریوں کا بخوبی استعمال موٹا کپڑا پہننا اور دریا میں غسل کرنا مفید ہے کھانا کھا کر فوراً نہ سونا چاہیئے کچھ دیر آہستہ آہستہ ٹہلنا چاہیئے۔

اپریل ہلکہ جلاب لینا، ہلکی غذا کھانا، کھانے کے ساتھ سرکہ استعمال کرنا تازہ پانی پینا۔ تازہ پانی سے نہانا صبح کی سیر اور مکان کی سفیدی کرانا صبح سویرے نہا دھو کر باقاعدہ آسن پرانایام کرنے سے جسم سڈول اور تندرست رہتا ہے۔ بدن پر تیل سرسوں کی مالش کرنا مفید ہے۔

مئی علی الصبح اٹھنا۔ ورزش کرنا۔ ترش اشیاء کا استعمال کھانے کے بعد تھوڑا لینا۔ کھانا خوب چبا کر کھانا چاہیئے اور گرم غذا کھانا۔ دوپہر کو زیادہ سونا، برف کا استعمال کھانے کے بعد کرنا باریک کپڑے پہننا مضر ہے۔

جون سر کو دھوپ سے بچانا، دھوپ اور ٹھنڈی چیزوں و شربتوں نیز میٹھے اور نمکین رسوں کا استعمال کرنا صبح کی سیر۔ رات کو سفر دوپہر کو سونا مفید ہے اور زیادہ ورزش بدن سنگار کھنا بھیگے کپڑے پہننا۔ دھوپ میں ننگے سر پھرنا عورت سے زیادہ صحبت اور گرم اشیاء کا استعمال مضر صحت ہے۔

جولائی صبح سویرے ندی کے کنارے سیر کرنا دوپہر کو تھوڑا سونا ہوادار مکان میں رہنا ترش اور ٹھنڈی اشیاء اور ہلکا لباس پہننا مفید ہے دھوپ میں ورزش کرنا مضر صحت ہے۔

اگست صبح سویرے اٹھنا تازے پانی سے نہانا باغیچہ میں ہوا خوری، ہلکی غذا لیموں پودینہ اور پیاز کا استعمال مفید ہے دن کے آخر میں دودھ رات کے آخر میں لسی پینی چاہیئے اور ورزش کرنا زمین پر سونا دھوپ میں ننگے بدن رہنا رات کو جاگنا، عورت سے زیادہ صحبت کرنا مضر ہے۔

ستمبر علی الصبح دریا کے کنارے سیر ہلکی غذا تھوڑی ورزش تازہ سبزیاں اور پھل استعمال کرنا رات کو سرمہ لگانا مفید ہے ہمیشہ خوش رہنا درازی عمر کا راز ہے اور دن کو سونا بغیر عادت پان، چائے، شراب پینا مضر ہے۔

اکتوبر نہار منہ پانی پینا صبح شام چہل قدمی کرنا جلاب لینا بھوک سے کم کھانا، دودھ دہی کا استعمال، باغ کی سیر چشمہ میں غسل کرنا اور موٹا کپڑا پہننا مفید ہے سونے سے جاگ کر پانی پینے سے نزلہ کھانسی زکام اور پھل کھانے کے بعد پانی پینے سے صحت خراب ہوتی ہے دن چڑھے تک سونا گرم غذا کے بعد ٹھنڈا پانی پینا مضر ہے۔

نومبر صبح اٹھ کر ورزش کرنا بھینس کا گرم دودھ اور چائے پینا تازے پانی سے نہانا۔ ریشمی گرم کپڑے پہننا سیر باغیچہ تیل کی مالش اور دوپہر کو پھل کھانا مفید ہے اور دن چڑھے تک دن میں سونا دہی کی لسی فاقہ رات کو سرد ہوا میں سونا ننگے بدن ہوا میں نکلنا باریک کپڑے پہننا بھوک روکنا مضر ہے

دسمبر گرم جگہ ورزش کرنا چائے معہ دودھ پینا گلے و کانوں کو سرد ہوا سے بچانا گرم غذا تیل کی بدن پر مالش گرم لباس پہننا و پھل کھانا مفید ہے

۷۸۶

۲۸۹	۳۳۹	۶۶	۱۰۲
۶۵	۱۰۳	۲۸۸	۳۳۰
۱۰۴	۶۸	۳۲۷	۲۸۷
۳۲۸	۲۸۶	۱۰۵	۶۷

بسم مومن — وکیل اللہ — محمد صادق رحمن — احد الرحیم — سمیع علیم — سیدی کبیری — ولی مجیب — حی واحد — عفو السلام — قابض اول — احد مجیب — جواد ملک — مبسط — مالک وہاب — مانع مہیمن — رزاق ودود

تعویذ برائے حل المشکلات

ترکیب:۔ جو کوئی اس نقش کو جس کام کے واسطے استعمال کریگا وہ کام بر آئیگا۔ اگر اپنے بازو پر باندھے گا تو کسی آفت میں نہ پھنسے گا اور اگر تنگدست ہوگا تو رزاق مطلق روزی غیب سے دیگا۔ کبھی محتاج نہ رہے گا۔ صاحب توقیر ہو، دشمن دوست ہو، اگر بیمار کے بازو پر باندھے یا گھول کر پلائے مریض شفا پائے مرض دور ہو جاوے اگر حاکم کے سامنے جاوے وہ مہربان ہو جائے

ضروری ہدایات:۔ یہ نقش ایک بزرگ درویش (پہنچے ہوئے فقیر) کی مہربانی سے حاصل ہوا ہے۔ اُن کے حکم کے مطابق یہ نقش پنڈت دیوی دیال جیوتشی لاہور والوں کی مفید عالم جنتری میں شائع کیا جا رہا ہے۔ جس کو کاٹ کر کالے کپڑے میں لپیٹ کر یا تعویذ میں رکھ کر بائیں بازو میں باندھنے سے خدا نے چاہا تو یقیناً کامیابی ملے گی مگر شرط یہ ہے کہ نیت پاک و صاف ہو۔ خدا پر پورا بھروسہ ہونا نہایت ضروری ہے۔ کامیابی حاصل کرنے کے لئے محنت و ایمانداری سے کام کرنا ضروری ہے۔ (۲) نقش کو دوسرے کاغذ پر نقل کر کے استعمال کرنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ غلطی ہونے کا اندیشہ ہے جس کا اثر اُلٹا ہو سکتا ہے۔ لہٰذا جنتری سے کاٹ کر ہی استعمال کریں تاکہ کسی غلطی کا احتمال نہ رہے۔

اقوالِ زرّیں

۱۴	〃 خواجہ بختیار کاکی دہلی	۲۹	〃 نار شاہ ولی
۱۵	〃 نظام الدین گنجوی	۳۰	〃 مخدوم صاحب

جمادی الثانی

تاریخ	عرس مبارک	تاریخ	عرس مبارک
۱	عرس مولوی انوار الحق خاں دکن	۱۶	عرس مولانا معناالدین دکن
۲	عرس خواجہ ابدال چشتی	۱۷	عرس حضرت خواجہ محمود حسن پیر ناگور شریف
۳	〃 حافظ حسین مراد آباد	۱۸	عرس گولی محلہ
۴	〃 امام شاہ دہلی	۱۹	〃 شاہ محمد کاظم شاہ تراب
۵	〃 میر حیدر شاہ، جلال پور	۲۰	〃 حضرت صدیق کیسر رضی اللہ عنہ
۶	〃 خواجہ سید محمد امام نواسہ بابا فرید شکر گنج	۲۱	〃 وفات حضرت شاہ قاضی حسن
۷	〃 شاہ مینا کوٹ پٹن	۲۲	〃 حضرت بلبا حیات قلندر
۸	〃 وفات محمد صالح	۲۳	〃 مولانا عبدالقدوس گنگوہ شریف
۹	〃 عبدالوہاب احمد آباد	۲۴	〃 خواجہ باقی باللہ دہلی
۱۰	〃 سید قادر شاہ باگل کوٹ	۲۵	〃 محبوب الٰہی مولانا فخر الدین چشتی دہلی
۱۱	〃 بابا شاہ شرف الدین برار	۲۶	〃 بابا فخر الدین ممبئی
۱۲	〃 سید احمد	۲۷	〃 حسام الدین تیغ برہنہ گلرگہ شریف
۱۳	〃 شاہ خاموش ممبئی	۲۸	〃 شاہ ابوالخیر دہلی
۱۴	〃 عالم شاہ	۲۹	〃 وفات شاہ قاضی حسن شاہ صدر
۱۵	〃 پیر بغدادی شیخ علی اور ممبئی		

اہل اسلام کے مقدس عرس اور تیوہار وغیرہ

رَجب المرجّب

تاریخ	عرس مبارک	تاریخ	عرس مبارک
۱	عرس شاہ عبد الرزاق قادری بیجاپور	۱۶	عرس میرلس شاہ لاہور
۲	عرس حسام الدین ونظام الدین	۱۷	عرس تارہ گڑھ اجمیر شریف
۳	حضرت اویس قرنی عاشق رسولؐ	۱۸	عرس سیدنا اویس مارہرہ
۴	مولانا عین القضا	۱۹	نیانا گیارہ ممبئی
۵	مولا عبد العلی آسی	۲۰	-------
۶	خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ	۲۱	خواجہ سجان در ٹانڈہ
۷	مولوی حیدر علی	۲۲	نیاز امام جعفر صادق عرس خواجہ لوبجودیؒ
۸	مولوی ساگ ہمہ عرس خواجہ محمد علی سدا نپور	۲۳	معشوق زبان در نگر
۹	محی الدین علی باگل کوٹ	۲۴	کمال الدین در صورت
۱۰	مارہرہ شریف	۲۵	مشتاق خاں در نانڈ گاوں
۱۱	پیر نواز در قبرستان میمن ممبئی	۲۶	شب معراج حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم
۱۲	بڑا اقلابہ، عرس حجرہ محلہ ممبئی	۲۷	خواجہ ناصر امیر در مہدیان دہلی
۱۳	سید سالار مسعود غازی بہرائچ	۲۸	شاہ کمال الدین در صورت
۱۴	حاجی محمد جہانگیر :اجمیر	۲۹	پیر قطب ار احمد آباد
۱۵	شاہ قلند کاکوردی	۳۰	سید نابایزید در صورت

شعبان المعظم

تاریخ	عرس مبارک	تاریخ	عرس مبارک
۱	وفات امام شافعیؒ	۱۶	عرس سید احمد بہرائچ
۲	عرس انگروال کاٹھیاواڑ	۱۷	عرس بی بی فاطمہ سال لال بنگلہ ممبئی
۳	وفات شیخ بہاء الدین ۶۱۳ھ	۱۸	عرس عاشق شاہ پرانی جیل ممبئی
۴	مولنا عبد الناصر بدایونی	۱۹	ولی اللہ شاہ متق قصبہ محمود آباد
۵	ولادت حضرت زین العابدین	۲۰	باباشرف الدین حیدر آباد
۶	شاہ محفوظ قادری دکن	۲۱	سید عبد اللہ شاہ
۷	مخدوم شاہ درویش گیا بنارس	۲۲	وفات حضرت سیدنا عمر فاروقؓ
۸	صادق شاہ حسینی ناگپور	۲۳	شاہ ترکمان بیابانی ترکمان دروازہ دہلی
۹	بندگی شاہ سکندر آباد دکن	۲۴	برہان الدین، برہان پور
۱۰	جامنی محلہ ممبئی صندل ستماز	۲۵	خواجہ حسن دایوں
۱۱	جالی محلہ ممبئی	۲۶	عظم خاں دابول
۱۲	کمال شاہ کرنال	۲۷	وفات سیدہ خاتون جنتؓ عرس اکبر یاد شاہ دہلی
۱۳	پیر مولانا عبد الراحمن شاہ ممبئی	۲۸	نعمت اللہ پھلوری شریف
۱۴	بڑا اقلابہ ممبئی شب برات	۲۹	سلطان الملک اورنگ آباد
۱۵	شاہ عبد القادر ممبئی	۳۰	سید حسن رسولنا، نئی دہلی

رمضان المبارک

تاریخ	عرس مبارک	تاریخ	عرس مبارک
۱	عرس سلطان علی شاہ بخاری	۱۶	عرس حضرت غوث گوالیاریؒ
۲	عرس وفات انور سحق ستھاتیری	۱۷	عرس خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی دو روز تک
۳	پاچھا شہید پنگ پوش اورنگ آباد	۱۸	عرس وفات آصف جاہ اول
۴	مولانا عبد الماجد بدایونی	۱۹	حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر انجیل اتری
۵	قاضی حمید الدین دہلی	۲۰	وفات شیخ جمال الدین حسین شاہ ممبئی
۶	وفات حضرت اکبر وارثی میرٹھی	۲۱	شہادت حضرت علی کرم اللہ وجہہ
۷	سید ہاشم شاہ قادری	۲۲	نبی بخش، راجپوتانہ
۸	شیخ مجیب الدین دہلی	۲۳	خواجہ جنید بغدادیؒ
۹	بو علی شاہ قلندر پانی پت	۲۴	شیخ شاہ میر بدایونی
۱۰	وفات ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ	۲۵	نزول وحی
۱۱	سید غلام صادات دہلی	۲۶	شب قدر
۱۲	حاضی امل محمد درگاہ نظام الدین	۲۷	شیخ سلیم چشتی فتحپور سیکری
۱۳	وفات موسیٰ جی قاسم بھائی	۲۸	سرورِ کائنات پر قرآن پاک اترا
۱۴	قلابہ	۲۹	وفات عمر لئن العاص
۱۵	ولادت حضرت امام حسن		

شوال المکرّم

تاریخ	عرس مبارک	تاریخ	عرس مبارک
۱	عید الفطر	۱۶	عرس چمن شاہ در کنانہ
۲	عرس سکین شاہ ولی باگل کوٹ	۱۷	حضرت امیر خسروؒ دہلی
۳	وفات مولانا شوکت علی عرس شیخ سعدی	۱۸	عرس بابا تاج الدین ممبئی
۴	عرس جلال الدین لکھنؤ	۱۹	بسم اللہ شاہ بوری بندر ممبئی
۵	حضرت شرف الدین کلکتہ	۲۰	مرزا برکت علی کوچہ پنڈت
۶	حکیم سید سکندر شاہ صاحبؒ	۲۱	وفات مولانا نظام الدین
۷	مولانا شاہ عبد العزیز محدث شاہ دہلوی	۲۲	حاجی عبد الکریم مالیگاوں
۸	کمانڈ امحلہ حضرت حسن المعلامی چشتی	۲۳	کوہ غالبہ شہید، کنڈلی مدراس
۹	شاہ احمد سردر	۲۴	نواب، اجمیر کبیر، درنگل
۱۰	عبد الغنی شاہ لورنگل دکن	۲۵	ضیاء الدین کوچہ پنڈت دہلی
۱۱	خدا نما، دکن	۲۶	وفات حضرت عبد العزیز ین غوث پاک
۱۲	وفات، مولانا حسرت موہانی	۲۷	محمد رشد شاہ اشد عثمانی
۱۳	شاہ عبد الرحمن ممبئی	۲۸	حضرت جنید ثانی
۱۴	ضد امبارک ددکن	۲۹	محمد حسن
۱۵	شاہ رحمت اللہ	۳۰	چاندرات

ذی قعدہ

تاریخ	عرس مبارک	تاریخ	عرس مبارک
۱	صندل پیر نواب مہدوں	۱۶	عرس ماسطہ شاہ الٰہ آباد
۲	وفات مرزا اسد اللہ خاں غالبؒ	۱۷	عرس مولانا عبد اللہ مالیگاوں
۳	عرس مولانا محمد قاسم ممبئی	۱۸	عرس شاہ ولایت آگرہ
۴	حضرت شاہ خاموش حیدا آباد	۱۹	حضرت بہادر الدین شاہ ممبئی
۵	رحمت اللہ شاہ	۲۰	اسلم شاہ خیر پور
۶	مولانا پیر میاں، احمد آباد	۲۱	بارہ شہید محبوب نگر دکن
۷	وفات قائد اعظم محمد علی جناح	۲۲	پیر حاجی ولی محمد شاہ ممبئی
۸	شاہ حمید تاجوری پونہ	۲۳	مولانا انور محمد شاہ
۹	شاہ متقی سنبل	۲۴	وفات حافظ محمد ناصر
۱۰	عبد الغنی شاہ درنگل	۲۵	وفات کمال چشتی روشن چراغ دہلی
۱۱	وفات لورنگزیب عالمگیرؒ	۲۶	جلال الدین شیخ
۱۲	خواجہ گیسودراز، گلبرگہ	۲۷	شہادت حضرت میر حمزہؓ
۱۳	سید شاہ نظام الدین درنگ آباد	۲۸	ضیاء الدین حقانی خلد آباد
۱۴	شہادت حضرت سید محمد باقرؒ	۲۹	عبد الحاق تھاتیری
۱۵	سید احمد مہدی جونپوری	۳۰	وفات حاجی اسمٰعیل

ذی الحجہ

تاریخ	عرس مبارک	تاریخ	عرس مبارک
۱	عرس فاضل شاہ پٹیالہ	۱۶	عرس سید بار الدین ممبئی
۲	عرس شاہ علی بادشاہ دکن	۱۷	عرس قطب عالم دربلدہ
۳	خواجہ نور محمد بہاولپور	۱۸	عرس محمد صدیق ناسک
۴	جیب علی شاہ، کاٹھمنڈو	۱۹	خواجہ محمد وزیر دیوہ شریف
۵	بابا فرید گنج	۲۰	خلافت سیدنا علی کرام اللہ وجہہ
۶	فاتحہ والدہ حضرت نظام الدین اولیاء دہلی	۲۱	وفات حضرت کرخی
۷	عرس شاہ زبان خان	۲۲	حضرت در اشا علی شاہ
۸	حضرت سید سلطان احمد آباد	۲۳	عرس پیر محمد شاہ چشتی
۹	تکبیر ختم شروع (عرفہ)	۲۴	ذر محمد اکبر آباد
۱۰	عید الاضحیٰ	۲۵	وفات مولانا نعیم الدین مراد آباد
۱۱	مخدوم سید لئن بدر چشتی	۲۶	سید محمد اکبر آباد
۱۲	پیر دازی	۲۷	عرس بادشاہ کلیان
۱۳	چھوٹا قلابہ	۲۸	خواجہ محمد نذیر چشتی بہاولپور
۱۴	سید محمد علی شاہ بزی مارکیٹ	۲۹	سید سراج احمد کرتی ممبئی
۱۵	حاجی ملنگ		

۱۶ سے ۲۰ حضرت مولانا ولی محمد قدیری دہلی

جیوتش اور دھرم شاستر کے خیالات

(۱) لڑکے کی شادی کے بعد اپنی لڑکی یا اپنے کل کی کنیا کا ودلو (شادی) چھ ماہ تک نہ کرے (ii) لڑکی کی شادی کے پیچھے لڑکے کی شادی ہو جائے تو دوش نہیں رہتا۔ اسی طرح شادی کے بعد منڈن و یگیو پویت چھ ماہ تک کرنا منع ہے۔ (iii) جس خاندان میں شادی ہو چکی اس میں دو سگے بھائیوں کی شادی۔ دو سگی بہنوں کی شادی جائز ہے۔ (iv) جس در لڑکے کو اپنی کنیا بیاہ دیوے اس کی بہن کے ساتھ جو شخص دو خرگوشوں کے پیچھے دوڑے وہ ایک بھی نہیں پکڑ سکتا۔ کم بولنے والوں کی تجاویز زیادہ طاقتور ہوتی ہے۔ بیکاری مصیبت کی اور سخت آرام کی والدہ ہے۔ رات کو مقروض ہو کر سونے کی نسبت بھوکا سونا اچھا ہے کامیابی کے یقین سے کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

(۲) دو سگے بھائیوں کا ودواہ چھ ماہ کے اندر کرنا جائز نہیں ہے (ii) دو سگے بھائیوں و بھائی بہنوں کا ایک سنسکار کرم چھ ماہ کے اندر اندر نہ کرنا چاہئے اگر دونوں سے متعلق اس قسم کا خیال کرنا پڑا تو کوئی دوش نہیں (iii) ماگھ میں شادی ہو جائے تو بیساکھ میں یگیو پویت (جنیو) دھارن کرنے سے دوش نہیں ہوتا۔

اگر لڑکے یا لڑکی دونوں کا جنم جیٹھ مہینے کا ہو اور مہینہ بھی جیٹھ کا ہو تو اس کو تین جیٹھ کہتے ہیں۔ اس میں شادی وغیرہ شبھ کام کرنا منع ہے۔ مگھر میں بھی پہلے گربھ کا ودواہ کرنا نقص ہوتا ہے۔

اگر بایاں پاؤں ٹھوکر کھائے تو کام ادھورا رہے گا۔ (۳) اگر بارات کو جاتے وقت راستہ میں مردہ ملے تو دلہن کے لئے شگون بد ہوگا۔ اگر واپسی میں ملے تو دلہا کے لئے منحوس ہوگا۔ اگر کسی مکان کی چھت پر کتا روئے تو گھر پر ضرور ہی کوئی مصیبت برپا ہو۔ (۴) اگر بالوں میں کنگھی کرتے وقت اگر بال بکثرت ٹوٹتے نظر آئے تو اس پر کوئی آفت اور تکلیف پہنچتی ہے۔

جب کسی کام کے ارادہ میں گھر سے نکلیں تو چلتے وقت کوئی آدمی یا جوان جانور تمہارے راستے کاٹ دیوے تو اچھی بات کی علامت ہے اگر الٹے ہاتھ سے اگر راستہ کاٹ دے تو بڑی صلامت اگر چلتے وقت دہلیز پر یا راستہ کے شروع میں ٹھوکر لگ جائے تو برا شگون ہوئے۔ اگر چلتے وقت کسی چیز سے نیچے سے کپڑا پھنس جائے تو موت یا زبانی اور مالی نقصان ہوگا۔

خیالات کی روشنی میں سورج کے پرکاش کی طرح دنیا میں پھیل جاتی ہے۔ دنیا میں زندگی کو بنانے کیلئے اپنے عیب کو دیکھنا بہت بڑا ہنر ہے۔ بری عادتوں کو ترک کرنے کی نصبت یہ بات زیادہ آسان ہے کہ ان کو پیدا ہی نہ ہونے دیا جائے۔ افلاس میں خودداری قائم نہیں رہ سکتی عبادت کرنے میں خیاں اس طرح قائم کرد گویا کل ہی مر جاتا ہے۔

اقوال زریں :۔ خدا کا نام خدا کا نام لینے سے ہی انسان کی روح کو شانتی نہیں حاصل ہو سکتی بلکہ اس کے بندوں سے محبت کرنے سے ہی دلی سکون میسر ہو سکتا ہے۔ دنیا میں رہنا مشکل نہیں بلکہ دنیا کی مشکلات سے ٹکرانا ہی مشکل ہے ہر ایک سے پیار اور محبت سے پیش آؤ مگر اتنا نرم بھی نہ ہو کہ دوسرا اتم کو ناجائز دباؤ رکھے ترقی اور کامیابی کے لئے اس کو خود غرض چھوڑ دینی چاہئے۔

اگست مہینہ کا پہلا ہفتہ ہر کام کے لئے مبارک ہوتا ہے۔ (۲) عورت خواہ بیاہی ہو یا کنواری اس کی عمر کے اکیسویں (۳۱) سال میں کوئی اہم واقعات (خواہ برے ہوں یا اچھے ضروری واقع ہوتے ہیں۔ (۳) مرد کی عمر کے بیالیسویں (۴۲) برس میں کوئی اہم اور نتیجہ خیز واقعہ۔

لڑکے یا لڑکی کے بیاہ کی رسومات شروع ہو جائیں اور درمیان میں کوئی موت واقع ہو جائے یا کوئی اور حادثہ ہو جائے تو ۳۰ دن کے بعد شانتی کرنا شبھ ہو جاتا ہے لیکن اگر پتا سے تعلق ہے تو ایک برس بعد پتا کے چھ ماہ ماتا کے لئے ۳ ماہ میں استری دعوت کے لئے اور ایک ماہ بعد دیگر رشتہ داروں کے لئے شادی کرنا شبھ قرار دیا ہے۔

شمسی یعنی سورج :۔ شادی کے مقرر کرنے کے وقت لڑکے کی جنم راشی سے سورج تیسرے چھٹے دسویں و گیارھویں ہو تو نیک اور مبارک ہوتا ہے پہلے دوسرے پانچویں ساتویں اور نودیں مدھم کہا گیا ہے۔

ہر قسم کی دھارمک دبلت نجوم کتب اور اصلی مفید عالم جنتری تھوک و پرچون حاصل کرنے کے لئے ہمارے سول ایجنٹ جنرل بک ڈپو اڈہ ہوشیار پور جالندھر کو ملیں۔

کنڈلی میں منگلیک یوگ وچار

لڑکے کے یا لڑکی کی جنم کنڈلی میں اگر پہلے چوتھے ساتویں آٹھویں یا بارہویں گھر میں منگل پڑ جائے تو ایک دوسرے کی زندگی کے لئے ناقص ہوتے ہیں۔ اگر ایک ور کی کنڈلی منگلیک ہو اور دوسری (کنیا) منگلیک نہ ہو تو شادی نہیں کرنی چاہئے اگر دونوں کی کنڈلیاں منگلیک ہو تو شادی کرنے میں کوئی دوش نہیں ہے۔ اگرچہ یوتی گن، ناڑی گن وغیرہ کا میلان بھی کر لینا چاہئے۔ چند دوسری حالتوں میں منگلیک دوش ختم ہو جاتا ہے اگر۔

۱۔ دوسری مخالف کنڈلی میں ۱۔ ۴۔ ۷۔ ۸ اور ۱۲ ادیں گھر میں کہیں سنیچر ناقص گرہ پڑا ہو۔

۲۔ بلوان برہسپت شکر لگن یا ساتویں بھاؤ میں ہو تو منگل دوش نہیں رہتا۔

۳۔ اگر ایک کنڈلی میں جس جگہ منگل پڑا ہو۔ دوسری کنڈلی میں اسی خانہ پر کوئی طاقتور پاپی یا ناصق گرہ ہو تو منگل دوش نہیں رہتا۔

۴۔ راشی کا میلان ہوتا ہو گن بھی ایک ہوں یا تیس یا تیس سے زیادہ گنوں کا میلان ہوتا ہو تو منگلیک دوش نہیں رہتا۔

۵۔ کیندریہ ستھان میں چندر منگل کی ہو تو بھی منگل دوش رہتا۔

۶۔ اگر لڑکی کی کنڈلی منگلیک ہو اور لڑکے کی کنڈلی میں چھٹے گھر میں منگل ساتویں خانہ میں راہو اور آٹھویں خانہ میں سنیچر ہو تو منگلیک دوش دور ہو جاتا ہے۔

۷۔ (ا) منگل کا دوش دور ہوتا ہے اگر دوسرے کھانہ میں چندر شکر کا یوگ ہو (ب) منگل برہسپت کی یوتی یا اس پر برہسپت کی پوری نظر ہو (ج) کیندر بھادوں (۱۔ ۴۔ ۷۔ ۱۰) میں راہو ہو۔

۸۔ میکھ راشی کا منگل لگن میں یا برچھک راشی کا منگل چوتھے بھاؤ میں یا مکر راشی کا ساتویں یا کرک راشی کا آٹھویں یا دھن راشی کا منگل بارھویں خانہ میں ہو تو منگلیک کا دوش نہیں رہتا۔

چندرماں اور برہسپت

شادی کے وقت کنڈلیوں میں چندرماں چوتھے۔ آٹھویں اور بارہویں نہ ہونا چاہئے۔ اس کے علاوہ اور گھروں میں شبھ ہوتا ہے۔

شادی کے وقت لڑکی کا برہسپت دیکھنا ضروری ہوتا ہے۔

لڑکی کی راشی سے دوسرے پانچویں۔ ساتویں، نویں اور گیارہویں برہسپت شبھ ہوتا ہے۔ چھٹے آٹھویں بارہویں اشبھ پھل دیتا ہے۔

میلا راشی۔ لڑکی اور لڑکے کی راس ایک دوسرے سے چوتھے، چھٹے، آٹھویں یا دوسرے اور بارہویں نہ ہونی چاہئے۔ لڑکے کی راس لڑکی کی راس سے نانویں اور لڑکی کی راس لڑکے سے پانچیوں ہو مباک ہے۔

میلان راشی۔ اگر لڑکے کی راس سے لڑکی کی راشی ۵ ویں اور لڑکی کی راشی سے نویں ہو تو مبارک ہے اگر اس کے برعکس لڑکے کی راس لڑکی کی راس نویں ہو تو لڑکے کے باپ کو خطرناک ہے۔

نئی مشنری چالو کرنے کے لئے مہورت

استھر لگن ہو، اتوار، ویردار، شکروار، یا سنیچروار ہو۔ اسد بعد اشونی، ہست، چترا، انورادھا، میکھ دھنیشٹا، جیشٹا، پنربس، یا ریوتی ان میں سے کوئی نچھتر ہو۔ کیم سمپتی اشٹمی اور اماوس ان تاریخوں کو چھوڑ کر دوسری تاریخوں میں نئی مشینری چالو کرنا شبھ ہے۔

انگریزی مہینوں میں کام کی کیفیت

جنوری
یہ مہینہ شادی کے واسطہ خوش قسمت ہے اگرچہ دولت زیادہ حاصل نہ ہو لیکن وفاداری ایمانداری اور ذہنی سکون ضرور حاصل رہے۔ یکم جنوری کو اگر کالا آدمی آپکی دہلیز کو پہلے پار کرے تو سال خوش قسمتی کے ساتھ گذرے۔ اگر کالی عورت ہو تو زیادہ اچھی نہیں

فروری
اس ماہ کی ۳، ۴، ۱۳ تاریخیں منحوس ہیں۔ اس ماہ کسی صبح کو مکڑی کو دیوار پر دیکھنا شبھ ہے۔ یہ مہینہ کاروبار یا کسی نئے کام کے شروع کرنے کے لئے اچھا ہے اس ماہ میں پیدا آدمی اچھے مزاج والا اور خوشحال ہوتا ہے لڑکی کی شادی کیلئے بدھ اچھا ہے

مارچ
اس ماہ میں پیدا ہونے والا فرد جذباتی طاقتور، دلیر باحوصلہ اور جھگڑالو ہوتا ہے۔ اس ماہ کی شادی عموماً اچھی رہتی ہے۔ یہ ماہ گھر یا مقام بدلنے کے لئے اچھا ہے۔ اس ماہ میں بھیڑوں کا دیکھنا دولت ملنے کی دلیل ہے۔ گلی میں پن ملنا اچھا لیکن پن ملنا اچھا نہیں

اپریل
محبت کرنے والوں کے لئے یہ ماہ خوش قسمت مانا جاتا ہے ۱۵ اپریل کا دن خاص طور ملاقات کے لئے اچھا مانا جاتا ہے۔ یکم اپریل کو کوئل کی آواز سننا جلد شادی ہونے کا باعث ہوتا ہے اس ماہ میں روزگار یا پرانی جگہ تبدیل کرنے پر نئی جگہ کو ایک چٹکی کھانڈ لیجانا شبھ ہے

مئی
یہ ماہ شادی یا کڑمائی دونوں کے لئے اچھا ہے نہیں مگر اس ماہ میں پیدا ہونے والوں کیلئے اتنا برا بھی نہیں ہوتا۔ نیلا یا سفید ربن یا کپڑا اپنے ساتھ رکھنا اچھا ہے۔ سوتے وقت سرہانے رکھ کر سونے سے برے خواب نظر نہیں آتے۔ اس ماہ میں نئے کپڑے خریدنا اچھا مانا جاتا ہے۔

جون
یہ مہینہ شادی، سفر، خوشی، کاروبار اور نیک کاموں کے کرنے کے لئے بڑا اقبال مند ہے گلاب کا پھول اور بنفشہ کا پھول اس مہینہ کے لئے اچھا ہوتا ہے اس مہینے نگ سلیمانی پہننے سے اچھی قسمت اچھی صحت اور لمبی عمر ہوتی ہے۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والے خوش نصیب ہوتے ہیں

جولائی
یہ مہینہ جادو کا ہے۔ بہت سے جادو اس مہینے میں ہو سکتے ہیں یہ مہینہ ان لوگوں کے لئے بہت مفید ہے جو پوشیدہ اور مستقبل کے حالات جاننا چاہتے ہیں۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والوں کو آگ سے خود کو محفوظ رکھنا چاہیئے۔ لعل اور ہیرا پہننا چاہیئے

اگست
ہیرا اور سنگ سلیمانی اس مہینہ میں پہننا خصوصاً شادی شدہ زندگی میں خوشی اور وفاداری کو پیدا کرتا ہے۔ یہ مہینہ تمام چیزوں کے لئے جنکا تعلق پانی سے ہے خوش قسمت ہے۔ سمندر کا سفر بھی اس مہینے میں مفید ہے۔ جنکی شادی ماہ میں ہوگی وہ تکلیف دے گی۔

ستمبر
یہ مہینہ روپیہ کے لین دین اور بیوپار میں اقبال مندی پیدا کرنے والا ہے۔ شرط جیتنے کے لئے اس ماہ کے پہلے تین ہفتہ بہت مفید ہیں۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والے چوری اور دھوکے سے نقصان اٹھاتے ہیں۔

اکتوبر
یہ مہینہ محبت کرنے والوں کیلئے قطعی اچھا نہیں ہے۔ جو لوگ اس ماہ میں پیدا ہوتے ہیں ان کے نیک کام بغیر رکاوٹوں اور جھگڑوں کے پورے نہیں ہوتے شادی بھی انکی جلدی نہیں ہوتی اس ماہ میں دودھیا پتھر پہننا چاہیئے محبت کیلئے جادو اس ماہ میں اثر ہوتے ہیں۔

نومبر
نئی شادی شدہ لوگوں کے لئے یہ مہینہ بہت اچھا ہے۔ اس مہینے میں جو شادی ہوگی وہ خوشی اور چین دینے والی ہوگی۔ احتیاط نہ کی گئی تو جھگڑے پیدا ہوں گے۔ اگر آپ نے خط لکھ کر ٹکٹ لگا کر بند کر دیا تب اس کا نتیجہ خراب محسوس ہوگا اگر اس میں نادانی ہونیوالی بات نہیں ہے تو اگلے دن بھیجئے

دسمبر
یہ مہینہ کاروباری لوگوں کے لئے خوش قسمتی لاتا ہے شوٹنگ ستارے کو دسمبر کے مہینے میں دیکھنا اچھا اور خوش قسمت ہونے کی نشانی ہے لیکن اس وقت خواہش دل میں کوئی بھی نہیں ہونا چاہیئے وہ پوری تو ہو جاتی ہے لیکن اسکے اثرات منحوس رہتے ہیں

بکرمی مہینوں میں پیدائشی حالات

چیت
جس شخص کی پیدائش اس ماہ میں ہو وہ بڑا متکبر اور غصہ ور اور جھگڑالو ہوتا ہے۔ اس ماہ میں ہونے والی شادی عموماً اچھی مانی جاتی ہے۔ آنکھیں سرخ ہوں استری کی طرف طبیعت کا زیادہ لگاؤ رکھے۔ زیورات اور غذا شیریں سے رغبت رکھے اقبال مند ہو۔

بیساکھ
دولت مند غصہ ور طبیعت اور صاف دل ہو دوستوں سے ملاقات اور انکا عتاب کا شکار رہے جو قصد کرے اسے پورا کرنے پر مستعد رہے اقبال مند اور خود پسند بھی ہو تھوڑی سی بات پر بگڑ جائے۔ اقرار کا پابند ہو نیک و بد کی تمیز رکھنے والا ہو۔

جیٹھ
پردیس میں زیادہ رہے بڑا عقلمند و دانا اور سمجھدار ہو اور قانع متحمل مزاج اور صاف دل ہو دولت حاصل کرے اقبال مند زور آور۔ پاک جسم اور مزاج صفراوی ہو۔ بعض حالتوں میں تھوڑی بات پر گھبرا جائے دوست اس کے بہت ہوں زندگی خوشحال رہے۔ صحت اچھی رہے

ہاڑ
دھن دولت کا سکھ اور آرام کم پائے۔ عورت خوبصورت سے تعلق رہے اولاد سے آرام پائے آواز نرم اور آہستہ بولنے والا ہو۔ دولت باوجود کوشش اور تردد کرنے پر بھی حسب منشاء جمع نہ ہو سکے۔ سوچ وچار میں وقت زیادہ گذرے۔ بہت جدوجہد کے بعد کام پورے ہوں

ساون
نیک اور دھرم کے کاموں میں طبیعت کا رجحان زیادہ رہے سکھ۔ دکھ۔ نفع و نقصان ہر حالت میں مطمئن رہے اپنے مذہب پر قائم رہے۔ خوش وضع اور فربہ بدن ہو۔ شہوت زیادہ اولاد کا سکھ دیکھے۔ ہنر مند اور بات کا سچا ہو۔ سماج میں عزت پائے۔ بلغمی مزاج ہو۔

بھادوں
جسم خوش وضع اور فربہ بدن ہو شیریں گفتار اور شستہ مزاج ہو۔ قول و اقرار پر پورا اترے امیر رئیسوں کے دربار میں اس کی قدر ہو۔ لوگوں میں مان اور عزت پائے۔ شوخ نظر والا اور زیادہ باتونی ہو۔ تھوڑی خلاف بات پر بگڑ جائے۔ عورت اور اولاد کا سکھ پائے۔ وعدوں کو پورا کرے

اسوج
تجارت اور زراعت سے تعلق رکھے۔ غلہ کے بیوپار سے زیادہ رغبت رکھے۔ دولت غلہ اور اسباب جمع کرے اقبال مند اور کنبہ پرور ہو۔ خیالات ہر وقت پوتر رکھے۔ دولت مند مغرور۔ صاحب علم اور شاعر بھی ہو۔ عیاش طبع ہو۔

کارتک
پیشہ ور۔ نیک صلاحکار اور خردمند ہو۔ تجارت اور خرید و فروخت میں اس کی رغبت زیادہ رہے عورت بیگانہ سے صحبت رکھے سخت جان اور جفاکش ہو۔ دولت مند ہو۔ دنیاوی آرام و راحت معقول درجہ حاصل رہیں صحت جسمانی اچھی ہو۔

مگھر
دولت مند۔ زور آور اور صاحب اقبال ہو۔ خویش و اقارب کی پرورش کرے۔ دوست اس کے بہت ہوں۔ دھرم کرم میں زیادہ رغبت رکھے۔ حلیم مزاج پراکرمی اور باتیں آہستہ اور نرمی سے کرنے والا ہو۔ کار خیر میں سعی اور کوشش پر مستعد رہے۔

پوہ
شورویر اور پرتاپ والا ہو طاقتور اور بہادر ہو اپنی کوشش اور قوت بازو سے معاش پیدا کرے۔ دشٹ پرورتی اور مدھم عمر ہو۔ خویش و اقارب کی پرورش کا بہت خیال رکھے۔ دولت مند اور مغرور طبیعت ہو۔ صحت اچھی رہے۔

ماگھ
دھن و دولت والا ہو صاحب اقبال اور حسین ہو دراز قد ہو مغرور اور خود پسند ہو نصیحت کسی کی قبول نہ کرے شور بیر کھٹور چیت اور کامی ہو پر طاقت اور شباب پر رہنے والا ہو لڑائی جھگڑوں میں بہت ہوشیار اور خوش رہے۔

پھاگن
خیالات کو ہمیشہ شدھ اور پوتر رکھے بڑا اپکار کرنے والا دریا دل اور دھارمک وچار رکھنے والا ہو پردیس میں زیادہ رہے طبیعت میں خود پسندی اور خودداری زیادہ رہے دنیاوی سکھ حاصل رہے دشمنوں پر غالب اور [illegible]

بارہ لگنوں وراشیوں کے مختصر حالات

میکھ لگن کے حالات۔

جسمانی حالت۔ مولود خوبصورت اور جسم ہو۔اعضاء سڈول۔ پیدائش متوسط حال خاندان میں ہو۔جوں جوں عمر بڑے۔خاندان کی مالی حالت بہتری کی طرف جائے۔اوائیل عمر میں قرضہ اور تفکرات زیادہ۔ دامنگیر ہوں۔مزاج غصیلہ اور تیز ہو۔

تعلیمی حالت وروزگار درمیانہ ہو۔نشانہ بازی۔تیر اندازی۔سواری۔اسپ و دیگر چھپنین شعبدہ جات میں اچھی مہارت و کمال حاصل کرے۔حاکم وقت سے و راجدربار میں عزت وناموری حاصل کرے۔کسی اچھے عہدہ پر سرافراز ہو۔خویش واقارب سے ہمیشہ برگشتہ خاطر رہے۔زرومال کافی پیدا کرے۔ ا۔۷۔۱۷۔۲۱۔ ۲۸ برس میں خونی امراض سے تکلیف اٹھائے۔سفید مونگا پہننا بہتر ہوگا۔

برکھ لگن کے حالات :۔

مولود خوبصورت ۔ جسمانی حالت درمیانہ روش کی ہو۔ناک لمبا۔آنکھیں بیضوی ۔ رخسار و پیشانی جوڑے ہوں معتمل مزاج۔ سنجیدہ۔ کم گو ہو۔دماغی قوت تیز ہو۔ تعلیم تسلی بخش ہو۔

(۲۷ سال کی عمر میں بھاگ اودے ہوتا ہے)

فلاسفی۔ ریاضی۔ تواریخ۔ علم ہیئت میں کافی دسترس ہو۔خاندان میں اچھی پوزیشن ہو۔ رشتہ داران و عزیزان میں میل ملاپ پیدا کرنے والا۔ سوسائٹی اور برادری میں ہردلعزیز ہو۔بزرگوں کے ساتھ ادب سے پیش آئے۔حصول زر بذریعہ ملازمت اخراجات ہو جائے۔ ۱۳'۵'۳'۱۹'۲۷'۳۷'۳۹'۴۸'۵۸ سال برائے کشٹ و اخراجات ضروری ہیں۔شبھ نگ موتی ہے۔

متھن لگن کے حالات :۔

مولود خوبصورت ہو ۔ دانشمند شیریں زبان ہو ۔ تعلیم معیار بلند ۔ تحریر و تقریر زبردست ۔ اگر جوگ شکل یوگنی بھی ہمراہ ہو تو مولود پریس وپلیٹ فارم کے ذریعہ دھارمک ۔ سوشل و پولیٹیکل معاملات کو کافی تقویت واشاعت دے ۔ متعدد بار حکومت وقت کے غصہ وقہر کا شکار ہو۔زندانی تکالیف بھی اٹھائے ۔ مالی حالت کو بھی نقصان عظیم ہو لیکن اپنے اصولات سے ایک انچ بھی پیچھے نہ ہٹے ۔ زبان میں سوز و ساز بھرا ہو۔ مردہ دلوں میں آن واحد میں روح پھونک دے۔ دولت سایہ کی طرح پیچھے رہے۔ علم موسیقی اور یوگ ودیا میں بھی کچھ دسترس حاصل کرے۔

مولود ۲۔۶۔۸۔۱۰۔۱۶۔۲۸۔۳۸۔۴۸ برسوں میں روحانی اور جسمانی طور پر تکلیف اٹھائے۔ زندگی مجملاً ہمت' تیاگ' استقلال' صبر وقناعت کا آدرش جیون ہو۔ شبھ نگ ہرا پنا ہے۔

کرک لگن کے حالات :۔

جسمانی لحاظ سے مولود کمزور ولاغر اندام ہو۔ تعلیمی لحاظ سے کورا اور محروم رہے۔ عمر کا زیادہ حصہ جائے پیدائش سے دور پردیس میں بسر کرے۔ زراعت و بیوپار۔ لین دین ذریعہ معاش ہو۔روپیہ کافی جمع کرے۔ لوازمات عیش وسامان خورد ونوش کا شائق ہو ۔ اپنی آمدنی اپنے ہم نشینوں میں خرچ کرے ۔ سخاوت و بخشش سے دست کشی دھارمک اصولات سے بے پرواہ۔ماڈرن تہذیب کا دلدادہ۔ شہوانی جذبات کی تکمیل میں کوشاں۔ نتیجتاً امراضا میں مبتلا۔ جلد ہی جوانی میں بڑھاپے کا دور دورہ ۵۔۱۱۔۱۴۔۱۶۔۲۰۔۲۴۔۳۱ سال تکلیف کے سال ہوتے ہیں شبھ نگ موتی ہے۔

سنگھ لگن کے حالات :۔

مولود خوبصورت 'سڈول جسم 'طاقت ور'تعلیمی حالت درمیانہ 'جنگی اوصاف سے بہرہ ور یوگ ودیا اور روحانیت میں دسترس ہو۔ حکومت وقت سے عزت وناموری میدان کارزار میں شہرت حاصل کرے۔ روبی نگ پہننا اچھا ہوگا۔ شبھ نگ مانک ہے۔

استری خوبصورت 'گھر میں پریم' سادھو' مہاتما کی سیوا' بھگتی سے دل معمور ہو۔ اولاد کی طرف سے دل متفکر۔ اولاد کا سکھ برائے نام ہو۔ ۳۔۵۔۱۰۔۲۶۔۲۷۔۴۶ میں بھیانک امراض کا حملہ۔

کنیا لگن کے حالات :۔

جسمانی طور پر قدر قامت شکیل خوبصورت ہو ۔ تعلیمی حالت معمولی ہو۔ طبیعت نہایت شوخ واقع ہو۔ خود نمائی کا شائق 'صنعت وحرفت ٹیکنیکل آرٹس میں تجربہ اور واقفیت اپنی لیاقت اور جدت سے نئی معلومات پیدا کرے۔ زندگی بھر میں کسی دوسرے کے سہارہ پر دارومدار نہ رکھے بقول مہرشی جیمنی جی Cave of Gems. موتیوں کا گنجینہ۔ یعنی مولود کا دماغ نئی نئی ایجادات کا بھنڈار ہو۔ ۷۔۱۸۔۱۹۔۲۱۔۲۹۔۳۷۔۴۰۔۶۳ سال کی عمر میں تکلیف پائے۔ مفید نگ پنا ہے۔

تلا لگن کے حالات :۔

مولود صاحب اقبال ہو ۔ پیدائش سے ہی گھرانہ کی حالت روبہ ترقی ہو۔امرا و راجگان کی محبت وقریب حاصل ہو۔اپنے اعلیٰ اخلاق ۔لیاقت وتدبر سے دھن۔ دولت۔ مان ومرتبہ پائے۔ ایک شادی کا پورا سکھ نہ ہو۔ تین شادیاں ہوں۔ غیر ستورات سے بھی تعلقات پوشیدہ طور پر ہوں۔ دشمنوں پر ہمیشہ غالب رہے ۔ تیرتھ یاترا سیر وسیاحت سے خوب لطف اندوز ہو۔ ۷۔۹۔۱۳۔۲۶۔۲۸۔۴۳۔۵۶۔۶۲ سالوں میں مہلک امراض سے تکلیف اٹھائے۔

برشچک لگن کے حالات :۔

مولود کے جسمانی نشوونما اچھے ہوں ۔ خویش واقارب کی پرورش کرے۔ استری سکھ پورن ہو۔استری خوبصورت وخوب سیرت ملے۔ ال سسرال سے زرو مال دستیاب ہو۔خیالات منتشر وپراگندہ میں بھی بعض اوقات مبتلا ہو جائے ۔ بچپن اور جوانی عیش وعشرت سکھ وآرام کے ساتھ بسر کرے۔ عالم پیری میں مزاج چڑچڑا ہو جائے۔ خبط الحواسی کا دورہ بھی اُٹھے۔ ۴۔۶۔۹۔۱۲۔۱۸۔۳۸۔۴۷۔۵۶۔۷۲ سالوں میں بیماری سے تکلیف اٹھائے۔ مونگا شبھ نگ ہے۔

دھن لگن کے حالات :۔

مولود نیک طبیعت اور ملنسار ہو ۔ سوسائٹی میں عزت وتوقیر کی نگاہ سے دیکھا جائے۔ حکومت وقت کا وفادار۔ علوم وفنون میں مکمل ہو۔ زیادہ تر یہ سلسلہ سفر ہے۔ ۱۲۔۱۵۔۴۰۔۶۲ سال جسم کو تکلیف کے

سال ہیں۔ زرومال کا خرچ اور تکلیف اٹھائے۔ پکھراج نگ شبھ ہوگا۔

مکر لگن کے حالات :۔

جس شخص کی پیدائش مکر لگن میں ہو وہ شخص بلند قامت اور کثیر الاولاد ہوگا۔ مریض اور دکھی بہت رہے آنکھیں چوڑی ہوں۔ آنکھوں کے گرد کوئی سیاہ حلقہ بھی ہو یعنی بدکار لوگوں سے موافقت و صحبت رکھے۔ اپنے کام میں ہوشیار و خبردار ہو جس قدر دولت زیادہ ہو قناعت نہ کرے۔ طبعیت طالع اور نوکری ہو۔ کھوٹے کاموں کی طرف رغبت بہت رکھے۔ صابر اور مستقل خیال کا آدمی ہو بے صبر اور اپنے کو مفلس مشہور کرے۔ چہرہ کا رنگ اچھا ہو۔ پہلے اور دوسرے برس تپ سے زبان اٹھائے۔ کھانسی کف اور وایوروگ اس کو زیادہ ہو۔ ۲۱، ۲۰ برس کی عمر میں مسافت کرے۔ ۲۷ویں برس کی عمر میں یہ سبب کسی زہریلے جانور مثل سانپ وغیرہ کے زندگی پر خطر ہو۔ متوسط حال ہو۔ زندگی کے ۲۵۔ ۳۳۔ ۳۵۔ ۳۶۔ ۴۲واں سال ترقی دینے والا ہوگا۔

کمبھ لگن کے حالات

جس شخص کی پیدائش کمبھ لگن میں ہو وہ شخص متکبر اور مغرور طبعت ہو۔ لوگوں پر ناجائز عب اور تہمت دینے کا خیال رہے۔ چنچل سبھاؤ کومل بدن، کوتاہ قد اور متوسط شکل ہو۔ طبعیت ایک حال پر قائم نہ رہے۔ علم میں پورا نہ ہو۔ روزگار کی تلاش میں ہمیشہ مصروف رہے اولاد اس کی ناموافق خیالات ہو۔ عورت غیر کے عشق میں مبتلا رہے۔ خیالات ناجائز بہت رہیں۔ دوستوں سے محبت اور میل جول بہت رکھے۔ شکتی اور ہمت والا ہو۔ زراعت اور پیشہ تجارت خرید و فروخت میں اچھا فائدہ اٹھائے۔ ۱۱ویں سال میں پیدائش سے تپ کے مرض میں مبتلا ہو۔ 19ویں سال میں مرض بیہوشی میں گرفتار ہو۔ 42,36,28,25واں سال بھاگیہ میں ترقی دینے والا ہوگا۔ آخر زندگی میں کچھ فکر ہو۔

مین لگن کے حالات

جس شخص کی پیدائش مین لگن میں ہو وہ شخص دولتمند اور خوبصورت بدن ہو خوشبو، عطریات اور سوگندھت پھولوں کا شوقین ہو عیاش اور شہوت پرست ہو۔ دولت جمع کرنے کیلئے کوشش بہت کرے۔ طبعیت نہایت طالع ہو بعض اوقات شکی مزاج ہو جائے وعدہ اقرار اور بات کا پورا نہ کرے۔ برے کام کے کرنے والا رشتہ داروں کا مشتاق ہو قوی جسم اور دلیر و بہادر ہو۔ امراض صفرادی سے اکثر تکلیف پائے۔ درد کان میں مبتلا ہو۔ ٹانگ میں لنگ یا کوئی نقص ہو۔ سونا۔ چاندی وغیرہ اسباب عزت اس کو حاصل ہوں 50,38 سال کی عمر میں دمہ سل یا تپ دق کے مرض میں گرفتار ہو۔ زندگی متوسط حال میں بسر کرے۔ عمر کے 36,33,28,22ویں سال اچھے رہیں۔ آخری عمر اچھی طرح گذرے۔

جب ہماری گھڑیاں بارہ بجاتی ہیں !

دنیا کے ہر ملک کا اسٹینڈرڈ ٹائم اپنا الگ ہوتا ہے۔ ایک ہی وقت میں مختلف ممالک کے سٹینڈرڈ ٹائم میں کئی گھنٹوں کا فرق رہتا ہے۔ مثال کے طور پر جب بھارت میں بارہ بجتے ہیں تو انگلینڈ میں صبح کے ساڑھے چھ بجے ہوتے ہیں اور پاکستان میں صبح کے ساڑھے گیارہ بجے ہوتے ہیں۔

نام ممالک	راجدھانی	سٹینڈرڈ ٹائم
بھارت	نئی دہلی	دوپہر ۱۲ بجے
امریکہ	واشنگٹن	صبح ایک بجکر ۳۰ منٹ
افغانستان	کابُل	صبح ۱۱ بجے
آسٹریلیا	کینبرا	شام ۴ بجکر ۳۰ منٹ
آئرلینڈ	ڈبلن	صبح ۶ بجکر ۳۰ منٹ
انڈونیشیا	جکارتہ	دوپہر ایک بجکر ۳۰ منٹ
انگلینڈ	لنڈن	صبح ۶ بجکر ۳۰ منٹ
اٹلی	روم	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
ایران	تہران	صبح ۱۰ بجے
اومان	مسکٹ	صبح ۱۰ بجکر ۳۰ منٹ
کینیا	نرولی	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
کینڈہ	اوٹاوا	دوپہر ایک بجکر ۳۰ منٹ
ناروے	اوسلو	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
کویت	کویت	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
بنگلہ دیش	ڈھاکہ	دوپہر ۱۲ بجکر ۳۰ منٹ
کوریہ	سیول	شام ۳ بجکر ۳۰ منٹ
گریس	اتھنیس	صبح ۸ بجکر ۳۰ منٹ
زامبیا	لوساکا	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
قطر	عرب	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
برما	رنگون	دوپہر ایک بجے
پاکستان	اسلام آباد	دوپہر ۱۱ بجکر ۳۰ منٹ
فرانس	پیرس	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
سوئٹزرلینڈ	جنیوا	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
جاپان	ٹوکیوں	دوپہر ۳ بجکر ۳۰ منٹ
چین	پکینگ	دوپہر ۲ بجکر ۳۰ منٹ
روس	ماسکو	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
سعودی عرب	مکہ	صبح ۹ بجکر ۳۰ منٹ
تھائی لینڈ	بینکاک	دوپہر ایک بجکر ۳۰ منٹ
ڈین مارگ	کوپن ہیگل	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
سنگاپور	سنگاپور	دوپہر ۲ بجے
ملیشیا	کوالمپور	دوپہر ۲ بجے
نیوزی لینڈ	ونگٹن	شام ۶ بجکر ۳۰ منٹ
جرمنی	برلن	صبح ۷ بجکر ۳۰ منٹ
فلپائن	منیلا	دوپہر ۲ بجکر ۳۰ منٹ

گوچر میں کال سرپ یوگ

تقریباً ہر سال (کچھ میں چھوڑ کر) ظاہر ہوتا ہے۔ کال سرپ یوگ کا اثر محض انسان ہی پر نہیں بلکہ بھارتیہ جیوتش کے اعتبار سے ہمارے لیڈران اور ملک کے سیاسی حالات پر بھی پڑتا ہے۔

جنم کنڈلی میں کال سرپ یوگ کا فیصلہ کرتے وقت نہایت احتیاط برتنے کی ضرورت رہتی ہے۔ راہو یا کیتو کے ساتھ دوسرے گرہوں کے اثرات جو گردش میں ہیں دھیان میں رکھے جائیں تو ان دونوں گرہوں کے اثرات صاف طور پر واضح ہو جائیں گے۔

۸ سنیچر شکر ۷
۹ برہسپت ۶
چندر کیتو ۱۰
۱۱
۱۲ سورج منگل بدھ
۳
۱
۲
۵
۴ راہو

عام طور پر کال سرپ یوگ کا اثر انسان کی زندگی پر ہمیشہ رہتا ہے۔ لیکن راہو اور کیتو کی حالت اور در حالت کی صورت میں اس کے مضر اثرات زیادہ مرتب ہوتے ہیں۔ ایک تصور یہ بھی ہے کہ کال سرپ یوگ اگر کسی انسان کی کنڈلی میں پہلے چھ شکلوں میں بنتا ہے تو اُسے اپنی زندگی کے نصف اول حصہ میں نہایت مشکل اور جدوجہد بھرے حالات کا سامنا رہے گا۔ اسی حالت میں راہو ساتویں گھر اور کیتو لگن کی حالت میں ہوگا۔ اسی طرح اگر راہو اور کیتو کے درمیان سبھی ساتوں گرہ ساتویں بیچ پڑتے ہوں تو تت سمبندھت یوگ کے اثرات کی وجہ سے انسان کی زندگی کا نصف آخر حصہ نہایت مشکل دور سے گذرتا ہے۔ خیال رہے اس یوگ کا حساب راہو سے لیکر کیتو تک کرنی چاہئے۔

کال سرپ کے اچھے بُرے اثرات راشی کے حساب سے الگ الگ ہوتے ہیں پہلے اور ساتویں بھاؤ سے پیدا شدہ کال سرپ یوگ کے زیر اثر والا انسان آزاد خیالوں والا، ہمتی اور خود درا ہوتا ہے۔ جسمانی بیماری اور ذہنی تناؤ اس میں زیادہ رہتا ہے۔ زندگی جدوجہد بھری ہوتی ازدواجی زندگی میں بے چینی بنی رہتی ہے۔ دوسرے اور آٹھویں بھاؤ سے پیدا شدہ کال سرپ یوگ ہونے سے خاندانی اور مالی الجھنیں پیدا کرتا ہے۔ نہایت مشکل حالات میں زیادہ جدوجہد کرنے پر ہی روزی لائق وسائل حاصل ہوتے ہیں۔ پوشیدہ امراض ہونے کا ڈر رہتا ہے تیسرے اور نویں بھاؤ سے پیدا کال سرپ یوگ کی وجہ سے قریبی دوستوں عزیزوں اور بھائیوں سے پریشانیاں اُٹھانا پڑتا ہے۔ غیر ممالک سے یا گھومنے پھرنے سے ہی دولت حاصل ہوتی ہے۔

چوتھے اور دسویں بھاؤ سے پیدا کال سرپ یوگ کی وجہ سے انسان کو آرام کم اور جدوجہد زیادہ کرنی پڑتی ہے۔ ماں باپ اور خاندان کی طرف سے طرح طرح کی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ آمدنی میں بھی غیر یقینی صورتحال بنی رہتی ہے۔ پانچویں اور ایکادشی بھاؤ کے درمیان اگر کال سرپ یوگ بنے تو زندگی کا پہلا نصف حصہ نہایت مشکل اور جدوجہد بھرا رہے۔ کسی بھی کام کے پورے ہونے سے پہلے رکاوٹیں پیدا ہوں۔ مالی حالت غیر یقینی بنی رہے۔ چھٹے اور ۱۲ ویں بھاؤ میں اگر کال سرپ یوگ بنے تو انسان کے دشمن خود ہی اپنی مجبوریوں سے دور ہٹ جاتے ہیں۔ فضول خرچی، ذہنی تناؤ، پوشیدہ دشمنوں کا ڈر۔ دانت اور آنکھوں کی بیماریاں رہیں۔

سپت بھاؤ پہلا سے بنے اس یوگ سے کاروبار میں رکاوٹیں۔ نہایت مشکل حالات و کافی جدوجہد کے بعد ہی گذارے لائق روزی حاصل ہو۔ عورت / شوہر کی طرف سے پریشانی اور ازدواجی زندگی میں نشیب و فراز زیادہ رہیں۔

آٹھویں و دوسرا بھاؤ سے بنے اس یوگ سے موذی مرض کا ڈر، ذہنی تناؤ مالی تنگی و گھریلو الجھنیں زیادہ رہیں۔

نویں و تیسرے بھاؤ سے بنے کال سرپ یوگ میں قسمت کے معاملات میں مختلف رکاوٹیں پیدا ہونگی۔ لاٹری یا اچانک دولت ملنے کے مواقع حاصل ہوں۔ کسی عزیز سے دھوکہ ملے۔

دسویں اور چوتھے بھاؤ سے بنے اس یوگ میں انسان نہایت جدوجہد کے بعد اپنی زندگی میں ترقی کرتا ہے۔ والدین کی خدمت میں کمی کرتا ہے۔

ایکادشی اور یا پانچویں بھاؤ سے بنے اس یوگ میں جاتک کو غیب سے دولت حاصل ہوتی ہے۔ والدین یا اولاد کی طرف سے پریشانی رہتی ہے۔ پوشیدہ مالی پریشانیاں زیادہ رہیں۔ لاٹری کے ذریعہ اچانک دولت حاصل ہو۔

دوسرے و چھٹے بھاؤ سے بنے کال سرپ یوگ میں جاتک کو سر، آنکھ وغیرہ سے پریشانی رہے۔ ملک وغیرہ ملک میں سیاحت کرنے والا ہو۔ دولت کا بے مقصد خرچ زیادہ رہے۔ متذکرہ بھاؤوں میں کال سرپ یوگ میں راشی کے ملاپ سے یوگ کے اثرات کی وجہ سے کمی بیشی آسکتی ہے۔ اس ضمن میں مزید معلومات کے لئے ہماری شائع کردہ کال سرپ یوگ دان پرسدھ یوگ کتابوں کا مطالع کریں۔

سنیچر دوست بھی دشمن بھی!

سنیچر فضاء بسیط کے نو گرہوں میں سے ایک اہم گرہ ہے۔ کلیگ میں اس کی بڑی اہمیت مانی جاتی ہے۔ سنیچر پریشانیوں کا گرہ ہوتے ہوئے بھی انسان کو پریشانیوں کی بھٹی میں تپا کر اس کو کندن بنانے کا کام کرتا ہے۔ اپنی پریشانیوں سے گھبرا کر ہی انسان خدا کو یاد کرنے لگتا ہے۔ اور نیک کاموں کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ شنی سورج کی غیبی طاقتوں کا ہی ایک حصہ ہے۔ اسی لئے شنی دیو کو سورج کا پتر بھی کہا جاتا ہے۔ پھلت جیوتش میں شنی عمر، موت، خدمت، دستکاری اور پریشانیوں وغیرہ پیدا کرنے والا مانا جاتا ہے۔ شنی کو ہمیشہ صدمہ، پریشانیاں دینے والا مان کر غمزدہ ہونا چاہئے۔ کنڈلی میں اگر شنی خاص حالت میں اونچ حالت میں ہو تو شبھ اور یوگ بنانے والوں گرہوں کی اس پر نظر ہو تو شنی انسان کو مالی، معاشرتی اور روحانی میدان میں بڑا مددگار اور کامیابی کے راستے بنانے والا ہوتا ہے۔ اور اگر یہ نیچ حالت میں ہو تو انسان کو پریشانیوں اور رکاوٹوں کے چابک سے مار مار کر لہولہان کر دیتا ہے۔

"شنی" کے مفید اور بد اثرات کے بارے میں ہماری تحریر کردہ نہایت دلچسپ اور مفید کتاب ہے۔ اس کتاب کے مصنف ریسرچ اسکالر شری وجے شرما ہیں جو پیشہ کے اعتبار سے انجینیر ہیں لیکن گذشتہ کئی سالوں سے جیوتش میں تحقیق و ترقی کے کام میں لگے ہیں۔ اپنے تجربوں کو مدلل طریقہ سے شنی کے بارے میں قلمبند کیا ہے۔ جو یقیناً آپ کو پسند آئے گا۔ اور آپ شنی کے بارے میں بہت کچھ جان جائیں گے۔

ہندوؤں کے مشہور اور مقامی تیوہاروں کی مختصر کیفیت

لوہڑی	پوہ مسانت	موسم کی تبدیلی پر مکر سنکرانت کے ایک دن پہلے بھارت میں منائی جاتی ہے۔
مکر سنکرانت	کیم ماگھ (ماگھی)	اس دن چاول کھچڑی وغیرہ کا دان گنگا اسنان کا مہاتم گنگا ساگر میں ہوتا ہے۔
مون اماوس	ماگھ بد اماوس	اس دن گنگا اور تروینی ندیوں میں اشنان اور دان پُن کا بڑا مہاتم ہے۔
گنیش جنم چوتھ	" بدی چوتھ	اس دن گنیش جی کا جنم آدھی رات گزرنے پر چوتھ میں ہوا تھا۔
بسنت پنچمی	" شدی پنچمی	اس کو رشی پنچمی بھی کہتے ہیں۔ اس دن سرسوتی اور وشنو بھگوان کی پوجا ہوتی
اچلا ستمی	" شدی ستمی	اسکو سرسوتی ستمی بھی کہتے ہیں استریوں کو سوبھاگیہ دینے والی ہے پریاگ اشنان
بھیشم اشٹمی	" شدی اشٹمی	اس دن بھیشم پتامہ کی موت ہوئی۔ ان کے لئے شرادھ اور جل دان کیا جاتا
میلہ جینتی دیوی	" شدی چودس	یہ میلہ چنڈیگوھ کے پاس جینتی دیوی کے مقام پر بڑی دھوم سے منایا جاتا
سیتا جنم اشٹمی	پھاگن بد اشٹمی	اس دن سیتا جی کا جنم جنکپور میں ہوا تھا۔ استریوں کو پتی برت دھرم ملتا ہے۔
شوراتری	" بدی ۱۴	اس دن رات کو شوجی کا پوجن اور برت کرنے سے پاپ ختم ہوتے ہیں۔
میلہ بیجناتھ	" بدی اماوس	اس دن بیجناتھ ضلع کانگڑہ میں بھاری میلہ لگتا ہے۔ دُور دُور سے لوگ آتے
ہولی کٹھ کا میلہ	" شدی پورنما	موسم کی تبدیلی اور پرہلاد بھگت کی یاد میں متھرا برندابن میں منایا جاتا ہے۔
ہولا	چیت بدی کیم	اس دن آنندپور میں بڑی دھوم دھام سے میلہ لگتا ہے رنگ پھینکا جاتا ہے۔
میلہ کنڈاں	" بدی چودس	یہ میلہ رام کنڈاں میں علاقہ مینڈھر پونچھ میں بڑی دھوم سے منایا جاتا ہے۔
چیت پہووہ	" بدی چودس	کورو کشیتر اور بلونڈی میں اس دُور دُور سے آکر لوگ اشنان کرتے۔
سرسوتی اشنان	" بدی اماوس	مصطفےٰ آباد ضلع انبالہ میں اس بھاری میلہ لگتا ہے اور لوگ اشنان کرتے ہیں۔
سمت سر	" شدی کیم	اس دن بکری سمت کا آغاز ہوتا ہے اور سب دیوتا سرشٹی کے کام میں لگ جاتے
گن گوری تیج	چیت شدی تیج	اس دن شوجی نے پاروتی کو سوبھاگیہ ور دیا تھا عورتیں اس دن برت رکھتی ہیں
نوراترہ	چیت کیم تا نومی	ان دن شکتی کا پوجن کیا جاتا ہے۔ رامائن اور مہا بھارت کا پاٹھ ہوتا ہے۔
میلہ منسادیو	چیت شد اشٹمی	اس دن منی مزرعہ ضلع انبالہ میں بھاری میلہ لگتا ہے اور خوب رونق ہوتی۔
شری جوالا ماتا	" شدی اشٹمی	یہ میلہ جوالا مکھی ضلع کانگڑہ میں ہوتا ہے اور مندر میں بھینٹ چڑھائی جاتی ہے
رام نومی	" شدی نومی	پنروس نچھتر میں دوپہر کو رام چندر جی کا جنم ہوا سارے بھارت میں منایا جاتا۔
بیساکھی	کیم بیساکھ	گنگا اشنان کا بڑا مہاتم ہے پنجاب بھر میں خصوصاً امرتسر میں بھاری میلہ ہوتا
مہابیر جینتی	چیت شد تردشی	سوامی مہابیر جی کی یاد میں یہ میلہ جین دھرم میں خاص طور پر منایا جاتا ہے۔
اکشے تیج	بیساکھ شد تیج	(تج تیل دوپہر لیس) اس دن گنگا اشنان جپ دان سے پاپ ختم ہوتے ہیں۔
پرشرام جینتی	" شدی تیج	رات کے پہر پرشرام جی کا جنم ہوا تھا۔ اس دن پرشرام جی کا پوجن ہوتا ہے۔
شنکر آچاریہ جینتی	" شدی پنچمی	اس دن شنکر آچاریہ جی نے اوتار دھارن کیا تھا۔ انکی یاد میں منایا جاتا ہے۔
گنگا جنم ستمی	بیساکھ شد ستمی	یہ دن گنگا جی کے جنم دھارن کی خوشی میں منایا جاتا ہے۔ گنگا اشنان کا مہاتم
گوتم جینتی	" "	گوتم جی اس دن جنم ہوا تھا اور اسی دن ان کا پرلوگ گمن ہوا تھا۔ میلہ لگتا ہے۔
میلہ مہابیر جی	جیٹھ بد ایکادشی	یہ میلہ مہابیر سوامی جی کی یادگار میں ایودھیا میں خاص طور پر لگتا ہے۔
بھمکالی ایکادشی	" بدی ایکادشی	یہ میلہ (پہلے لاہور) شیخوپور ضلع کپورتھلہ اور جالندھر میں منایا جاتا ہے۔
میلہ رنگناتھ	جیٹھ بد دوادشی	یہ میلہ بلاسپور ضلع شملہ میں بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔
گنگا جنم دسمی	جیٹھ شدی دسمی	اس روز ہردوار تیرتھ پر بھاری میلہ لگتا ہے۔
نرجلا ایکادشی	" شدی ایکادشی	اس دن برت رکھ کر دوسرے دن جل سے بھرا گھڑا سونا بھوجن کا دان۔
رتھ یاترا	ہاڑ شدی دوج	بھگوان کو سبھدرا سمیت رتھ میں بٹھا کر جگناتھ پوری میں یاترا کرائی جاتی ہے۔
دیوشنی ایکادشی	" " ایکادشی	اس دن بھگوان وشنو کشیر ساگر میں شین کرتے ہیں۔
بیاس پوجا	" " پورنماشی	اس دن بیاس دیو جی کا جنم ہوا تھا۔ گورو اور براہمن کا پوجن ہوتا ہے۔
سنکٹ چوتھ	ساون بد چوتھ	اس دن گنیش جی کا برت کرنے سے سب مرادیں حاصل ہوتی ہے۔
ناگ پنچمی	" " پنچمی	یہ چھٹ سے ملی ہونی چاہئے۔ اس دن ناگ سرپ کی پوجا ہوتی ہے۔
میلہ چھموںنی	" " اشٹمی	چنت پورنی ضلع ہوشیارپور میں بھاری میلہ ہوتا ہے۔ دیدار کا مہاتم

رکھڑی	ساون پورنما	پراچین کال میں دیواسر سنگرام میں رکھشا کیلئے بہنیں اپنے بھائیوں کے ہاتھ میں باندھتی تھیں۔
امرناتھ یاترا	" " پورنماشی	اس دن شوجی کی یادگار میں امرناتھ (کشمیر) میں بڑا بھاری میلہ ہوتا۔
رام بن	کیم بھادوں	یہ میلہ رام بن جموں میں ہوتا ہے۔ چندر بھاگا میں اشنان کا بڑا مہاتم ہے۔
کجلی تیج	بھادوں بد تیج	اس دن عورتیں نئے کپڑے اور زیور پہن کر جھولا جھولتی اور پریم کرتی ہے۔
سیتلا ستمی	" " ستمی	اس دن دیوی کا پوجن کر کے کنبہ کی رکھشا کیلئے پرارتھنا اور باسی بھوجن کرتے
کرشن جنم اشٹمی	" " اشٹمی	روہنی نچھترا اشٹمی تھی کو رات کے ۱۲ بجے متھرا میں کرشن کا جنم ہوا تھا۔
گوگا نومی	" " نومی	یہ میلہ ضلع کانگڑہ کے مختلف مقامات خصوصاً ہری پور میں دھوم دھام سے ہوتا
سورج چھٹ	" " چھٹ	اس دن برت دھارن کر کے سنتان کی لمبی عمر کے لئے دعا کی جاتی ہے۔
رادھا اشٹمی	" " اشٹمی	یہ دن رادھا جی کے جنم دن پر اور رشی کے جنم دن کی یاد میں منایا جاتا ہے۔
مہالکشمی اشٹمی	" " "	اس دن مہالکشمی کے برت اور پوجن سے پاپوں کا ناش ہوتا ہے۔
اننت چودش	" " چودش	اس دن دریا وغیرہ میں اشنان کر کے اننت بھگوان وشنو کی پوجا کی جاتی ہے
میلہ بابا سوڈل	" " "	اس دن سوڈل بابا کی سمادھی پر جالندھر میں ان کی یاد میں بھاری میلہ لگتا ہے
میلہ ستھرے شاہ	بھادوں بدی اماوس	یہ میلہ باباجی کی یاد میں دہلی جمنا جی کے کنارے منایا جاتا ہے۔
مہالیہ اماوس	اسوج " "	اس دن نامعلوم تھی والے پتروں کا شرادھ اور پتروں کو تلانجلی دی جاتی ہے
نوراترہ	" شدی کیم	ان دنوں میں شکتی درگا پاٹھ اور پوجن کر کے پرشاد بانٹا جاتا ہے۔
مہانومی	" " نومی	اس دن دیوی پوجن کرنے سے مرادیں پوری ہو کر دشمن کا ناش ہوتا ہے۔
وجیا دسمی	" " دسمی	یہ دن بھگوان رام چندر جی کی راون پر فتح کی یاد میں بھارت میں منایا جاتا ہے۔
شرد پورنماشی	" " پورنماشی	اسدن دودھ کھیر پھل سفید کپڑا چاندنی رات میں بھگوان ارپن کر لکشمی پوجا ہوتی
کرواچوتھ	کارتک بد چوتھ	یہ تیوہار عورتیں شری پاربتی جی کی تپسیا کی یادگار میں مناتی اور برت رکھتی ہیں
آہوتی اشٹمی	" " اشٹمی	اس دن دیوی کا پوجن اور سنتان کی لمبی عمر کے لئے دعا کی جاتی ہے۔
نرک چودس	" " چودس	اس دن برت کرنے سے من کے سب مرادیں پوری ہوتی ہیں۔
شری ہنومان جنم	" " "	منگلوار سواتی نچھتر میکھ لگن میں انجنی کے گربھ سے پون پتر ہنومان کا جنم ہوا
دیپ مالا	" " اماوس	اس دن رام چندر جی بنباس سے ایودھیا واپس آئے تھے۔ لکشمی پوجا ہوتی ہے۔
ان کوٹ	کارتک شد کیم	اس دن گوردن پوجا سے وشنو بھگوان خوش ہوتے ہیں۔
بھراتری دوج	" " دوج	یمراج کا اپنی بہن جمنا کو ور تھا کہ اسدن جمنا میں اشنان کرنے پاپ ختم ہو گئے
گوپ اشٹمی	" " اشٹمی	اس دن شام کے وقت پھولوں کا ہار گئو ماتا کے گلے میں ڈالکر اسے مٹھائی کھلاتے
میلہ رینکا جی	" " ایکادشی	یہ میلہ رینکا جی ہماچل پردیش میں ہوتا یہاں جمدگنی رشی تپ کیا تھا۔
پربودھنی	" " "	اس دن وشنو جی جاگرت اوستھا میں آتے پشکرراج اور گڑھ مکتیشور میں میلہ لگتا
کارتک اشنان	" " پورنماشی	نکڑی کے دن متسیہ اوتار ہوا تھا۔ گنگا اشنان کرنے پاپ دُور ہوتے ہیں۔
میلہ رام تیرتھ	" " "	سوامی رام تیرتھ کے جنم دن پر امرتسر میں بھاری میلہ لگتا ہے۔
بالمیک جنم	اسوج شدی "	رامائن کے نرماتا مہرشی بالمیک کا جنم دن اس دن بھارت میں بھر میں منایا جاتا
کال بھیرو اشٹمی	مگھر بدی اشٹمی	اس دن دوپہر کے وقت بھیرو جی کا جنم ہوا تھا۔ اس کی پوجا ہوتی ہے۔
میلہ پرمنڈل	" " اماوس	یہ میلہ جموں سے ۲۴ میل دور پرمنڈل میں لگتا ہے۔ یہاں گپت گنگا بہتی۔
دتاترے جنم	" شدی پورنماں	دتاترے رشی کے جنم دن پر مہاراشٹر میں خاص طور پر منایا جاتا ہے۔
میلہ ہرولبھ	آخیر دسمبر	یہ میلہ جالندھر میں سنگیت میلہ کے نام سے منایا جاتا ہے۔
ایکادشی برت	بدی شد ایکادشی	ایکادشی کنیا نے وشنو جی کے شریر سے پرکٹ ہو کر مر نام راکشس کو مارا تھا
برت پورنماشی	پورنماشی سنکرنت	اس دن برت رکھنے سے منوکامنائیں پورن ہوتی ہیں۔ موکش حاصل ہوتی
گوری تپ	مگھر بدی اماوس	اس دن برت اور شو پاربتی کے پوجن سے دھن اور کل کی بردھی ہوتی ہے۔
گنیش چوتھ	بدی چوتھ	یہ برت ہر مہینے کی کرشن پکش کی چوتھ کو رکھنے سے منوکامنا پوری ہوتی ہے

ہاتھوں کی لکیروں کے ذریعہ پیشن گوئی کرنا

ہاتھ کی مختلف ریکھاؤں سے کسی بھی شخص یا عورت کے میلانات، شخصیت، اندرونی جذبات اور زندگی کے گذشتہ حالات و آنے والے حالات کے بارے میں بتایا جا سکتا ہے۔ ہاتھ میں پائی جانے والی چار اہم ریکھاؤں، جیون ریکھا، دماغ ریکھا، دل کی ریکھا اور بھاگیہ ریکھا کا احوال گذشتہ برس کی جنتری کے صفحہ 17 پر دیا جا چکا ہے۔ چند مزید ہست ریکھاؤں کی جانکاری نیچے دی جا رہی ہے۔

۱۔ سورج ریکھا:۔ یہ ریکھا بھاگیہ ریکھا کی طرح چندر پربت سے ہتھیلی کے درمیان سے۔ یا منگل پربت سے ماتری ریکھا اور دل کی ریکھا سے نکلتی ہے اور سورج پربت کی طرف نامیکا انگلی کی جڑ تک جاتی ہے اسے پُچیہ ریکھا، دھن ریکھا، ودیا ریکھا، سورج ریکھا وغیرہ بھی کہا جا سکتا ہے۔ انسانی زندگی پر اس کی اہمیت بھی کم نہیں ہے۔ بھاگیہ ریکھا کسی کے ہاتھ میں نہ ہونے سے سورج ریکھا ہی بھاگیہ ریکھا کا کام کرتی ہے۔ اگر یہ ریکھا لمبی ہو تو وہ شخص دھنوان، عالم اور شہرت یافتہ ہوتا ہے۔ اگر کوئی چھوٹی ہو تو ایسا شخص خرچیلا (فضول خرچ) اور روپے پیسے کے بغیر پریشان رہنے والا ہوتا ہے۔ اگر یہ ریکھا انامکا انگلی کی جڑ والے منبع میں کافی گہری ہو تو ایسا شخص کافی عزت اور وقار والا ہوتا ہے۔ کٹی پھٹی ہو تو عزت میں کمی واقع ہوتی ہے۔ اگر یہ ریکھا مدھیم ہو تو پھل درمیانہ ہوتا ہے۔ اگر برہسپت، سورج شکر کے پربت اچھے اٹھے ہوتے ہیں اور بھاگیہ ریکھا اچھی ہو اس کے ساتھ ساتھ سورج ریکھا بھی ہو تو ایسے شخص کی کسی رشتہ دار سمبندھی کی جائیداد حاصل ہوتی ہے۔

۲۔ صحت ریکھا:۔ اس ریکھا کو بدھ ریکھا، کیرت ریکھا یا آروگیہ ریکھا وغیرہ کے نام سے پکارتے ہیں۔ بعض آچاریہ صحت ریکھا یا بدھ ریکھا کو الگ الگ ریکھا میں بتاتے ہیں لیکن اکثریت رائے یہی ہے کہ صحت کی ریکھا ہی بدھ ریکھا ہے اور حقیقت بھی یہی ہے کیونکہ دونوں ریکھاؤں کے شروع ہونے کا مقام اور پہنچنے کا مقام ایک ہی مانے جاتے ہیں۔ صحت ریکھا کا آغاز بھی منی بندھ سے یا اس کے اوپر سے چندر ستھان یا جیون ریکھا وغیرہ سے ہوتا ہے۔ زیادہ تر یہ ریکھا جیون ریکھا اس کی نزدیک سے چل کر بدھ کشتر تک جاتی ہے۔ صحت ریکھا کا ہاتھ میں نہ ہونا زیادہ شبھ مانا گیا ہے لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ اس ریکھا کے ہاتھ میں ہونے سے پھل خراب ہی ہوتا ہے تاہم اگر صحت ریکھا چھوٹی ہو یا نہ ہو تو وہ شخص صحتمند رہتا ہے۔ اگر یہ ریکھا ٹوٹی پھوٹی ہو یا کٹی پھٹی ہو تو متعلقہ شخص کو یہ روگی بناتی ہے۔

اگر صحت ریکھا منی بندھ کے نزدیک سے نکل کر بغیر ٹوٹے پھوٹے گہری صاف اور سیدھی ہو کر بدھ پربت تک جاتی ہو تو ایسا شخص صحتمند، عقلمند، شہرت یافتہ اور عیش پرست ہوتا ہے۔ صحت ریکھا کے ساتھ ساتھ اگر سورج ریکھا اور بھاگیہ ریکھا بھی اتم ہو تو وہ شخص ہمیشہ سکھی رہ کر ہر کام میں کامیابی حاصل کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی اگر بدھ پربت بھی اونچا اٹھا ہوا ہو تو وہ شخص صحت مند، طاقتور ہو کر آزادانہ کاروبار کر کے دھن دولت اور شہرت حاصل کرتا ہے۔ اگر صحت ریکھا مکمل نہ ہو کر دماغ ریکھا اور دل کی ریکھا کے درمیان ہی دکھائی دے کر ان دونوں کو ملا دیتی ہو تو ایسا شخص دماغی امراض میں مبتلا رہتا ہے اسے نمونا بخار بھی رہتا ہے۔ صحت ریکھا اگر بال کے مانند باریک و پتلی ہونے کے ساتھ ساتھ صاف اور واضح طور پر دکھائی دیتی ہو تو ایسا شخص بے رحم ہوتا ہے۔

۳۔ وواہ ریکھا:۔ چھوٹی انگلی کے نیچے بدھ پربت کے باہری حصے سے ایک چھوٹی سی ریکھا بدھ پربت کی طرف دل کی ریکھا کے اوپر سے چلتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ کسی کسی ہاتھ میں ایسی ایک سے زیادہ ریکھائیں بھی ہوتی ہیں۔ ان کو وواہ ریکھا کہتے ہیں۔ ہر مرد عورت کے دماغ اپنے رفیق حیات (جیون ساتھی) کی خواہش ہونا قدرتی ہے اور اسی خواہش کی تکمیل یا عدم تکمیل کا وچار اسی ریکھا سے کیا جاتا ہے۔ ہست ریکھا دیکھتے وقت اس ریکھا کا بھی بہت زیادہ اہمیت ہوتی ہے۔ جو وواہ ریکھا صاف، واضح گہری اور لمبی ہو وہ شادی ہونے کی مظہر ہے جبکہ کٹی پھٹی، باریک، ٹوٹی ہوئی بہت چھوٹی وواہ ریکھا یا وہ شادی کا چرچا چلنے پریم سمبندھ ہو کر کسی وجہ سے شادی نہ ہونے یا تعلق ختم ہونے تک محدود ہوتی ہے۔ یا ایسے عورت یا مرد کسی وجہ سے ایک دوسرے سے دور رہتے ہیں اگر گہری ریکھا بھی بدھ پربت تک نہ پہنچے تو یہ مزید بیویاں ہونے یک مظہر ہے۔ وواہ ریکھا جتنی گہری صاف اور واضح بدھ پربت تک پہنچے اس لڑکے کی اتنی ہی شادیاں ہونے کے یوگ سمجھنا چاہئے۔ یہ ریکھا جتنی صاف اور واضح ہوگی پیار و محبت کا سمبندھ اتنا ہی دیرپا ہوگا۔ کبھی کبھی ایسا بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ وواہ ریکھا کے ہوتے ہوئے بھی متعلقہ شخص کا وواہ نہیں ہوتا لیکن ایسا ہونے کے باوجود بھی اس شخص کے کسی کنواری لڑکی یا شادی شدہ عورت سے پریم سمبندھ ضرور ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے ہاتھ میں وواہ ریکھا باہر کی طرف کمزور ہوتی ہے۔ وواہ ریکھا میں گباہر کی طرف اگر جو کا نشان ہو تو ایسے شخص کا اپنی عورت کے ساتھ کچھ وقت تک اچھا سمبندھ ہوتا ہے۔ اس کے بعد بدی کے کارن ہی اس سے جدائی یا لڑائی جھگڑے کے کارن دکھ اٹھانا پڑتا ہے۔

۴۔ سنتان ریکھا:۔ سنتان ریکھاؤں کے متعلق بھی ودوانوں اور ہست ریکھا کے ماہرین میں اختلاف رائے ہے بعض آچاریوں کا کہنا ہے کہ انگوٹھے کی جڑ میں سنتان ہونے کی ریکھا ہوتی ہے اس میں جو ریکھا موٹی، صاف اور گہری ہوگی وہ لڑکا ہونے کی مظہر ہوگی جبکہ پتلی اور چھوٹی سنتان ریکھا ... کا ہونا ظاہر کرے گی۔ ٹوٹی پھوٹی اور کٹی پھٹی ریکھا ہو تو وہ حمل کے گر جانے یا کم عمر سنتان ہونے کی نشاندہی کرتی ہے۔ بعض ماہریان کا کہنا ہے کہ منی بندھ سے انگوٹھے

ی ... شبھ ... پر جو کھڑی ریکھائیں ہیں۔ وہی سنتان ریکھائیں قرار دی جاتی ... ان میں سے صاف گہری اور لمبی ریکھا بیٹے، پتلی، چھوٹی اور دو مکھی ریکھا بیٹی ... نے کی مظہر ہوتی ہے۔ کٹی پھٹی۔ ٹوٹی پھٹی غیر واضح ریکھا حمل گر جانے یا سنتان ہانی کو ظاہر کرتی ہیں۔ کئی آچاریہ یہ منی بندھ سے دل کی ریکھا کے بیچ میں پڑی ریکھاؤں کو سنتان ریکھا کہتے ہیں۔ ان میں متذکرہ لکشنوں کے لئے بیٹے یا بیٹی کی پیدائش کا وچار کیا جا سکتا ہے۔ بعض ماہرین بدھ بر ہسپت پردواہ ریکھا ہے اس پر چھوٹی چھوٹی بال برابر ریکھائیں ہوتی ہیں جن کو سنتان ریکھائیں کہتے ہیں۔ ان میں زیادہ واضح بیٹے اور پتلی ریکھائیں ... ٹی کی مظہر ہوتی ہے۔ بعض ماہرین کا کہنا ہے کہ انگوٹھے کی جڑ میں جتنے جو ہوں اتنے ہی بیٹے پیدا ہوتے ہیں۔ پھل داہنے ہاتھ سے سمجھنا چاہئے۔ بائیں میں ہو تو اتنی ہی بیٹیاں ہوتی ہیں کٹے ٹوٹے وغیر واضح جو گربھ ہانی یا کم عمر سنتان کی نشاندہی کرتے ہیں جو بڑے ہوں اور صاف واضح ہوں وہی جو لمبی عمر والی سنتان کے مظہر ہوتے ہیں۔ عورت اور مرد دونوں کے ہاتھوں کو دیکھ کر ہی ان کی سنتان کے بارے میں بتایا جانا چاہئے کیونکہ دونوں کے سنجوگ کے بغیر سنتان نہیں ہو سکتی۔

۵۔ بھائی بہن ریکھا:۔ بعض ماہرین کی رائے کے مطابق انگوٹھے کی جڑ سے منی بندھ کے نزدیک تک کی سنتان ریکھائیں ہی بہن بھائی ریکھا ہوتی ہیں۔ جبکہ بعض دیگر منی بندھ سے دل کیر یکھا کے بیچ چندر منگل پربت پر ہونے والی ریکھاؤں کو ہی بھائی بہن ریکھا تسلیم کرتے ہیں۔ اور حقیقت بھی یہی ہے کیونکہ منگل ہی بھرتری کارک گرہ کہا گیا ہے۔ لہٰذا منگل پربت اور چندر پربت پر کی ریکھائیں ہی بھائی بہن کی مظہر ہوتی ہیں۔ ان میں سے واضح گہری اور صاف ریکھائیں بھائی کی اور پتلی چھوٹی ٹیڑھی اور دو مکھی ریکھائیں بہن کی نشاندہی کرتی ہیں۔ منگل پربت اچھا اٹھا ہونے کی صورت میں ان ریکھاؤں کے باریک پتلی یا نہ ہونے پر بھی یہ بھائی کی مظہر ہوتی ہیں۔ اس کے برعکس منگل پربت دبا ہونے پر گہری اور واضح ریکھائیں بھی زیادہ بہن یا مرے ہوئے بھائی کی مظہر ہونگی۔ کٹی پھٹی اور غیر واضح ریکھائیں بہن بھائی کی ہانی یا ان کے نہ ہونے کی نشاندہی کرتی ہیں۔ باریک و کالے رنگ کی ریکھا سے بھائی بہن کو کلنک ہوتا ہے۔

۶۔ منی بندھ ریکھائیں:۔ صاف یا دھندلی ہو کر منی بندھ کے مقام پر ایک دوسرے کے متوازی پڑی ہوئی دکھائی دینے والی ریکھائیں منی بندھ ریکھائیں ہوتی ہیں۔ جو ہتھیلی کو انگلی سی کرتی ہوتی معلوم پڑتی ہیں۔ اگر یہ ریکھائیں ایک دو تین یا چار بھی ہو سکتی ہیں۔ زنجیر نما ہونے سے اس شخص کی زندگی سخت محنت سے گزرے گی۔ یعنی سخت محنت کے بعد ہی دھن دولت حاصل ہوگا۔ لیکن ایسا شخص دھارمک طور پر کافی ترقی کر سکتا ہے۔ ایسی ریکھا کسی عورت میں ہونے کی وجہ سے وہ غریب و بے قاعدہ زندگی بسر کرے گی۔ منی بندھ کی پہلی ریکھا سے (جو ہتھیلی کی طرف ہو) عمر دھن، دولت اور شہرت کی جانکاری ملتی ہے جبکہ دوسری ریکھا سے تعلیم، شاستر بیوپار اور تیسری اور چوتھی ریکھا سے دھرم، سنتان اور بھگتی سکھ کا گیان ہوتا ہے۔ ان میں سے جو ریکھائیں صاف شدہ گہری اور واضح ہوں ان سے سمبندھت پھل شبھ ہوتے ہیں۔ بصورت دیگر پھل خراب ہوتا ہے۔ اگر منا ٹوٹی پھوٹی صاف واضح اور گہری تین منی بندھ ریکھائیں گ ہوں تو وہ شخص دھن، دولت والا ہر طرح سے سکھ و آرام والا جیسا ہوگا۔ اگر یہ ریکھائیں چار ہوں تو وہ شخص بادشاہ ہوتا ہے دو ریکھائیں ہوں تو دولتمند اور ایک ریکھا ہو تو دولت کی کمی اور دکھی زندگی بسر کرنے والا ہوتا ہے۔

عورتوں کی ہتھیلی کے نشانات

۱۔ جس عورت کے ہاتھ میں مچھلی کا نشان ہو وہ خوش قسمت اور دولت مند ہوتی ہے۔

۲۔ ہتھیلی میں سواستک نشان والی عورت رانی ہوتی ہے۔

۳۔ اگر راج محل کا نشان ہو تو ایسی عورت چکرورتی راجہ کی رانی ہوتی ہے۔ شنکھ، چھتر اور جھولے کے نشان والی عورت راج ماتا ہوتی ہے۔ ہاتھی، گھوڑے، بیل، مندر اور وجر نشان والی عورت دھرماتما ہوتی ہے اور ودوان پتر کو جنم دینے والی ہوتی ہے۔

۴۔ جس عورت کے ہاتھ میں ترازو کا نشانہ ہو، وہ بیوپاری کی پتنی ہوتی ہے۔ ہل یا گاڑی کے نشان والی عورت کسان کی بیوی جبکہ چامر، انکش اور دھنش کے نشان ہونے پر ایسی عورت ضروری طور پر راج رانی ہوتی ہے۔ ترشول، گدا، تلوار شکتی والی ہونے اور دان دینے سے شہرت حاصل کرتی ہے۔ اسی طرح شبھ دیگر نشانات ہونے سے وہ عورت راتی کرتی ہے، ماہر تعلیم اور پردھان منتری ہو سکتی ہے۔

۵۔ ہاتھ میں گیدڑ، مینڈک، بچھو، سانپ، گدھا، اونٹ اور بلی وغیرہ کا نشان ہونے سے وہ عورت دوسروں کو دکھ دینے والی بد قسمت ہوگی۔

ہاتھ میں تل کا نشان

تل کا نشان جس ریکھا یا پربت پر ہوگا اس کے شبھ پھل کو دوگنا کر دیتا ہے، بالخصوص داہنے ہاتھ میں جو کہ مٹھی کے اندر پڑ جاتا ہے، تو ایسا تل لاثانی دھن دولت اور جائیداد دینے والا ہوتا ہے۔ وہ اپنے خاندان اور حالات کے مطابق ضروری طور پر دولت حاصل کرتا ہے۔ بائیں ہاتھ میں تل ہونے سے خرچ میں اضافہ کر کے دکھ تکلیف اور پریشانی لانے والا ہوتا ہے۔

گمشدہ چیز ملے گی یا نہیں

موجودہ تاریخ وار اور نکشتر کی تعداد کا جوڑ (میزان) کر کے جو تعداد حاصل ہو۔ اس میں موجودہ پہر کی تعداد بھی جمع کر لیں۔ کل جوڑ کو ۸ سے ضرب دے کر ۷ سے تقسیم کر دیں، اگر باقی ایک بچے تو کھوئی ہوئی چیز زمین میں گاڑی ہوئی سمجھیں دو بچیں تو گمشدہ چیز کسی برتن میں رکھی ہوئی سمجھیں۔ ۵ بچیں تو گمشدہ چیز بھوسے میں چھپائی سمجھیں۔ ۶ باقی بچیں تو گمشدہ چیز گوبر میں چھپائی ہوئی سمجھیں۔ ۷ بچنے پر گمشدہ چیز راکھ میں چھپائی ہوئی سمجھیں۔

نوٹ:۔ موجودہ دن کے طلوع آفتاب سے آئندہ دن کے طلوع آفتاب تک ۸ پہر ہوتے ہیں۔ ہر دن کے ۴ پہر اور ہر رات کے ۴ پہر ہوتے ہیں۔

خیر اندیش۔ مصنف

پنڈت پنا لال جیوتشی جالندھر۔

بارہ گھروں میں نو گرہ کا مختصر پھلادیش

خانہ جات	سورج	چندرماں	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہو کیتو
خانہ اوّل	فکر طبیت میں رنج خرچ کی زیادتی	دھن لابھ اور کوئی خوشی کا موقعہ ملے	درد سر آنکھوں میں تکلیف۔ دل کو رنج و غم	دلیری، خوشی کلامکشاکشی آرام	ترقی ہنر حصول علم کا شوق مذہبی دلچسپی	راگ رنگ کا شوق دشمن کا ناش	جسم کو تکلیف تند مزاج۔ دل کو رنج	جسم کو تکلیف خرچ زیادہ دل کو رنج
خانہ دوم	مال دولت کیطرف فکر اور خرچ زیادہ	روزگار بہتر، تجارت سے فائدہ ہو	آمدن کم و خرچ زیادہ جسم روگی	زرومال کی ترقی اور ہر طرف فائدہ	زرومال کی بہتری سواری کا سکھ	دولتمند ترقی روزگار ہر طرح سے فائدہ	خرچ کی ترقی لابھ کم اور نقصان	دھن کا نقصان آمدن کم اور خرچ زیادہ
خانہ سوم	جانبور حجبت دشمن ۔۔ ں دل کو خوشی آرام ملے	جسمانی آرام، بھائی سے محبت اور خوشی ہو	بھائیوں کا سکھ صاحب تدبیر واقبال مند ہو	بھائیوں اور مخالفوں پر غالب رہے۔	بدرجہ اوسط فائدہ بھائیو کی طرف سے نااتفاقی	بھائیوں کا سکھ کمد شمنو پر فتحیابی اور غالب رہے	بھائیو سے خوشی روزگار میں فائدہ صحت اچھی	تندرستی اور فائدہ روزگار بھائیوں سے سکھ، خوشی لابھ
خانہ چہارم	والدین سے رنج تکلیف دوستوں سے جھگڑا	گردش زمانہ اور لڑائی جھگڑا و تکرار پیدا ہوں	والدین سے رنج تکلیف دوستوں سے تنازعہ	والدین سے رنج اور بگاڑ پیدا کریگا دھن کا خرچ بڑھیگا	خویش واقارب بگاڑ ہر کام میں نقصان۔	والدین سے رنج، دشمن سے خوف زر کا نقصان	خوف دشمن لڑائی جھگڑا والدین سے رنج تکلیف	خوف دشمن والدین سے رنج لڑائی جھگڑا ہوگا۔
خانہ پنجم	اولاد سے رنج پہنچے مگر عقل کی ترقی ہو۔	بدرجہ اوسط فائدہ دھن کا سکھ، گھر میں مایوسی	زر کا خرچ کاروبار میں ہانی، اولاد سے رنج ہو	اولاد کی خوشی عزت کی ترقی اور اقبالمند ہو	اولاد کا سکھ اور خوشی شوہر کی طرف سے بہتری	اولاد کا سکھ کشائش رزق اور آرام ملے	اولاد کیطرف سے خوف دل کو فکر و رنج ہو	اولاد کیطرف سے رنج اور فکر و تکلیف پیدا ہو۔
خانہ ششم	دشمن کا ناش دلکو راحت اور کوئی خوشی ملے	دشمن کا خوف گردش میں مبتلا اور لڑائی جھگڑا	دشمن کا ناش دل کو خوشی ترقی رزق مرتبہ بلند	دشمن کا ناش اور بیماری کی شکائت رہے۔	خوف دشمن جسم کو تکلیف درد کمر کی شکائت۔	خوف دشمن دل کو رنج اور زر کا نقصان ہو	دشمن کا ناش دل کو خوشی حب مراد کامیابی	دشمن کا ناش دل کو خوشی اور آرام ملے۔
خانہ ہفتم	آزار کم عورت کو تکلیف اور دل کو رنج	بہتر روزگار خوشی کامیابی عورت سے محبت	عورت سے رنج تکلیف دلی امیدوں میں کامیابی	عورت سے محبت و بہتر روزگار اور کشائش	عورت کا سکھ اور ہر طرح سے نئے کام میں فائیدہ	عورت کا سکھ بہت محنت سے فائدہ لابھ	عورت سے رنج غم اور تکلیف پہنچنے کا خوف	عورت سے رنج و تکلیف اور گفتگو تنازعہ ہو۔
خانہ ہشتم	جسم کو تکلیف بیماری اور جدائی	ہر کام میں تکلیف خوف آزار کلیش	جسم کو کلیش درد سر اور دلکو رنج	جسم تکلیف اور بخار کی شکائت۔	شریر کو تکلیف اور فکر اندیشہ	طبیعت کو فکر کلیش شکم اور درد	آزار شکم اور تکلیف میں مبتلا	شریر کو کلیش امراض بادی و بواسیر
خانہ نہم	بدرجہ اوسط روزگار اور سفر دراز میں توجہ کم کرے	دلی مراد حاصل ہو اور دھرم کرم میں توجہ بڑے	بیماری مور دلکو غم اور دھرم کرم میں توجہ کرے۔	قسمت یاور اور روزگار اچھا۔ دھرم میں توجہ رہے۔	دوستوں سے ملاپ روزگار کی بہتری نیک کام میں توجہ	روزگار کی بہتری عبادت اور نیک کام میں توجہ ہو	بدرجہ اوسط فائدہ دھرم میں توجہ کم اور خرچ زیادہ ہو	کھوٹے کرموں میں رغبت اور کمینے خیالات پیدا ہوں۔
خانہ دہم	کشائش رزق راج دربار سے فائدہ	زرومال کی ترقی راج دربار سے فائدہ	تکلیف دور ہو۔ روزگار میں ترقی	عزت و مرتبہ بلند راجدربار کامیابی	مرتبہ زیادہ دشمن ناش اور کامیابی	دھن سکھ وراجدربار میں عزت	دلی مراد حاصل ہو امرتبہ زیادہ	بدرجہ اوسط فائدہ مگر سفر اور رنج۔
خانہ گیارہواں	دشمنوں کا ناش اور ہر طرح سے فائدہ ملے	حب المراد کامیابی اور کاروبار میں فائدہ	ہر طرح فائدہ ترقی روزگار حب المراد کامیابی ہو	ترقی روزگار ہر طرح سے فائدہ اور آرام ملے	ترقی اور مرتبہ بلند حب المراد کامیابی۔	دھن لابھ صاحب تدبیر اور مرتبہ بلند	ترقی روزگار ذی مرتبہ اور اقبال مند ہو۔	صاحب مرتبہ ترقی روزگار اور ناموری پیدا کرے
خانہ بارہواں	امراض چشم۔ دھن کا نقصان اور خرچ بڑھے	دل کو مایوسی اور زر کا نقصان ہو سفر پڑے۔	جسم کو تکلیف خرچ کی زیادتی دھن ہانی و رنج	دھن کا نقصان اور خرچ کی زیادتی رہے	شریر کو کلیش اور تکلیف خرچ زیادہ	زر کا نقصان خوف دشمن اور دلکو رنج	شریر کو تکلیف اور دھن کا نقصان	روزگار کا نقصان بیماری اور دشمنی پیدا کرتا ہے۔

دشا شول وچار

مندرجہ ذیل واروں اور نچھتروں میں ان کے سامنے والی دشا میں سفر کرنے سے دشا شول کا دوش لگتا ہے۔ ان دنوں سفر کرنے سے ناقص حالات پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ بہت ضروری ہونے پر اس وار کے متعلق چیز کو کھانے سے دشا شول کچھ حد تک دور ہو جاتا ہے۔ جیسے اتوار کو گھی سوم وار کو دودھ کھیر۔ منگوار کو گڑ بدھ وار کو تیل وتل ویروار کو دہی شکروار کو کچا دودھ یا جون سنیچر وار تل وماش (اڑد) کو کھا کر اس دشا میں سفر کرنے سے دشا شول نہیں رہتا ہے۔

نقشہ دشا شول و نچھتر شول

نام وار	دشا شول	نچھتر خاص میں دوش
سنیچر وار	مشرقی (پورب)	جیشٹا
منگوار۔ بدھوار	شمال (اُتر)	اترا پھالگنی
ویروار	جنوب (دکن)	پوربا بھادر پدا
شکروار۔ اتوار	مغرب (پچھم)	روہنی
بدھ وار۔ سنیچر وار	مشرق شمال (پورب اتر)	جیشٹا۔ اترا پھالگنی
بدھوار۔ اتوار	شمال۔ مغرب اتر پچھم	اترا پھالگنی
سوموار ویروار	جنوب۔ مشرق۔ دکن۔ پورب	جیشٹا۔ پوربا بھادر پدا
ویروار شکروار	جنوب۔ مغرب۔ دکن۔ پچھم	روہنی۔ پوربا بھادر پدا

گھوڑے دوڑ میں ہار جیت کا سوال

گھوڑا دوڑ میں عموماً پانچ رنگ کے گھوڑے ہوتے ہیں۔ سفید سرخ زرد۔ ڈبھر ڑبا اور کالا۔ دوڑ کے وقت آپ پانچوں رنگوں کی گولیاں بنالیں اور دوڑ کے وقت ایک گولی نکال لیں۔ جس رنگ کی گولی نکلے اسی رنگ پر بازی کا عنصر غالب رہے گا۔ دوسری ترکیب میں جس وقت پر جس ستارے کی ساعت ہوگی اس رنگ کا گھوڑا نکلے گا۔ اور وہی دوڑ میں غالب رہے گا۔

سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت
سورج	اتوار	سرخی	بدھ	بدھوار	ڈبھر ڑبا	شکر	شکروار	سفید
چندر	سوموار	سفید						
منگل	منگوار	سرخ	برہسپت	ویروار	پیلا	سنیچر	سنیچر وار	کالا

میری قسمت آج کیسی ہے

اگر کوئی ایسا سوال کرے کہ میری قسمت آج کیسی ہے تو ایسے پرشن میں سائل کے نام کے حرف شمار کر لو اور اس وقت چندرماں کو دیکھو کہ کس راشی میں ہے جس راشی میں چندرماں اس وقت پڑا ہو۔ اس کے اعداد بموجب نقشہ اعداد راشی اور یوم کے اعداد جو نقشہ اعداد یوم میں لکھے گئے ہیں۔ لے کر جمع کر لیں۔ بعد ازاں ۲ اعداد قانون کے اس میں اور زیادہ کر دیں اور پھر کل مجموعہ کو ۷ پر تقسیم کریں۔ اور اگر باقی ایک یا تین یا پانچ رہیں تو تمہارا طالع ابھی گردش میں ہے۔ اگر ۲ یا ۴ رہیں تو نحوست گذر گئی۔ تھوڑے دنوں میں تمہاری دلی امیدیں بر آئیں گی۔ اگر ۶ رہیں تو تمہارے دل کو وہم نے خراب کیا ہوا ہے اگر باقی صفر رہے تو تمہاری قسمت آج کل بستہ ہے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالو گے اس میں نقصان اٹھاؤ گے اگر یقین نہ ہو تو دیکھو تمہارے سر میں زخم کا نشان ہے۔

چاروں یگوں کا بیان

چار یگ ایک بار گذر جانے پر برہما کا ایک دن ہوتا ہے۔ انہی دنوں کے پرمان سے برہما کی آیو سو برس کی ہوتی ہے۔ اس وقت برہما کی آیو پچاس برس گذر کر ۵۱ برس کے پہلے دن کا طلوع ہو کر ۱۳ گھڑی ۴۲ پل ۳ پل ۴۳ پرتی وپل گذر چکے ہیں۔ برہما کے ایک دن میں ۱۴ منو ہوتے ہیں اور ایک منو میں ۷۱ مہا یگ ست یگ ہوتے ہیں۔

کارتک شدی نومی بدھوار کو پہلے شرون نچھتر بردھی یوگ میں ست یوگ کا آغاز ہوا۔ اس کی عمر ۱۷۲۸۰۰۰ برس کی تھی۔ اس میں شری وشنو۔ منیہ۔ کورم۔ دراہ اور نرسنگھ یہ چار اوتار ہوئے۔ منیہ نے ویدوں کے چور شنکھاسُر کو مار کر برہما کو وید لا کر دیئے دراہ نے جل ادھار کیا۔ کورم نے پرتھوی کی رکشا کی اور نرسنگھ ہرنیہ کشپ کو مارا۔ اس یگ میں منشیہ کی اوسط عمر ایک لاکھ سال تھی۔ بالک اوستھا دس ہزار سال اور شریر کی لمبائی ۲۱ ہاتھ تھی۔ پچیہ ۲۰ وشوے تھے اس میں سورج گرہن بھی ۲۰ ہزار ہوئے۔

تریتا یُگ

بیساکھ شدی تیج سوموار کے دوسرے پہر روہنی نچھتر شوبھن یوگ میں تریتا یگ کا آغاز ہوا۔ اس کی عمر ۱۲۹۶۰۰۰ برس تھی اس یگ میں تین اوتار دامن پرشورام اور رام چندر جی ہوئے ہیں۔ وامن جی نے راجہ بلی سے تین پیر پرتھوی دان لے کر تین پیر میں جاپ کیا اور بعد میں راجہ کو پاتال کا راجیہ دیا۔ پرشورام نے گھمنڈی کشتری راجاؤں کو مار کر برہمن راجیہ قائم کیا اور رام چندر جی نے راون کو مارا۔ اس میں منش کی پورن آیو دس ہزار سال اور بالک اوستھا ایک ہزار برس تھی۔ اس میں پچیہ ۱۵ اور وشوے ۵ تھے۔ شریر کی لمبائی ۱۴ ہاتھ تھی سونے کا سکہ چلتا تھا اس میں سورج گرہن ۲۰ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۰ ہزار ہوئے ہیں۔

دواپر یُگ

ماگھ بدی اماوس شکروار تیسرے پہر دھنیشٹا نچھتر دریان یوگ میں دواپر یگ کا آغاز ہوا۔ اس کی آیو ۸۶۴۰۰۰ برس تھی اس میں بھگوان کرشن اور شری بلدیو نے دشٹوں کا ناش کر کے دھرم کا ادھار کیا۔ اس میں پورن آیو ایک ہزار سال اور بالک اوستھا ۱۰۰ سال تھی جسم کی لمبائی سات ہاتھ اس میں پچیہ ۱۰ اور پاپ ۱۰ وشوے تھا اس میں اسوج گرہن ۲۴ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۶ ہزار ہوئے۔

کل یُگ

بھادوں بدی ترودشی اتوار آدھی رات کے وقت اشلیکھا نچھتر، ق پات یوگ میں کل یگ کا آغاز ہوا۔ اس کی آیو ۴۳۲۰۰۰ برس کی ہے اس میں دو اوتار بدھ اور کلکی ہیں ان میں بدھ اوتار تو ہو چکے ہیں۔ جنھوں نے اہنسا کا پرچار کیا۔ منشیہ کی آیو ۱۲۰ سال اور بالک اوستھا ۱۰ سال ہے شریر کی لمبائی ۳ ۱/۲ ہاتھ ہے اس میں پچیہ ۵ اور پاپ ۱۵ وشوے ہے۔ اس میں ۴۶ ہزار سورج گرہن و چندر گرہن ہوں گے اس یگ میں گنگا تیرتھ پردھان ہوگا۔ تانبے اور نکل کا سکہ چلے گا۔ راجیہ شاسن میں دھرم کا نام نہیں ہوگا۔ لوگوں میں پاپ ورتی اور بھرشتا چار کی ماترا دھک رہے گی۔

اعداد یوم

نام مراد	اتوار	سوموار	منگوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچر وار
اعداد	۵	۲۱	۱۴	۹	۸	۳	۱۱

علم ہندسہ کے ذریعہ اپنی قسمت معلوم کرنا

جن لوگوں کو اپنی پیدائش کا صحیح وقت، تاریخ یا سن وغیرہ معلوم نہ ہو تو وہ لوگ علم ہندسہ یعنی مول انک کے ذریعہ اپنے مقدر کا حال جان سکتے ہیں۔ نام راس اور نام کے اکھروں کی بنا پر اپنا مول انک جان کر چھپی ہوئی اپنی قوت (گنوں) کا صحیح طرح سے پتا لگایا جاسکتا ہے۔ اسی کے مطابق زندگی میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ مول انک جاننے کے لئے دو تین طریقہ استعمال میں لائے جاتے ہیں ان میں سب سے آسان طریقہ انگریزی زبان کی بنا پر مول انک معلوم کرنا ہے۔

1	2	3	4	5	6	7	8	9
S	T	U	V	W	X	Y	Z	R
J	K	L	M	N	O	P	Q	I
A	B	C	D	E	F	G	H	

مثال کے طور پر اگر کسی کا نام راکیش کمار ہے تو اس کا مول ہندسہ اس طرح سے ہوگا۔

RAKESH KUMAR

RAKESH = 9+1+2+5+1+8 = 26 = 2+6 = 8

KUMAR = 2+3+4+1+9 = 19 = 1+9 = 10 = 1

مول ہندسہ (انک) 8+1 = 9

اس طرح راکیش کمار کا مول انک (ہندسہ 9 ہوگا) اسی سے اپنے نام کا مول انک جان سکتے ہیں۔

مول انک (۱) والے شخص

اس ہندسہ کی نمائندگی کرنے والا سورج (آفتاب) ہے۔ کیم ہندسہ والے شخص پکے ارادے، آزاد خیال اور اپنے اصول اور وقار پر قائم رہنے والے ہوتے ہیں۔ اپنے حق کو حاصل کرنے کی خواہش ہوتی ہے کسی دوسرے شخص کی تختی برداشت نہیں کر سکتے ہیں۔ انک کیم والوں کو اتوار، منگوار، شکروار اور سوموار مبارک دن ہوتے ہیں۔ پیلا اور سنہری رنگ خاص طور پر مفید رہتے ہیں۔ زندگی کے ۱۳۔ ۱۹۔ ۲۲۔ ۲۸۔ ۳۱۔ ۴۹۔ ۵۸ ویں سال خاص اہمیت والے ہوتے ہیں۔ ان اشخاص کو آنکھوں، گلے، خون اور پیٹ وغیرہ امراض کا ڈر رہتا ہے۔

مول انک دوئم (۲) کا پھل

اس انک کا مالک چندرماں ہے اس انک والے شخص کیم انک والے آدمیوں کی نسبت شانت منترت والے ہوتے ہیں۔ خیالوں میں کھوئے رہنا ادب سے لگاؤ۔ آرٹ اور خوب صورتی کو چاہنے والے اور لکھنے پڑھنے کے کاموں میں دلچسپی رکھنے والے ہوتے ہیں۔ سوموار اور شکروار ان کے لئے خاص مفید ہوں گے۔ سفید رنگ ٹھیک رہے گا۔ زندگی کے ۲۵۔ ۳۱۔ ۳۴۔ ۳۷۔ اور ۴۳ سال میں خاص واقعات پیش آئیں گے۔ انکو سوموار، منگوار، اور شکروار مبارک ہوں گے۔

مول انک سوئم (۳) کا پھل

اس انک کا مالک برہسپت ہے اس انک والا شخص دھارمک۔ ایماندار، دیانتدار، دیا اور دھارمک اور اچھے کام کرنے والا ہوگا۔ ان کے لئے ویردار، اتوار اور سوموار مبارک ہوتے ہیں۔ قانون اور قاعدے کے پکے، اعلیٰ تعلیم محنتی اور رہنمائی کرنے میں ہوشیار ہوتے ہیں۔ ان کے لئے منگوار، ویردار اور پیلا رنگ اچھا ہے۔ زندگی کے ۳۰۔ ۳۸۔ ۳۹ اور ۵۷ ویں سال خوش نصیبی والے ہوتے ہیں۔

مول انک چہارم (۴) کا پھل

اس کا ستارہ منگل ہے، اس انک والے شخص نئی نئی چیزوں کے موجد ہوشیار، محنتی، بلند خیالات، تیز سبھاؤ اور زندگی میں جدوجہد کرنے والے ہوتے ہیں۔ دولت زیادہ جمع نہیں کرپاتے۔ ۴۔ ۱۳۔ ۲۲۔ ۴۰۔ ۵۸ اور ۵۹ ویں سال بھاگیہ میں ترقی کرنے والے ہونگے۔ سنیچر، اتوار اور سوموار شبھ دن ہیں نیلم پتھر خاص مفید رہے گا۔

مول انک پنجم (۵) کا پھل

اس کا مالک بدھ ہے اس انک والے شخص پھرتی سے کام کرنے والے جلدباز بیوپار اور اپنے کام میں ترقی کرنے والے اور چنچل من کے ہوتے ہیں۔ ہر طرح کے ماحول میں ڈھل جاتے ہیں اہم سال ۱۵۔ ۲۵۔ ۳۴۔ ۴۱۔ ۵۱۔ ۵۷ ہوتے ہیں۔ بدھوار اور شکروار کا دن اور سفید، ہر رنگ خاص طور سے مفید رہتا ہے۔ پنا پتھر دھارن کرنے سے فائدہ ہوگا۔

مول انک ششم (۶) کا پھل

اس انک والے شخص سنگیت، فوٹوگرافی، مصوری اور خوبصورتی کو چاہنے والے اصول پسند اور خیالات میں گم رہتے ہیں۔ کسی دوسرے کے ماتحت رہنا پسند نہیں کرتے۔ منگل۔ جمعرات اور جمعہ کے دن اور نیلا گلابی رنگ شبھ ہے۔ اپنی قابلیت سے پیسہ کمانا جانتے ہیں۔ زندگی کے ۱۵۔ ۲۴۔ ۳۳۔ ۴۲ اور ۵۱ ویں سال قسمت کو بدلنے والے ہوتے ہیں۔

مول انک ہفتم (۷) کا پھل

اس انک والے شخص کے نمایاں گرہ چندرماں اور نیپچون ہیں۔ ایسے بھاوک ردوبدل کرنے کے شوقین نئی نئی جگہوں پر گھومنا پسند کرتے ہیں۔ تنتر اور جادو ودیا، آزاد خیالات، وقار والے اور خوبصورت کو جاننے والے ہوتے ہیں عام طور سے مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سوموار، اتوار کے دن اور ہر ارنگ مبارک ہے۔ ۱۶۔ ۲۶۔ ۳۴۔ ۴۲۔ ۵۱ اور ۶۱ ویں سال بھاگیہ میں تبدیلی والے ہوتے ہیں۔

مول انک ہشتم (۸) کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ شنی ہے ایسے اشخاص اپنے میں مگن رہنے والے بیوہار کرنے میں ہوشیار، دُوراندیش بڑے محنتی اور پکے ارادے والے ہوتے ہیں اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لئے ہر ممکن ذریعہ (واجب اور ناواجب) کا خیال کئے بنا اپناتے ہیں۔ جدوجہد پسند، دوراندیش اور گہرے علم والے ہوتے ہیں۔ گیس کے روگ سے پریشان ہوں۔ سوموار سنیچر وار اور گہرا نیلا رنگ پر خاص طور سے متفق رہتے ہیں۔ زندگی کا ۲۶۔ ۳۳۔ ۳۵۔ ۴۴ اور ۵۳ ویں سال بھاگیہ میں ترقی اور خوشحالی کے ضامن ہوں گے۔

مول انک نہم (۹) کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ منگل ہے۔ یہ شخص صاف گو، خوددار بڑے محنتی۔ تیز مزاج مگر رحمدل ہوتے ہیں۔ تمام زندگی جدوجہد میں گذرتی ہے۔ خون میں خرابی کا اندیشہ رہتا ہے۔ شکروار، منگوار اور ویروار کے دن مبارک اور لال وگلابی رنگ خاص طور سے موافق ہوتے ہیں۔ گوڑھ تانترک ودیا میں خاص دلچسپی ہوگی۔ زندگی کے ۲۷۔ ۳۱۔ ۳۶۔ ۴۵ اور ۶۳ ویں سال خاط طور پر زندگی میں ترقی لانے والے ہوتے ہیں۔

آپ کی زندگی اور رنگ

جس طرح رتنوں میں مبارک اور خوشحال بنانے کی خوبی ہوتی ہے۔ اسی طرح کچھ خاص رنگوں کا بھی انسانی زندگی پر ضرور اثر پڑتا ہے۔ یہ سارا نظارہ ہی رنگوں کا ایک میلہ اور خوبصورت چمن ہے۔ پانی جیسی کچھ گنی چنی ہی چند ایک چیزیں ہوں گی جن کا اپنا اصلی رنگ نہ ہو۔ جن جن چیزوں میں ان کو ڈالا یا ملایا جاتا ہے۔ ان ان چیزوں کے رنگ اختیار کر لیتی ہے۔

نظارہ میں چھ رنگ اہم ہیں۔

۱۔ کالا ۲۔ نیلا ۳۔ ہرا ۴۔ پیلا ۵۔ سفید ۶۔ لال ان کے علاوہ کتھئی، گیروا، جامنی وغیرہ رنگ بھی دکھائی دیتے ہیں۔ لیکن یہ سبھی اوپر بتائے ۶ رنگوں میں سے کسی دو رنگوں کا ملا کر تیار کئے جاتے ہیں۔ ہر ایک رنگ کی خوبی کیا ہے اس کے مفصل بیان مندرجہ ذیل ہیں۔

کالا۔ جن کا بھاگیہ انک ۹ ہوگا ان کے لئے کالا رنگ فائدہ مند ہے۔ ایسے آدمیوں کو کالا رنگ کے کپڑے ضرور پہننا چاہئے۔ مبارک تاریخیں ۹، ۱۸ اور ۲۷ ہیں۔ کم سے کم ان تاریخوں پر تو کالے کپڑے ضرور پہنیں۔ کالے رنگ کے پھل کھائیں۔ ۶ انک والے آدمیوں کے ساتھ کسی طرح کا میل نہ رکھیں۔

نیلا۔ جن کا بھاگیہ انک ۳ آتا ہے ان کے لئے نیلا رنگ فائدہ مند ہے نیلا رنگ کا قمیض تو ضرور پہنیں۔ انہیں ۳، ۱۲، ۲۱ اور ۳۰ ان مبارک تاریخوں پر تو نیلے رنگ کے کپڑے ضرور پہننا چاہئے۔ نیلے رنگ کی سیاہی کا استعمال کریں۔ نیلے رنگ کی مٹھائی کھائیں دیوتا کو نیلے رنگ کے پھول چڑھائیں۔ ۹ بھاگیہ انک والے آدمیوں سے میل جول نہ رکھیں ان کو شنی کے رتن کا استعمال کرنا بھی فائدے مند رہے گا۔

ہرا۔ جن کا جنم انک ایک ہے ان کے لئے ہرا رنگ فائدے مند رہے گا۔ ان کی مبارک تاریخ ۱، ۱۰، ۱۹، ۲۸ ہے۔ ان تاریخوں پر ہرے رنگ کے کپڑے ضرور پہنیں۔ ہری سبزی بھاجی، ہرے رنگ کے پھل کھائیں۔ ۷ بھاگیہ انک والے آدمیوں کے ساتھ میل جول نہ رکھیں کامیابی حاصل نہیں ہوگی۔ پنا رتن کا استعمال کریں۔ دولت ملے گی اور کاروبار میں برکت ہوگی۔

پیلا۔ جن کا بھاگیہ انک ۴ آتا ہے ان کے لئے پیلا رنگ فائدہ مند ہے۔ پیلے رنگ کے کپڑے پہنیں ۴، ۱۳، ۲۲ ان کی مبارک تاریخیں ہیں۔ ان دنوں پیلے کپڑے ضرور پہنیں۔ جن کے بھاگیہ انک ۱ ہے ان کے ساتھ میل جول نہ رکھیں۔ پکھراج رتن کا استعمال کریں۔

سفید۔ جن کا بھاگیہ انک ۸ ہے ان کے لئے سفید رنگ فائدہ مند ہے ۸، ۱۷، ۲۶ مبارک تاریخ میں سفید کپڑے ضرور پہنیں۔ دودھ چاول دہی کھائیں، اچھے درموتی کی انگوٹھی پہنیں فائدہ ہو۔ جن کا بھاگیہ انک ۵ ہے ان لوگوں سے کسی طرح کا میل ملاپ نہ رکھیں بے عزت ہونا پڑے گا۔ انگوٹھی کے استعمال سے بڑاپن اور دھن بھی ملے گا۔

آپ کا بھاگیہ (نصیب) کب طلوع ہوگا؟

۱۔ بھاگیہ کا مالک دھن بھاؤ میں خزانے کے گھر کا مالک بھاگیہ کے خانے میں گیا ہو تو ۳۲ ویں سال کے بعد بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۲۔ بھاگیہ کا مالک بھاگیہ کے خانہ میں ہو۔ اور بدھ پر اوچیہ راشی میں گیا ہو تو ۳۶ ویں سال کے بعد بھاگیہ کا طلوع ہوگا۔

۳۔ برہسپت بھاگیہ کے مقام میں گیا ہوا ہے اور اس کا مالک کیندر (۱، ۴، ۷، ۱۰) میں ہو تو ۲۰ ویں سال میں بھاگیہ کا طلوع ہوگا۔

۴۔ بھاگیہ کا مالک سورج ہو تو ۲۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۵۔ بھاگیہ کا مالک چندرماں ہو تو ۲۴ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۶۔ بھاگیہ کا مالک منگل ہو تو ۲۸ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۷۔ بھاگیہ کا مالک بدھ ہو تو ۳۲ ویں سال میں بھاگیہ ضوع ہوگا۔

۸۔ بھاگیہ کا مالک برہسپت ہو تو ۱۶ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۹۔ بھاگیہ کا مالک شکر ہو تو ۲۵ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۱۰۔ بھاگیہ کا مالک سنیچر ہو تو ۳۶ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۱۱۔ بھاگیہ کا مالک راہو ہو تو ۴۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

نوٹ۔ اوپر لکھے یوگوں کے علاوہ اپنی دشا۔ انتر دشا اور گوچر گرہوں کا خیال بھی کر لینا چاہئے۔

قمری تاریخ کی پیدائش کا اثر

پیدائش مسیح سے ہزار سال پیشتر چاند کے اثرات اعتقادات میں داخل ہو چکے تھے اس زمانہ میں صرف چاند کا کیلنڈر رائج تھا۔ لہذا قدیم حکماء نے ان تاریخوں کی پیدائش کے متعلق جو اثرات بیان کئے ہیں وہ اپنے اندر حیرت انگیز حقائق رکھتے ہیں۔ وہ لوگ علم نجوم سے دلچسپی نہیں رکھتے۔ وہ قمری تاریخ تاریخ پیدائش کے اثر کو دیکھیں۔ اپنے آپ پر اپنے عزیزوں اور دوستوں پر آزمائیں۔

۱۔ نئے چاند سے ۲۴ گھنٹوں کے اندر پیدا ہونے والا بچہ خاص طور پر خوش بخت ہوتا ہے اور طویل العمر۔

۲۔ مولود چوری شدہ یا گم شدہ چیزوں کو تلاش کرنے میں خاصی قابلیت کا مالک ہوتا ہے۔ وہ علم آثار قدیمہ میں بھی کامیابی حاصل کرتا ہے۔

۳۔ ان لوگوں سے فائدہ اٹھاتا ہے جو اعلیٰ عہدہ اور بااختیار پوزیشن کے مالک ہوں۔

۴۔ دوسرے لوگوں سے زیادہ مرحلوں سے متاثر ہوتا ہے۔

۵۔ شروع بہت اچھی طرح اور جوش سے کرتا ہے۔ لیکن نقصان سے بددلی سے اور بُری حالت میں ختم کرتا ہے۔

۶۔ احکام، اصول و قوانین میں اثر پزیری اور قبولیت کا جذبہ احترام رکھتا ہے۔

۷۔ طویل العمر بہت سے انقلاب دیکھے، اچھا جسم۔

۸۔ اپنی ہمت سے اپنی قسمت بنائے گا۔

۹۔ کاروبار میں خوش بختی دیکھے، دوسرے امور میں اعزاز حاصل کرے۔

۱۰۔ بہت سفر، جگہ بہ جگہ گھومتا پھرے۔

۱۱۔ افتاد مزاج، دلکش مذہب کی طرف رجوع رکھے۔

۱۲۔ طویل العمر، صاحب ادراک، روشن ضمیر، غیب دان، رسول و نبی کا مرتبہ پانے والا

۱۳۔ تیز شعور، اعلیٰ ادراک فلسفی، پیغمبرانہ خوابیں دیکھنے والا۔

۱۴۔ دوسروں سے مدد حاصل کرنے میں بہت خوش قسمت۔

۱۵۔ جسمانی طور پر کچھ نزاکت رکھے، بہت بااعتماد دوست اور حق پرست مددگار حاصل کرے۔

۱۶۔ تقریر و اسلوب و انداز فن کا فوراً مظاہرہ کرے تجارت میں زندگی بنائے۔

۱۷۔ مغرور و خود رائے، بیوفانہ حرکتیں کرے۔

۱۸۔ باہمت اور صنعت کار، طویل العمر، لیکن بہت سے مشکلات پیش آئیں۔

۱۹۔ طاقت ور دشمن (اگر قمر نحس ہو)

۲۰۔ بُری صحبت اس پر جلد اثر ڈالے، حالانکہ صاحب دانش ہو۔

۲۱۔ اچھا جسم، جو شفایابی اور تلافی مافات کی بہترین قوت رکھے، قوت ارادی والا، خود پسندی کا رجحان رکھے۔

۲۲۔ ہمت بندھانے والے، دلاسا دینے والا، بہت محبوب، بہت دوست رکھے۔

۲۳۔ غیر ممالک کے سفر کرے، اپنے کیریئر کو بنانے کے لئے دوستوں تک کو چھوڑ دے بعض اوقات بد مزاج۔

۲۴۔ غیر معمولی ہوشیاری کا مالک، ایسی کہ اگر اسے استعمال کرے تو تحسین حاصل کرے۔

۲۵۔ مہمات کی زندگی، خطرات میں پڑنے والا، ثابت قدم، مغرور و ضدی۔

۲۶۔ امیر آدمی ہو گا (یا ہو سکتا ہے) یا اعلیٰ عزت کا مالک، بشرطیکہ کسی قابلیت کا جوہر اس میں ہو۔

۲۷۔ پیغمبرانہ خوابیں دیکھنے والا، برتاؤ میں خوش خلق۔

۲۸۔ دوستوں اور اعزاء سے موافقت پائے لیکن نفیس افتاد مزاج اور پسندیدہ خصلت کی وجہ سے۔

۲۹۔ بہت سے مصائب و مشکلات پر غالب آئے، شادی میں خوشی دیکھے یا کامیاب کیریئر حاصل ہو۔

۳۰۔ آرٹ یا سائنس میں ماہر، بہت خوشیاں اور خوش بختیاں دیکھے۔

وہ لوگ جو گرہن سے قبل یا گرہن کے دوران پیدا ہوتے ہیں۔ وہ اصول، قوانین اور رواج کا خاتمہ کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر مسمار اور انہدام کا کام کرنے والے، جوشیلے ریفارمر اور انقلابی آدمی (جو پرانے قانون کو ختم کرتے ہیں) قریباً ایسے وقت کے قریب پیدا ہوتے ہیں۔

وہ لوگ جو گرہن کے فوراً بعد پیدا ہوتے ہیں۔ وہ اپنی بیوی سے یا کسی دوست عورت کی وجہ سے خوش قسمتی پاتے ہیں۔ کسی کے کام میں مدد اور کسی کام کے تعمیری سلسلہ میں مصروف رہتے ہیں۔ لیکن لاحاصل طور پر۔

سوائے مقابلہ کے دیگر قمری نظرات اس امر کی وضاحت کریں گے کہ گرہن کے بعد پیدا ہونے والے لوگ در حقیقت کیا کام کریں گے۔ ان میں تمام لوگوں سے بہتر کام کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ یہ وسیع دولت کما سکتے ہیں۔

تقویم میں ہر ماہ کا نیا چاند دیکھ کر کچھ پڑھنا اور چیزوں کا دیکھنا لکھا جاتا ہے۔ شاید آپ نے نہ کبھی توجہ دی نہ عمل کیا۔ آپ اسی پر عمل کر کے قمری اثرات کو فوراً آزما سکتے ہیں۔ یوں کریں کہ نیا چاند دیکھ کر کسی سکہ یا نوٹ کو تین دفعہ دیکھیں۔ اس کے بعد اس چیز کو دیکھیں جو پسندیدہ ہو تو اس قمری میں روپیہ ملے گا۔ تجربہ کریں واقعات سے معلوم ہو گا کہ کون سے نئے اسباب پیدا ہوئے، چاندی کا سکہ یا سفید سکہ قمر سے منسوب ہے۔

زمانہ قدیم میں ایک تصویر ہوتی تھی کہ ایک غلام نے اشرفیوں سے بھری ٹوکری اٹھائی ہوئی ہے اور سفید پھول پہنے ہوئے ہیں۔ امراء میں یہ قاعدہ تھا کہ نیا چاند دیکھ اس تصویر کو دیکھا کرتے تھے۔ مقصد یہ تھا کہ دولت ملے۔ موجودہ دور کے لوگوں نے اس قسم کے نظریات کو ترک کر دیا ہے۔ وہ اس میں کوئی دلچسپی نہیں لیتے۔ لیکن مسلمانوں کی کتابوں میں اب بھی اس نظریہ کو یعنی قمری اثرات سے فائدہ اٹھانے کے لئے نیا چاند دیکھ کر مخصوص سورتیں پڑھنا اور مخصوص اشیاء پر نظر ڈالنا لکھا ہوا ہے۔ اگر آپ ان پر عمل کریں گے تو ہر ماہ کو خوش بختی کے نئے انداز دیکھیں گے۔ ذرا آزمایئے تو سہی۔ کچھ خرچ تو آئے گا نہیں۔ البتہ اتنی بات ضرور ہو گی کہ نیا چاند دیکھنے کے منتظر رہنا پڑھے گا۔

پیش کردہ :۔ **محمد سلیم الدین** جالندھر

گرہوں کی دوستی ودشمنی کا بیان

کنڈلی میں جو گرہ جس استھان پر ہوتا ہے وہ اُس استھان سے دوسرے تیسرے چوتھے دسویں اور گیارہویں بارہویں جو گرہ ہوتا ہے وہ اُس کا تت کال متر ہوتا ہے اِس کے برعکس دوسرے استھان میں جو گرہ ہوتا ہے وہ اُس کا تت کال تشر و کہنا چاہئے اگر کوئی گرہ تت کال متر ہوتا ہے نقشہ ذیل کے مطابق اُس کے گھر میں پایا جائے تو وہ دِلی متر اس کا نہایت دوست کہلاتا ہے۔اِسی طرح شتر وتت کال ہوتا ہے۔اگر نقشہ میں شتر و پایا جائے تو نہایت دشمن کہلاتا ہے۔اگر متر ہو تو نہایت متر کہلاتا ہے۔

نام گرہ	سورج	چند	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
دوست گرہ	چندرماں منگل	سورج بدھ	سورج چندرماں برہسپت	سورج شکر منگل	سورج چندرماں منگل	سنیچر بدھ راہ	شکر بدھ راہ	سنیچر بدھ شکر	سنیچر بدھ شکر

نام گرہ	سورج	چندر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
مساوی گرہ	بدھ	شکر منگل برہسپت	شکر سنیچر	برہسپت سنیچر منگل	سنیچر راہ	منگل برہسپت	برہسپت	برہسپت	برہسپت
دشمن گرہ	شکر سنیچر راہ	راہ کیت	بدھ راہ	چندرماں	شکر بدھ	سورج چندرماں	سورج منگل چندرماں	سورج منگل چندرماں	سورج منگل چندرماں

گرہوں کی نظرات (دریشٹی) کا بیان

کنڈلی کے اندر جس جس گھر میں گرہ پڑے ہوتے ہیں وہاں سے تیسرے دسویں بھاؤ میں اُن کی چوتھائی درشٹی ہوتی ہے۔پانچویں نانویں بھاؤ میں آدھی ساتویں بھاؤ میں پورن درشٹی بھی جاتی ہے چوتھے آٹھویں تین پاؤ ۳/۴ درشٹی جیوتش شاستر میں کہی ہے۔برہسپتی جس گھر میں ہوتا ہے اُس گھر سے ترکون بھاؤ پانچویں نانویں خانہ میں اُس

نام گرہ	سورج	چندرماں	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ کیت
درشٹی خانہ	-	-	-	-	-	-	-	-
خانہ سوم	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	پورن	۱/۴
خانہ چارم	۳/۴	۳/۴	پورن	۳/۴	۳/۴	۳/۴	۳/۴	۳/۴
خانہ پنجم	۱/۲	۱/۲	۱/۲	۱/۲	پورن	۱/۲	۱/۲	-
خانہ ہفتم	پورن	نظر کامل	کامل	پورن	پورن	پورن	کامل	پورن
خانہ ہشتم	۳/۴	۳/۴	پورن	۳/۴	۳/۴	۳/۴	۳/۴	-
خانہ نہم	۱/۲	۱/۲	۱/۲	۱/۲	پورن	۱/۲	۱/۲	-
خانہ دہم	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	پورن

کو پورن درشٹی ہوتی ہے۔شنی کی اپنے استھان سے تیسرے یا دسویں اور منگل چوتھے اور آٹھویں استھان میں پورن درشٹی کہی گئی ہے۔اِس کے علاوہ باقی سب گرہوں کی درشٹی تیز شنی منگل اور برہسپتی کی درشٹی بھی اپنے استھان سے ساتویں استھان پر پورن درشٹی مانی ہے۔

شرف وہبوط سیارگان

شرف یعنی اوچہ اور ہبوط یعنی نیچ سے متصور ہے۔جو گرہ اپنی راشی یا خانہ شرف میں وقت مطلوب کے ہوتا ہے طاقتور اور بلوان ہوتا ہے اور ثمرہ نیک ظاہر کرتا ہے جو ستارہ خانہ ہبوط نیچ راشی میں واقع ہوتا ہے وہ ناطاقت اور کمزور ہوتا ہے اور اُس کے گھر کے منسوبات سمجھ پریشان کرتا ہے نقصان پہنچاتا ہے۔گرہوں سے شرف وہبوط کا دو چار رنج ہے۔

نام گرہ	سورج	چندر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
شرف اوچہ راشی	میکھ	برکھ	مکر	کنیا	کرک	مین	تلا	کنیا	مین
اوچہ درجہ	۱۰ درجہ	۳ درجہ	۲۷ درجہ	۱۵ درجہ	۵ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ
ہبوط نیچ راشی	تلا	بریچک	کرک	مین	مکر	کنیا	میکھ	دھن	متھن
نیچ درجہ	۱۰ درجہ ۱۸	۳ درجہ	۲۸ درجہ	۱۵ درجہ	۵ درجہ	۲۷ درجہ	۲۰ درجہ	۳۰ درجہ	۲۲ درجہ

مکیت اور وبال سیّارگان

کنڈلی میں گرہ پڑے ہیں ان کو دیکھنا چاہئے کہ وہ خانہ خود یا خانہ وبال یا اوچہ نیچ راشی میں پڑا ہے۔پس جو گرہ جس گھر کا مالک ہے۔اس سے ساتواں گھر اُس کا وبال یعنی ناقص ہوتا ہے۔جیسے سورج کا سنگھ راس اپنا گھر ہے سنگھ سے شمار میں ساتویں راس کنبھ ہے جو سورج کے لئے وبال راشی ہے۔اس لئے اس میں ہبوط ستارہ مثل حیران اور بیقرار رہے اور جو برج جس ستارہ کا ہو وہ شرف ہوتا ہے۔اس سے ساتواں گھر اس کا ہبوط یعنی نیچ ہے۔جیسے سورج کا میکھ شرف ہے اور میکھ سے شمار میں ساتویں راس تلا ہے جو سورج کی ہبوط یعنی نیچ راشی ہے۔پس اِس طرح سے ہر ایک ستارہ کا اُوچ نیچ اور خانہ وبال وغیرہ کو دیکھنا چاہے۔

نام گرہ	سورج	چند	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیتو
خانہ عروج	سنگھ	کرک	میکھ برشچک	متھن کنیا	دھن مین	برکھ تلا	مکر کنبھ	متھن کنیا	متھن کنیا
خانہ وبال	کنبھ	مکر	تلا برکھ	دھن مین	متھن کنیا	برشچک میکھ	کرک سنگھ	دھن مین	دھن مین

زہنی اور جسمانی تندرستی کیلئے یوگ اور پرانایام کی اہمیت

دنیا ہر ایک چیز پر وقت اور موقع کا اثر پڑتا ہے۔ تقررہ وقت پر کھانا کھانا۔ سونا اور کام وغیرہ کرنا خود بخود آجاتے ہیں۔ اسی طرف وقت کی پابندی رکھنے سے مقررہ وقت پر بلا جپ کئے ہوئے رہنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اہل ہند میں سندھیا۔ گائتری جپ وغیرہ اور اہم اسلام میں نماز کا وقت ہوتے ہی اندر سے جپ کرنے کی خواہش ہونے لگتی ہے۔ جپ کے بناں ابھیاسی آدمی کو جوش کا عالم ہے۔ کھانا۔ سونا کام کرنا اچھا نہیں معلوم ہوتا۔ کسی دن جپ کرنے کا موقع نہ ملے تو آج کے دن کا کام پورا نہیں ہو سکا۔ یہ خیال بار بار اس کو محسوس ہوتا رہتا ہے۔ عادی ہو جانے سے جپ زندگی کا حصہ بن جاتا ہے۔ اس لئے جپ کرنے میں وقت اضرور لحاظ رکھ لینا چاہئے جس وقت صبح یا شام بیٹھنے سے طبعیت یکسورہ سکے۔ پرماتما میں دل لگ سکے' ایسا کوئی وقت مقررہ کر لینا چاہئے۔ اور روزانہ اُسی وقت بیٹھنا چاہئے۔

پرانایام وحبس دم کی باقاعدہ مشق

پرانایام میں ناڑی شودھن کی مشق نہایت آسان ہے۔ اسکی مزادلت سے بڑے فائیدے حاصل ہوتے ہیں۔ اسی کی مشق سے عصابی کشافت یعنی ایڑا، گرما بتا لی' پنگلا (رگ آفتابی) اور سکو کھشمنا (رگ لطیف) کی گندگی دور ہو جاتی ہے۔ اس کے ترکیب میں دائیں نتھنے کو انگوٹھے سے بند کرو۔ اور جیسا کہ پورک کی مشق میں بتایا گیا ہے۔ بائیں نتھنے سے ایک پوری اور گہری سانس اندر کی طرف کشید کر۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی تصور کرتے رہو۔ کہ تم اپنی تندرستی میں اضافہ کرنے کے لئے ہوا سے پران یعنی زندگی طاقت ماخذ کر رہے ہو شاسان کی باقاعدگی جاری رکھنے کیلئے اپنے اشٹ منتر کا جاپ یعنی رہ منتر جو کسی گورونے باقاعدہ ہدایت کیا ہو۔ یا اشور کا نام یعنی اسم اعظم جو ایک مرشد یا عمل کی زیر ہدایت ہو جائے۔ دل ہی دل میں جاپ کرتے رہو اب نتھنوں کے بند کر لو۔ اور جتنی دیر سانس کی کشید گی تھی۔ اس سے دگنی دیر تک سانس روکے رہو۔ اس کے بعد بایاں نتھنا بند کر کے دائیں نتھنے سے ریچک کی طرح سانس آہستہ آہستہ باہر کی جانب خارج کرو۔ اس وقت ایک سیکنڈ کے لئے سانس روکنے کی ضرورت نہیں ہے۔ دائیں نتھنے سے سانس خارج کرنے کے دوران میں بایاں نتھنا بند رہنا چاہئے۔ اس کے خارج ہونے کی مدت پورک کی مدت کے برابر ہونی واجب ہے۔ اس کے بعد پھر دائیں نتھنے سے سانس اندر کی جانب کھینچو۔ اور پھر پورک کے دُگنے وقت تک روکو۔ اور بعد بائیں نتھنے سے آہستہ آہستہ اتنی دیر تک خارج کرو۔ جتنی دیر تک پورک میں سانس اندر کی طرف کھینچی تھی یہ عمل ہر موقع پر پہلے تین چار بعدہ پانچ چھ مرتبہ ہونا چاہئے۔ اس شغل کی مزادلت چوبیس گھنٹہ کے اندر چار مرتبہ اعلے الصبح دوپہر شام اور آدھی رات کے وقت لازمی اور مفید ہوتی ہے۔

پرانایام میں وقت کی پابندی

پرانایام شغل علے الصبح اور رات کے وقت کسی سنسان مقام پر کرنا چاہئے اس مشق میں بیٹھنے کی جگہ جس قدر صاف ستھری خوشنما اور شور غل سے پاک ہوگی۔ اس قدر دل سانت اور یکسو ہوگا۔ رشی منی جنگلوں میں اسلئے رہا کرتے تھے۔ شاستر کے اندر پرانایام اور جپ وغیرہ کرنے کی ہدایت سنسان جنگل میں اور ندی یا تالاب کے نزدیک کی گئی ہے۔ اگر آپ کو ایسی جگہ نہ ملے تو گھر کے کسی تنہا حصہ میں جہاں زمین صاف ہو۔ ہوا صاف آتی ہو بال بچوں کا اور عام لوگوں کا شور و شعب نہ ہو۔ کوئی مکھی مچھر وغیرہ کی بھنبھناہٹ بھی ہو۔ اور نہ ہی کسی قسم کی بدبو پڑتی ہو۔ ایسے مقام پر پرانایام اور جپ وغیرہ کرنے کیلئے بیٹھنا چاہئے۔ پرانایام اور جپ کے واسطے علیحدہ کمرہ مل جائے تو بہت اچھا ہے۔ اس مشق کے لئے مقام کو ایسا خوشنما بنالینا چاہئے کہ اس میں جاتے ہی دل خوش ہو اور شانتی کا اثر پیدا ہو جائے اور جپ کرنے کو خود بخود جی چاہنے لگے۔

پرانایام میں غذا کی پابندی

پرانایام اور جپ وغیرہ میں بیٹھنے کا کام ہے۔ جس قدر کام بیٹھنے کے ئیں کمزوری قاضمہ کا مرض پیدا کرنے والے ہیں۔ اس مشق میں کھانا کیا کھانا کس قدر کھانا اور کب کھانا چاہئے۔ ان باتوں کا جس کو ٹھیک علم ہوتا ہے۔ خرابی ناضمہ کیا کوئی بھی مرض اس کے پاس سے کبھی نہیں گذر سکتا۔ غذا کا زیادہ کھانا تندرستی کو برباد کرتا ہے۔ عمر کو گھٹاتا ہے۔ دکھوں کو پیدا کرتا ہے۔ خیلالات کو خراب کر دیتا ہے۔ دُنیا میں بھی برائی ہوتی ہے اس لئے سب سے پہلی بات یہ ہے کہ بھوک سے زیادہ کبھی نہ کھانا چاہئے جپ کرنے والا ہو یا بلا جپ کرنے والا۔ غذا سب کو ہلکی تازہ اور وقت پر تھوڑی کھانا چاہئے اس اصول کی پیروی کرنے والا کبھی بیماری نہیں ہوگا۔ جو مرض کسی دوا یا اور تبیر سے آرام نہ ہوتا ہو۔ وہ جڑ سے جاتا رہے گا۔

ورزش کی پابندی

دُنیاوی زندگی میں ہر ایک انسان کو اور خاص کر جپ کرنے والے کو یا جن لوگوں کو ۶ یا ۸ گھنٹے بیٹھ کر کام کرنا پڑتا ہے۔ ورزش ضروری کرنی چاہئے۔ جو ورزش نہیں کرتا۔ اس کی تندرستی کبھی قائم نہیں رہ سکتی۔ اور جو تندرست نہیں رہتا اس کا دل بھی کبھی خوش نہیں رہتا ہے۔ وہ کوئی کام عمدہ طریقہ سے نہیں کر سکتا۔ اس لئے ہزار کام چھوڑ کر سب سے پہلے جسم کو طاقتور بنانا یہ ہر آدمی کا پہلا فرض ہونا چاہئے۔ کیونکہ جسم ہی دُنیاوی فرائض کو سرانجام دینے اور آخر میں مکتی کو حاصل کرنے کا واحد ذریعہ ہے۔ جو انسان عیش اور لاپرواہی سے جسم کو برباد کر دیتا ہے۔ سب کچھ برباد کر دیتا ہے۔ جو جسم کی حفاظت کرتا ہے وہ سب چیز کی حفاظت کرتا ہے۔ اس لئے تندرستی۔ درازی عمر اور بشاعت کے لئے صاف ہوا اور ورزش ان دونوں چیزوں کی سخت ضرورت ہے۔ جو شخص ہمیشہ خانہ نشین رہ کر کبھی چہل قدمی نہیں کرتا۔ اور چل پھر کر جسم کو حرکت نہیں دیتا وہ قبل از وقت موت کا شکار ہو جاتا ہے۔ ورزش کی کثرت میں سب سے اعلے اور سب سے آسان ورزش پیدل چہل قدمی ہے۔ ایک دو میل نہیں۔ جس قدر گھنٹے بیٹھ کر جپ یا دوسرا کام کرنا پڑے اتنے میل تو ضرور چلنا چاہئے۔ اگر آٹھ گھنٹے بیٹھ کر کام کرنا پڑتا ہے۔ تو آٹھ گھنٹے بیٹھنے والے کو آٹھ میل ضروری چلنا واجب ہے۔ گھر سے چار میل تک جنگل کی طرف چلے جانا اور چار میل واپس آنا یہ کم سے کم ورزش ہے۔ اس زیادہ کرنے والے کو زیادہ فائیدہ ہے۔ جو بام جانے سے مجبور ہیں۔ ان کو گھر ہی میں گھومنے کا طریقہ اختیار کر لینا چاہئے۔

پرانایام کی مشق میں فائیدے

آگے کی معلوماگلے سال کی جنتری میں دی جائے گی............

ذہنی اور جسمانی تندرستی کیلئے یوگ اور پرانایام کی اہمیت

پرانایام کی مشق میں فائدے

پرانایام آجیات کی طرح مفید ہے۔ گھی دودھ پھل اور دیگر مقوی اغذیہ سے انسان کو اتنا فائدہ نہیں پہنچتا جس قدر پرانایام سے پہنچتا ہے۔ اس میں خرچ ایک پائی کا بھی نہیں ہوتا۔ اس کے کرنے سے فائدے بیشمار ہیں۔ پیٹ کے درد، بدہضمی کی شکایت اور کمی اشتہاء کا یہ دشمن ہے۔ کھانسی دمہ اور تپ دق اس کے نام سے دور بھاگتے ہیں۔ کمزوری بددلی اور سستی پرانایام کرنے والے کے پاس پھٹکتی نہیں ہے۔ پرانایام ریاضت اور روشن ضمیری کی برداشت طاقت ہے۔ اس کی روزانہ بلاناغہ مشق کرنے سے شاید امراض دور ہوجاتے ہیں۔ جسم بالکل تندروست ہوجاتا ہے۔ اگر تندروست آدمی کرے تو۔ اس کی عقل طاقت جلال اور عمر میں ترقی ہوتی ہے۔ یہ کم بھی کی بات ہے کہ اس کے کرنے سے کبھی بھی بڑا نقصان ہوجاتا ہے۔ پرانایا سے نقصان کبھی کسی حالت میں جرا سا بھی نہیں ہوتا۔ شری بھگوت گیتا میں لکھا ہے کہ دولن کی ماں عقل ہے۔ جس کی عقل جتنی ہی تیز اور صاف ہوگی اُسی قدر علم اُسی قدر دولت وہ شخص پیدا کریگا۔ اس عقل کو ظاہر کرنے والا جلا دینے والا پرانایام کی طرح کا دوسرا کوئی طریقہ نہیں ہے۔ اس لئے انسان اور کچھ کرے یا نا کرے لیکن پرانایام ہر ایک آدمی کو روزانہ ضرور کرنا چاہئے۔

پرانایا یعنی ضبط انفاس کی مشق

علم تنفس کو پرانایام یعنی مشق ضبط انفاس بھی کہتے ہیں۔ شخصی مقاطیس یا بسی کرن کی طاقت حاصل کرنے کا یہ ایک نہایت اعلٰے اور زبردست طریقہ ہے۔ اس مشق میں اعصاب کی مکمل صفائی ایک ماہ یا اس سے کچھ زیادہ عرصہ میں ہونے لگتی ہے۔ پانچ یا چھ ہفتے کی مشق کے بعد جسم ہلکا معلوم ہونے لگ جاتا ہے۔ سستی اور کاہلی دور ہوجاتی ہے۔ ہر عضو میں چستی آجاتی ہے۔ بشاشت دل میں مسکن بنالیتی ہے۔ اور جسمانی حالت میں ایک انقلاب عظیم واقع ہوجاتا ہے۔ اس مشق میں بعض مرطبہ ایسا بھی معلوم ہونے لگتا ہے کہ بڑی عمدہ خوشبو کسی طرف سے آرہی ہے۔ حالانکہ خوشبو کا کہیں وجود بھی نہیں ہوتا۔ اسکی مشق سے انسان کو دوسرے کے دِل کا حال معلوم ہوجاتا ہے۔ جس کی خبر خد اس کی جات کو نہیں ہوتی۔ اُس کی بدولت آپ تمام دُنیا کو اپنی طرف کھینچ سکتے ہیں۔

پرانایام میں ضروری باتوں کی پابندی

پرانایام کی مشق میں جس کے لئے گھی دودھ وغیرہ طاقتور چیزوں کے کھانے کا مناسب انتظام نہ ہو۔ اس کو بہت زیادہ پرانایام نہ کرنا چاہئے کیونکہ پرانایام سے آکسیجن نامی ہوا اندر جاتی ہے۔ جو سائنس دانوں کے اصول کے مطابق آگ کا جزو ہے۔ یہی ہوا حرارت کو تیز کرتی ہے۔ یہی ہوا سب امراض کو دُور کردیتی ہے۔ اس عمل میں اگر گھی دُودھ نہیں کھایا جائیگا تو پرانایام سے سر درد وغیرہ خشکی کی خرابیاں پیدا ہوجاتی ہیں۔ اس سادھن میں ایک بات اور بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ داہنے نتھنے سے نکلا ہوا سانس گرمی پیدا کرتا ہے۔ اور بائیں طرف سے سردی کی حرارت پیدا ہوتا ہے۔ اس لئے جس وقت گرمی زیادہ معلوم ہو تو داہنے نتھنے سے سانس کھینچ کر بائیں طرف نکال دینا چاہئے۔ اگر سردی زیادہ ہو تو بائیں سے کھینچ کر داہنے نتھنے سے خارج چاہئے۔ منہ کے ذریعہ سے بھی سانس باہر نکال دینا اچھا ہے۔ لیکن کھینچنا ہمیشہ ناک کے ذریعہ اچھا ہوتا ہے۔ کیونکہ ناک کے چھیدوں میں جھلی ہے۔ جس میں سے ہوا چھن کر اور صاف ہوکر اندر پہنچتی ہے۔ جو ہوا ہمارے اندر بھری رہتی ہے۔ وہ گندہ نا صاف بیماری پیدا کرنے والے اور بالکل نقصان دہ ہوتی ہے۔ اس کو باہر نکال دینا اور صاف ہوا جسم میں جس قدر ممکن ہو بھر دینا ہی پرانایام کا خاص مقصد ہے۔ اسی لئے جنگل تالاب باغ باغیچہ وغیرہ مقامات پر جہاں صاف اور پاک ہوا کسرت سے دستیاب ہوسکے۔ پرانایام کرنا خاص طور پر مفید ہوتا ہے۔

پرنایام کے سلسلے میں چند ضروری مشقیں

پرانایام کے سلسلے میں اب ہم ایسی چند مشقوں کی حدایت کریں گے جن سے قواء جسمانی اور روحانی انکشاف میں طاقت اور توانائی حاصل ہوتا ہے اسی مشق میں دماغ اور پٹھے دونوں چیزوں سے کام لیا جاتا ہے۔ وہ خیالات جو روشن ضمیری اور انکشاف تلب میں پراگندہ اور منشر کرنے والے ہوتے ہیں۔ دماغ سے خارج ہوجاتے ہیں۔ ان مشقوں میں اور ریاضت پرانایام میں فرق صرف اتنا ہے کہ اس میں دماغ سے بھی قریب قریب اسی قدر کام لیا جاتا ہے جتنا پٹھوں سے لیا جاتا ہے۔ اسی میں یکسوئی اور قوت ارادی دونوں کی مشق ساتھ ساتھ ہوتی ہے۔ یہ دونوں ایسی چیزیں ہیں جن کے بغیر ہر ایک طریقہ ریاضت بالکل بے سود ہوتا ہے۔ ان مشقوں میں دماغ کو یکسو کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ جب تک دماغی یکسوٹی نہ ہوجائے۔ اس وقت تک ان کو عمل میں لانا منع ہے۔ ان ریاضتوں کے کرنے سے کھوئی ہوئی تندرستی واپس ملتی ہے۔ اور ساری دماغی اُلجھن دور ہوجاتی ہے۔

پرانایام کے سلسلے میں پہلی مشق

جن شخصوں کے کمزور معدے ہیں۔ وہ سیدھے کھڑے ہوکر بازوؤں کو اس طرح پھیلا دیویں کہ وہ ایک خطہ مستقیم میں رہیں۔ اس کے بعد اپنے سارے جسم کو بائیں طرف موڑ کر گھما دیویں۔ پاؤں کی حرکت اس مشق میں ایک ہی جگہ بے جنبش رہے۔ اس کے بعد پھر پہلی مرتبہ کی مانند دائیں طرف کو بدن موڑ لیویں۔ یہ جسم کا دائرہ حرکت کئی مرتبہ عمل میں لانا چاہئے۔ اس مشق میں پاؤں کی حالت میں

فرق نہ واقع ہونے پائیں۔ وہ ایک ہی جگہ پر قایم رہیں۔ اس عمل کے دوران میں تمہیں برابر اس خیال پر طبیعت کو یکسو کرنا چاہئے۔ کہ تمام قواۓ ہاضمہ میں حرکت ہو رہی ہے۔ اور ان کو نہایت سرعت کے ساتھ فائیدہ پہنچ رہا ہے۔

دوسری مشق

اس مشق سے تمام پٹھوں کی ورزش ہو جاتی ہے۔ یہ مشق بہت آسان ہے اور ساتھ ہی ساتھ نفیس بھی ہے۔ اس مشق سے اپنے دونوں پاؤں ایک ساتھ جوڑ کر اور ہاتھوں کو ران پر رکھ کر سیدھے کھڑے ہو جاؤ۔ اس کے بعد رانوں کو جھکا کر جسم کو رفتہ رفتہ نیچے لے آؤ۔ اس مشق کے ساتھ اپنے دِل میں اعصاب کا تصور کرتے رہنا اور تمام طاقت خرچ کر کے اُن پر زور پہنچانا چاہئے۔ اس کے بعد پھر پہلی سی حالت قایم کرو۔ یہ ہی عمل متواتر جاری رکھو جب تک تھک نہ جاؤ۔ اس مشق سے دِل میں یہ تصور کرو کہ ہر ایک پٹھے کے متعلق اس میں حرکت ہو رہی ہے۔

تیسری مشق

اس مشق میں پور طاقت سے کام لیکر گہری سانس لی جاتی ہے۔ جس سے پھیپھڑوں میں صاف ہوا بھر جاتی ہے۔ اس کے بعد اتنی ہی طاقت سے سانس کو باہر نکالنے میں جس سے پھیپھڑے بالکل خالی ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح سانس کی اندرونی اور بیرونی کشید متواتر جاری رہنے سے خون میں ایک نہیں حرکت پیدا ہو جاتی ہے۔ خون تمام جسم میں دور جاتا ہے۔ اور جراثیم امراض دُور ہو جاتے ہیں۔ اس میں محض دریا یا کسی اور چیز کی طرف رُخ کر کے جدھر سے صاف ہوا آ رہی ہے۔ اسی طرح کھڑے ہوتے ہیں۔ کہ سینہ بھرا ہوا رہے اس کے بعد نتھنے کے ذریعہ سے آہستہ آہستہ حتے المکان بڑی دیر تک ایک نہایت سانس کھینچی جاتی ہے۔ جس سے پھیپھڑوں میں ہوا جمع ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد فوراً ہی آہستہ آہستہ حتے المکان پوری ہوا باہر نکال دی جاتی ہے۔ یہ مشق نہایت سادا ہے اور اس میں ذرا بھی وقت نہیں واقع ہوتی۔ اس کو عمل میں لانے سے انسان کی تندروستی میں اضافہ ہوتا ہے۔ عمراض کہنے کے جراثیم مرجاتے ہیں۔ اور قسم قسم کی بیماریاں دُور ہو جاتی ہے۔

چوتھی مشق

جس جانب سے صاف ہوا آ رہی ہے۔ اُدھر منہ کر کے سیدھے بیٹھ جاؤ اگر پدم آسن سے بیٹھا جائے تو بہتر ہے۔ اسکے بعد پھر ہونٹوں کو اس طرح آگے نکال دو جیسے سیٹی بجانے میں کیا جاتا ہے۔ دونوں ہوٹوں کے درمیان ذرا سا سوراخ رہنا چاہئے۔ پھر منہ سے آہستہ آہستہ سانس کو نکال دو۔ اندر کی طرف سانس لینے میں ایک آوازسی پیدا ہوتی ہے۔ اس مشق سے خون غیر معمولی طور پر صاف ہو جاتا ہے۔ تلی کی بیماری اور پرانے بخار کے لئے یہ عمل نہایت ہی فائیدہ مند ہے۔ اگر بھوک کم لگتی ہو یا خون میں زہر دور گیا ہو تو اس عمل کے کرنے سے شکایت دُور ہو جاوے گی۔ درد قولنج کے دفیعۃ میں یہ ایک نہایت انگیز علاج ہے۔ یہ مشق دِن تین چار مرتبہ اگر دِل چاہے تو اسے بھی زیادہ مرتبہ کی جا سکتی ہے۔ ایک مشق میں دس یا بارہ منٹ ...... سے ...... زیادہ وقت ...... صرف ...... نہ ...... کرنا چاہئے۔

پانچویں مشق

جو مشق اُوپر بیان کی گئی ہے۔ اُسکے موافق سیدھے بیٹھ کر ہونٹوں کے ذریعہ سے اندر کی طرف سانس لو۔ جس سے آواز نکلتی ہو۔ اس میں ہونٹ باہر نکالنے کی ضروری نہیں۔ ہونٹ بند کر لینا چاہئے۔ اس قدر صرف گنجائش ہے۔ کہ سانس صرف اندر کھینچی جائے۔ اس کے بعد پھر نتھنوں کے ذریعہ سے جس قدر بھی ہو ممکن ہو سانس باہر کی طرف نکال نا چاہئے۔ جتنے کے معدہ اور پیٹ پیٹھ سے مل جائے۔ روزانہ دو یا تین مرتبہ یہ عمل کرنے سے مختلف امراض کے جراثیم مرجاتے ہیں۔ اور بیماری پاس تک نہیں آسکتی۔ انسان طاقتور خوبصورت اور بشاش نظر آنے لگ جاتا ہے۔ کاہلی غنورگی اور اپاہج پن مٹ جاتا ہے۔ یہ مشقیں جو بتائی گئی ہیں۔ ان کے دوران میں اندر کی طرف سانس لیتے وقت اپنے دِماغ کے اندر یہ تصور جما لینا چاہئے کہ تم آبِ حیات پی رہے ہو۔ تمہارے بدن میں عالمگیر طاقت زندگی ہوا کے ذریعہ سے پہنچ رہی ہے۔ اور جذب ہو کر تمام امراض جسمانی کی بیخ کنی پر مائیل ہے۔ اگر کوئی عارضہ لاحق ہو تو اس عارضیہ کے دفعیہ کا تصور کرنا چاہئے۔ سانس کی باہر کے کشیدہ کے دوران میں خیال کرنا چاہئے کہ جسم سے تمام مادا فاسد باہر نکل رہا ہے۔ اور اجزا کے جسم میں پہنچ جانے سے بیماری پیدا ہو گئی تھی۔ وہ قطعاً خارج ہو رہے ہیں۔

چھٹی مشق

دنیاوی ضروریات اور غسل فارغ ہو کر منہ ہاتھ دھونے کے بعد جہاں تاجہ صاف ہوا ہو۔ جہاں جوئی ذیروح آ کر اس خاموسی میں خلل انداز نہ ہو سکے۔ مشرق کی طرف رک کر کے پلتھی مار کر بیٹھ جاؤ۔ یا جی چاہے تو کھڑے رہو۔ سر گردن اور جسم ایک سیدھ میں کرلو۔ اگر کھڑے ہو تو منہ تھوڑا آگے کو نکال دو اور دونوں کاندھے کچھ پیچھے کی طرف پھینک دو۔ کھڑے ہوئے کی صورت میں جسم کے کسی حصہ پر کسی قسم کا دباؤ نہ ڈالو اب پہلی مرتبہ زور سے سانس کو زور سے باہر نکال کر آہستہ آہستہ پھر نتھوں کے ذریعے سے اندر کی طرف کشید کرو۔ جس سے پھیپھڑے باکل بھر جائیں۔ اس کے بعد پھر آہستہ آہستہ سانس کو باہر نکالتے رہو اور اندر کھینچتے رہو۔ سانس باہر نکالتے وقت یہ دیکھ لو کہ پیٹ بالکل پیٹھ سے لگا گیا ہے۔ اور سانس اندر لیتے وقت ایسا معلوم ہونا چاہئے کہ تمام جسم میں ہوا بھر رہی ہے بدن پھول رہا ہے اور مضبوط ہو رہا ہے۔ سانس لیتے وقت آہستہ آہستہ اپنے دونوں ہاتھ اُوپر اُٹھاتے جانا چاہئے۔ جس سے آپکو مشق کا وقت معلوم ہوتا جائے۔ اس کے بعد اپنے اُٹھے ہوئے ہاتھوں کو آہستہ آہستہ

نیچے کھینچتے جانا چاہئے۔ حتےٰ کہ وہ پاؤں کے انگوٹھوں سے چھو جائے۔ ایسا کرنے میں نہ تو زانو جھکنے پائیں اور نہ ہی سانس باہر نکلنے پائیں۔ اس طرح سے دوبارہ اپنے ہاتھ اُٹھا کر اُس طرح سر کی طرف لے جائیں اور سانس آہستہ آہستہ اندر کی طرف کھینچتے جائیں اسکے بعد پھر جب ان کو نیچے کی طرف اُتاریں تو ساتھ ساتھ پھیپھڑوں سے ہوا بھی خارج کرتے جائیں۔ جب پھیپھڑے ہوا سے بالکل بھر جائیں تو ناک سرے کی طرف ٹکٹکی جما کر دیکھیں اور اپنے دِل میں یہ خیال کو استحکام کے ساتھ داخل ہونے کی جگہ دیں۔ کہ آپ کے اندر ایک نہایت زبردست شخص مقناطیس سرایت کر رہی ہے۔ جس کی کشش کا تمام دُنیا مقابلہ نہی کر سکتی۔ اس مشق کو پرانایام کہتے ہیں۔ اس مشق کے اندر شروع شروع میں پورے عمل میں ایک منٹ سے زیادہ وقت نہ لگنا چاہئے۔ مہینہ پندرہ دِن کرنے سے عمل کرنے میں بڑی آسانی ہو جاتی ہے۔ کم از کم نصف گھنٹہ صبح اور نصف گھنٹہ شام کے وقت یہ عمل جاری رکھنا چاہئے۔ جتنی طاقت مشق سے بڑھتی اور عادت پڑتی جائے نہ آپکو اُسکی مدت میں اسی حساب بیسی کرنے کا بھی اختیار ہے۔ اس مشق میں باقاعدگی ہونی چاہئے۔

پرانایام کی ساتوی مشق

دُنیاوی ضروریات و اشنان سے فارغ ہو کر صبح کے وقت ایک علیحدہ کمرہ میں بیٹھ جائیں۔ اُس وقت آپ یہ خیال دِل میں جمالیوے کہ یہ کمرہ وہ خلوت خانہ ہے۔ جہاں صرف خدا اور انسان کی ملاقات ہو سکتی ہے۔ اسکے بعد پھر نتھنوں کے ذریعہ سے ۶ مرتبہ گہری سانس باہر اور اندر کی طرف لے جائیں۔ منہ کے ذریعہ سے کبھی سانس نہ لیویں۔ دماغ کو یکسوں بنا لیویں ایک سانس باہر نکال کر ذرا سی دیر تک باہر ہی روک لیویں۔ پھر آہستہ آہستہ کھینچ لیویں۔ پھر اسی طرح ذرا سی دیر اندر ہی روک کر آہستہ آہستہ اُوپر لے جائیں۔ ایڑیاں دیوار سے لگا دیویں۔ سر ہتھیلیوں پر رہے جسم کا توازن کہنیوں سے تراش کریں۔ اس مشق کی موازلت میں ماہ تک برابر ہونی چاہئے۔

پرانایام کی آٹھویں مشق

پرانایام کی مشق کے لئے ایک کمرے میں جا کر سب کپڑے اُتار ڈالیں جس سے جسم کی ہر کت میں کسی قسم کا ہرج واقع نہ ہونا پائے۔ اسکے بعد ایک گہری سانس لیوے جس سے پھیپھڑے بالکل بھر جائیں۔ پھر سینے کو پھیلاوٹ دیویں۔ اور شکم اندر کی طرف کھینچے۔ اس کے بعد چند سکنڈ بعد سینا سکوڑ لیویں۔ پھر شکم پھیلا دیں اور سانس کو اندر قائیم رکھیں۔ سانس اس طرح اندر کے رہنے کی حالت میں آپ کو کم از کم پانچ مرتبہ علےٰ متواتر سایہ پھیلانا اور شکم سکڑنا چاہئے۔ ایک ایک منٹ کا وقفہ دیکر کم از کم نفص گھنٹہ روزانہ اسکی مشق جاری رکھنا چاہئے۔ اس قسم کی اندرونی مشق سے نابھی کنوں کو بہت تقویت پہنچتی ہے۔ جو ایک زبردست مرکز مقناطیسی کشش کی ہوتی ہے۔ اس مشق میں دوسروں پر اثر کرنے اور دوسروں کا اثر قبول کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

پرانایام یعنی ضبط الفاس کی مشق

پرانایام کی اس مشق کے دوران میں مقناطیسی کشش کی نشونما کی خواہش مظبوطی کے ساتھ آپ کے دِل میں قائم ہونی چاہئے۔ اس مشق میں باقاعدگی روزانہ بلاناغہ جاری رکھنی واجب ہے۔ جب نابھی کنول میں پران یعنی زندگی کی طاقت اس طرح ترقی کرنے لگتی ہے تو اس سے خیال کی لہریں کشش ہونے لگتی ہیں۔ جن کا آخرکار ماتحت باخبری کی دُنیا میں اثر ہوتا ہے۔ اس سے فوراً مطلوبہ حالت پیدا ہونے لگتی ہے اس مطلوبہ حالت میں اس طرح زیادتی تربیت کے آغاز کے ساتھ نو مہینے تک آپکی مشق کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اگر آپ راستی اعتقاد سے شوق کے ساتھ کام کرنے والے ہیں تو اس ارسہ میں بلا مزاحمت ایک زبردست مقناطیسی شخصیت پیدا ہو سکتی ہے جس کی بدولت آپ تمام دُنیا کو اپنی طرف کھینچ سکتے ہیں۔

پرانایام کی نویں مشق

پرانایم کی یہ مشق کرنے سے جب آپکی شخصیت میں مقناطیسی کشش پیدا ہو جائے تو۔ یہ نہ سمجھ لینا چاہئے کہ یہ کمال یہیں پر ختم ہوا ہے۔ یہ محض ایک قوس کا نقشہ ہے۔ اس کا مکمل دائرہ ابھی بنا ہی نہیں ہے اس دائرے میں مخفی شخصیت کی نشو نما کرنے کے بعد (اشفراق) کا عمل کرنا پڑتا ہے۔ اس عمل میں تقریباً ۱۵ منٹ تک راستی اور پورن اعتقاد سے مشق کرنی چاہئے۔ پرانایام کا اس مشق میں آپ ایک ایسے کشادہ میدان میں یا کبھی ایسے کمرہ میں چلے جائیں جہاں آپکے بنا دوسرے کی آمد و رفت نہ پائی جائے آپ اس مشق کے لئے ایک ایسی جگہ پسند کر لیوں جو شور و شعب سے دُور ہو اور سناٹے کا جہاں عالم ہو جہاں کوئی زیرج آکر اس خاموشی میں خلل انداز نہ ہو سکے وہاں آپ پدم آسن سے بیٹھ جائیں۔ تو بہتر ہے۔ ورنہ اسی طرح بیٹھے کہ نست میں کسی قسم کی بھی تکلیف معلوم نہ ہوں اسکے بعد پرانایام کیجئے۔ اس مشق میں کم سے کم دس سانس باہر اور اندر کی طرف لینا ایئے۔ یعنی ایک سانس باہر نکال کر ذرا سی دیر تک باہر ہی روک لیویں۔ پھر آہستہ آہستہ کھینچ لیویں اسی طرح ذرا سی دیر اندر ہی روک کر آہستہ آہستہ باہر نکال دیویں۔ یہ ایک پرانایام ہوگا۔ اسی طرح دس پرانایام کرنا چاہئے۔ اسکے ساتھ ہی ساتھ مقدس گائتری منتر یا اوم منتر کا جاپ کرتے رہنا چاہئے۔ یہ منتر سانس کے ساتھ ساتھ جاری رہنا چاہئے۔ اس سے آپ کے دل و دما کو سکون حاصل ہوگا۔ اسکے بعد آپ کو ہوشیاری کے ساتھ پاؤں کے بل کھڑا ہو جانا چاہئے اور اپنے سامنے ایک آئینہ رکھ کر اسمیں اپنے عکس کے ساتھ بات چیت کرنی چاہئے۔ جو کچھ آپ کہنا چاہتے ہو کہئے۔ خواہ وہ باتیں غیر معمولی۔ خواہ معمولی لفظ لیکن ہر جملے سے پہلے خوب غور کر لینا چاہئے۔ اس کے بعد اس کو مظبوط مکمل اور اُو پر اعتماد لہجہ میں ادا کرنا چاہئے۔ ہر ایک رکن لفظی کو بار بار دوہرانا اور اس کو خوب موثر دینا واجب ہے۔ اس مشق میں آپ واقعی موثر حرکات سے ایک دوسرے شخص سے ہم کلام ہو رہے ہیں۔ مقناطیسی شخصیت کی نشونما اور اس کے قیام و قرار کیلئے یہ مشق شاندار اور مفید ہے۔

قابل یاد رکھنے کے مفید عالم ٹوٹکے

☆ بکری کے دودھ میں ادرک کا رس ملا کر پینا متلی کے لئے مفید ہوتا ہے۔ ☆ قوت ہاظمہ خراب ہو جائے تو ادرک کا چاٹنا مفید ہوتا ہے۔ ☆ عورت کو بوقت تولید تکلیف ہو تو زعفران ایک تولہ ہاتھ میں رکھنے سے فوراً وضع حمل ہو جاتا ہے۔ ☆ گدھی کے سم کی دھونی حاملہ کو دی جائے فوراً وضع حمل ہو جاتا ہے۔ ☆ روغن زیتون اور لیموں کا رس برابر وزن ملا کر چہرہ پر لگایا جائے تو چہرہ نہایت صاف اور ملائم ہو جاتا ہے۔

☆ پان کھانے میں چونا سے منہ جل جائے تو سرسوں کا تیل اوپر ملنا جلن کو دور کر دیتا ہے۔ ☆ ہاتھی دانت کی خالص چوڑیاں بچہ کے دونوں ہاتھوں میں ڈال دینے سے بچہ نہایت آسانی کے ساتھ دانت نکال لیتا ہے۔

☆ لیموں کا رس صاف پانی میں ملا کر بالوں کو دھویا جائے تو بال نہایت ملائم اور چمکدار ہو جاتے ہیں۔ ☆ پیشاب بند ہو تو زعفران کی ایک تار آلہ تناسل کے منہ میں رکھنے سے فوراً پیشاب آجاتا ہے۔ ☆ صندل سفید اور کافور ملا کر لگانے سے درد شقیقہ کو فوراً آرام ہو جاتا ہے۔

☆ لیموں کی شکنجبین یا ملائی دار دہی کی لسی پینے سے پیاس کم ہو جاتی ہے۔ ☆ کافور یا سرکہ کھانے سے شراب کا خمار بالکل اُتر جاتا ہے۔ ☆ نیم کے پتے گھی میں جلا کر زخم پر لگائی جائیں زخم کو بیحد فائیدہ ہوتا ہے۔ چونا اور سیاہی ملا کر زخم پر لگائی جائے تو زخم کو بیحد فائیدہ پہنچتا ہے۔ ☆ عطر گلاب گرم کر کے کان میں ڈالنے سے کان کا درد دور ہو جاتا ہے۔ ☆ گلے میں درد ہو تو سرد پانی میں نمک اور کاربونیٹ آف سوڈا ملا کر غرغرے کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ حلوہ کدو کا چھلکہ شالی چاول کے ساتھ جوش دیکر دودھ کے ہمراہ کھانے سے شیر خوارہ والدہ کا دودھ بڑھ جاتا ہے۔ بدن کسی جگہ سے چھل جائے تو اوپر مکھن دینے سے درد دور ہو جاتا ہے۔

☆ مسوڑھے نازک ہوں اور خون نکلتا ہو تو گرم پانی سڑاین ملا کر کُلیاں کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ پیاز کو نمک میں دبا کر مسہ پر مالش کریں تو مسہ جاتا رہتا ہے۔ ☆ مچھر کاٹنے کی جگہ پر صابن کے ٹکڑے کو ذرا سا پانی میں تر کر کے ملا جائے تو خارش بند ہو جاتی ہے۔ ☆ پیاز کو گائے کے گھی میں جلا کر نیمگرم بواسیر کے مسوں پر لگایا جائے تو درد فوراً بند ہو جاتا ہے۔ ☆ مولی کے سبز پتے ایک تولہ آدھ سیر ٹھنڈے پانی میں گھوٹ کر پئے جائیں شراب کا نشہ اُتر جاتا ہے۔

☆ مولی اور دہی ایک ساتھ کھانے سے قولنج کا اندیشہ ہو جاتا ہے۔

☆ مچھلی یا دودھ یا رس نیشکر یا شہد سے بدام پر جس اور قولنج کا خوف ہوتا ہے۔ ☆ یفون اور سونٹھ پیس کر نمک ملا کر پیشانی پر لگادیں تو دردسر کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ کالی مشرح گھی ملا کر کھانا۔ تر پھلا کے پان چنئے۔ ضعف بصارت کیلئے مفید علاج ہے۔ ☆ عرقی لیموں میں زرد کوڑی کی راکھ ملا کر کان میں ڈالیں یا میٹھے تیل میں ہنس جلا کر کان میں ٹپکا دیں تو کان درد بند ہو جاتا ہے۔

☆ پھٹکری اور نیلا تھوتا ملا کر رال نیچے کو ٹپکایا جائے تو منہ میں چھالوں کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ چونا کا پانی اور دودھ ملا کر پیا جائے تو قے اور بدہضمی کو آرام ہو جاتا ہے۔ ☆ شد کی جڑ کی چھال اور مشرح سماہ ادرک کے رس میں گولی باندھ کر استعمال کریں تو ہیضہ کی مرض کو دور کرتا ہے۔ ☆ تر پھلا پھانک کر اوپر سے دودھ پی لیا جائے تو قبض دور ہو جائے۔ ☆ بھیڑ کا دودھ لاف میں بھرنا مرض اسہال کے لئے بہترین علاج ہے۔ پھٹکری کا پلاس لیکر سر میں پانی ڈالنی نکسیر کو بند کرتا ہے۔

